www.dailybolan.com
MEMBER APNS | ABC CERTIFIED | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | حب کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
جلد 37 | بدھ 4 نومبر 2026، بمطابق 23 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ 326

شنگھائی تعاون تنظیم کی ترجیحات میں آئی ٹی، علاقائی روابط، نوجوانوں کا اشتراک شامل ہے: وزارت خارجہ

قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں پاک-افغان تعلقات، وزیراعظم کے دورہ اقوام متحدہ اور اہم سفارتی امور کا جائزہ لیا گیا، ان کیمرہ بریفنگ دی گئی

ایس سی او اور ای سی او میں سفارتی روابط کو ٹھوس معاشی مواقع میں تبدیل کرنا ہوگا، علاقائی روابط، معاشی مواقع اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے لیے فعال سفارت کاری کی ضرورت ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خارجہ نے پاکستان کے پہلی مرتبہ شنگھائی تعاون تنظیم کی قیادت سنبھالنے سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت مصنوعی ذہانت، علاقائی روابط اور نوجوانوں کی شمولیت ترجیحات میں شامل ہیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور کا اجلاس چیئرمین کمیٹی آغا شاہزیب درانی کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں شیری رحمان، روبینہ قائم خانی، انوشہ رحمان اور عامر ولی الدین چشتی نے شرکت کی، اجلاس میں پاک-افغان تعلقات، وزیراعظم کے دو (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

وزیر اطلاعات سے سعودی سفیر کی ملاقات، مشترکہ ورکنگ گروپ کے قیام پر گفتگو

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان میڈیا، ثقافت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں ممالک کے درمیان مکہ دفاعی معاہدہ دفاعی تعاون کے حوالے سے مضبوط شراکت داری کا عکاس ہے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب نے اطلاعات، (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

ایران کا امریکی ڈرون مار گرانے اور 2 جاسوس ڈرونز ناکارہ بنانے کا دعویٰ


تہران (این این آئی) پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

جنگ روکنے کیلئے اب فیصلہ امریکا کے ہاتھ میں ہے، محمد باقر قالیباف

واشنگٹن کی جانب سے کسی بھی تزویراتی غلطی کے نتیجے میں امریکی فوجیوں کو ایک نئے محاذ کا سامنا کرنا پڑے گا

ایران نے امریکی فریق کو ایک مضبوط اور معقول جواب دیا ہے اور اب جنگ روکنے کے لیے گیند امریکا کے کورٹ میں ہے، خطاب

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)


وزیراعظم شہباز شریف سے وفد ملاقات کر رہا ہے

ضلع کیچھی میں دہشتگردوں نے شہر کی سڑک بلاک کرنے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے ناکام بنادی: آئی ایس پی آر

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں

17 دہشتگرد ہلاک
1 اہلکار شہید

سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی جانب سے شہر میں روڈ بلاک کرنے کی کوشش ناکام بنادی، آپریشن کے نتیجے میں 10 بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد ہلاک ہوئے، آئی ایس پی آر

17 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانا فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع کچھی اور خاران میں دو انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے جس کے نتیجے میں سترہ دہشتگرد مارے گئے۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان اور فتنہ خوارج کے 17 دہشت گرد ہلاک کیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے دونوں کارروائیاں یکم نومبر کو کی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کچھی ضلع کے علاقے سنی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطا (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

گلگت بلتستان میں ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ (ن) کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہیں: احسن اقبال

وفاقی حکومت وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں خطے کی توانائی، مواصلات اور بنیادی ڈھانچے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے تاریخی منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے

ماضی میں شروع کیے گئے اہم منصوبوں کو بھی تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں جاری ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ (ن) کی عوامی خدمت، ترقیاتی وژن اور عملی کارکردگی کا واضح ثبوت ہیں، وفاقی حکومت وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں خطے کی توانائی، مواصلات اور بنیادی ڈھانچے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے تاریخی منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے، ماضی میں شروع کیے گئے اہم منصوبوں (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

امریکی شرائط کی ہنرمندی سفارتکاری نہیں، میزائلوں کی زبان سمجھتے ہیں: ایران

پاسداران انقلاب کی بحری اور فضائی فورسز خراج تحسین کے لائق ہیں، ابراہیم رضائی

قومی سلامتی و خارجہ پالیسی کمیٹی کے ترجمان ابراہیم رضائی نے امریکا پر سخت تنقید کی ہے

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی و خارجہ پالیسی کمیٹی کے ترجمان ابراہیم رضائی نے امریکا پر سخت تنقید کی ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ امریکیوں نے ثابت کردیا ہے کہ وہ سفارت کاروں کی نہیں بلکہ میزائلوں کی زبان بہتر سمجھتے ہیں۔ (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم کا پاکستان اور چین کے درمیان معدنیات، کان کنی میں تعاون پر زور

چینی سفیر جیانگ ژائی ڈونگ کی وزیراعظم سے ملاقات، خطے کی صورتحال اور دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

دورہ چین کے دوران طے پانے والے اہم فیصلوں اور مفاہمتوں پر عملدرآمد کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) عوامی جمہوریہ چین کے پاکستان میں سفیر جیانگ ژائی ڈونگ نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر شاہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ بھی شریک تھیں۔ وزیراعظم نے عوامی جمہوریہ چین کے صدر عزت مآب شی جن پنگ اور وزیراعظم لی چیانگ کے لیے اپنی نیک تمناؤں اور پرتپاک جذبات کا اظہار (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)


اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار وزارت خارجہ میں بینکاری کی چینلز کو مضبوط بنانے اور صنعتی شعبے کو سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت کی مکمل توجہ معاشی استحکام قائم کرنے پر ہے، محمد اورنگزیب

پاکستان کی افرادی قوت کو تیزی سے بدلتی عالمی معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے

عالمی بینک کا پاکستان کے ساتھ تعاون لائق ستائش، افرادی قوت کو جدید تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، وزیرخزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے عالمی بینک گروپ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ دیرینہ اور پائیدار تعاون کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی افرادی قوت کو تیزی سے بدلتی عالمی معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، وہ بدھ کو یہاں عالمی بینک گروپ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے جس کی قیادت انسانی ترقی (صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ) کی نائب صدر ممتا مورتی کر رہی تھیں۔ عالمی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر بولور ما آمگا بازر، انسانی ترقی کی علاقائی ڈائریکٹر کیکو اینوئی، ہیلتھ پریکٹس مینیجر ین ورکی اور آئی ایف سی کے ڈائریکٹر (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)


چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے وکلاء کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بڑھتی ہوئی آبادی صحت کے وسائل پر دباؤ ڈال رہی ہے: مصطفیٰ کمال

وزیر صحت سے ورلڈ بینک گروپ کی نائب صدر برائے پیپلز وائس ممتا مورتی کی ملاقات

حکومت پاکستان موجودہ ہیلتھ کیئر سسٹم کو حقیقی معنوں میں ایک مؤثر اور عوام دوست نظام صحت میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے، وزیرصحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے ورلڈ بینک گروپ کی نائب صدر برائے پیپلز وائس ممتا مورتی نے ایک اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ وفد میں ورلڈ بینک کے سینئر حکام، پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر، علاقائی نمائندگان اور صحت کے شعبے کے ماہرین شامل (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

پنجاب میں غنڈہ گردی، بھتہ خوری کے خلاف شکنجہ سخت

نیا اینٹی سوشل پرسن قانون متعارف کرانے کی تیاری

پنجاب میں غنڈہ ایکٹ 1959ء کی جگہ نیا سخت قانون لانے کا فیصلہ

عادی مجرموں کے بینک اکاؤنٹس منجمد، شناختی کارڈ بلاک کرنے کی تجویز

پولیس کو جدید الیکٹرانک نگرانی اور سرویلنس کے اختیارات فراہم کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے غنڈہ گردی، بھتہ خوری اور گینگ سرگرمیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے پرانے غنڈہ ایکٹ 1959ء کی جگہ نیا سخت قانون متعارف کرانے کی تیاری شروع کردی۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ قانون کے تحت عادی مجرموں کو (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

نوجوان نسل نے مستقبل میں ملک کی قیادت سنبھالنی ہے: سردار ایاز صادق

اسپیکر سردار ایاز صادق کی تاریخی اصلاحات، کفایت شعاری اور ادارہ جاتی جدت کے ذریعے 4.5 ارب روپے کی بچت

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کا جامع اصلاحاتی پروگرام، موجودہ مالی سال کے بجٹ میں 27.3 فیصد بچت حاصل کی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی وژنری قیادت میں قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے رائٹ سائزنگ، مالی نظم و ضبط اور ادارہ جاتی جدت پر مشتمل ایک جامع اصلاحاتی پروگرام کامیابی سے نافذ کیا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد کارکردگی بہتر بنانا، شفافیت بڑھانا اور عوامی وسا (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

خلیجی خطے میں جاری کشیدگی اور بحری راستوں میں رکاوٹوں کے باعث پاکستان کی سمندری تجارت میں نمایاں بہتری

نیا ٹرانس شپمنٹ کارگو متعدد بحری جہازوں کے ذریعے پاکستان پہنچے گا، تیسرا جہاز جون کے پہلے ہفتے میں متوقع ہے

لاہور (این این آئی) خلیجی خطے میں جاری کشیدگی اور بحری راستوں میں رکاوٹوں کے باعث پاکستان کی سمندری تجارت میں نمایاں بہتری دیکھی جا رہی ہے جبکہ کراچی اور گوادر بندرگاہوں کی علاقائی اہمیت میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ عرب نیوز کے مطابق (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

اپنے بیان پر قائم ہوں، پنجاب میں کرپشن ہو رہی ہے، چوہدری سالک حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ پنجاب میں کرپشن ہونے والے اپنے بیان پر قائم ہوں، اللہ غرور اور تکبر سے بچائے۔ (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

اسحاق ڈار سے جماعت اسلامی کے وفد کی ملاقات

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور عوام کو ریلیف دینے کے اقدامات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ قومی معیشت کو درپیش چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کے مابین مسلسل مکالمہ کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ و اسپیکر غائب ہیں، سیاسی تناؤ مزید نہیں بڑھنا چاہیے، بیرسٹر گوہر

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ یہ عجیب منطق ہے کہ وزیراعلیٰ اور اسپیکر غائب ہیں۔ (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

سعودی عرب کا گوادر سمیت پاکستان کے بحری شعبے میں سرمایہ کاری کا عندیہ

سعودی وژن 2030ء، پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات میں تعاون کے وسیع امکانات ہیں، وزیر بحری امور

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے گوادر سمیت پاکستان کے بحری شعبے میں سرمایہ کاری کا عندیہ دیدیا ہے۔ (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ میں اگر کسی کو گردہ چاہیے تو پنجاب سے آسانی سے مل جاتا ہے، سپریم کورٹ

پنجاب والے اپنا دل گردہ ہاتھ میں لیکر کیوں گھومتے ہیں؟ سپریم کورٹ جج کے دوران سماعت ریمارکس

پنجاب میں 18 سے 20 لاکھ کا با آسانی گردہ مل جاتا ہے، لوگوں کی غربت کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے، جسٹس ہاشم کاکڑ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں دھوکا دہی کے ذریعے (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

انتخابی اصلاحات کمیٹی، حکومت کا تحریک انصاف سے رابطہ

پارلیمانی کمیٹی تشکیل کا معاملہ طارق فضل کا عامر ڈوگر سے ٹیلیفونک رابطہ

اپوزیشن اسپیکر کو پارلیمانی کمیٹی میں شمولیت کیلئے نام جلد بھجوائے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کے معاملے پر پی ٹی آئی کے چیف وہپ عامر ڈوگر کو ٹیلیفون کردیا۔ ذرائع کے (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

مریم نواز کا وفاقی وزیر چوہدری سالک کو ہرجانے کا نوٹس بھیجنے کا اعلان

چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں

اگر ان کے پاس ثبوت ہیں تو سامنے لائیں، ورنہ عدالت میں لے کر جاؤں گی، وزیراعلیٰ پنجاب

اٹک (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے چوہدری سالک (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

آئی ایم ایف کا شارٹ فال پر اظہار تشویش، ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز

عالمی مالیاتی ادارے کا 15 ہزار 264 ارب کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے ٹیکس ریونیو میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شارٹ فال پورا کرنے کے لیے ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز دے دی ہے۔ (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

سعودی سفیر کی وزارت مذہبی امور آمد، دوطرفہ امور پر تفصیلی بات چیت

مکہ معاہدہ عوام کے دل کی آواز، پاکستان کی حرمین شریفین سے نسبت قیامت تک برقرار رہے گی، سردار محمد یوسف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی جس میں پاک سعودی تعلقات (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

کسانوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کریں گے: رانا تنویر

رانا تنویر حسین کی فی ایکڑ ریکارڈ 70 من گندم پیدا کرنے والے کسانوں کو خراج تحسین

زراعت میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کی حقیقی کامیابی کا پیمانہ زرعی پیداوار میں بہتری اور کسانوں کی آمدن میں اضافہ ہونا چاہیے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے فی ایکڑ 70 من گندم کی شاندار پیداوار حاصل کرنے والے پاکستانی کسانوں کو سراہتے ہوئے اسے ملک کے زرعی شعبے کے لیے ایک قابل ذکر کامیابی قرار دیا ہے۔ (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)


اسلام آباد: وفاقی وزراء عطاء اللہ تارڑ اور علی پرویز ملک اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مہمند پولیو ٹیم کی سیکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ ناقابل برداشت ہے: محسن نقوی

بزدلانہ کارروائی میں ملوث عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، جنہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا

پولیو ورکرز کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار ملک کے صحت مند اور محفوظ مستقبل کیلئے فرائض انجام دے رہے ہیں، حملہ دراصل قوم کے مستقبل پر حملہ ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبرپختونخوا کے ضلع مہمند میں انسداد پولیو ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے دو پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

سانحہ پمز کا ریکارڈ طلب، کوتاہی ثابت ہوئی تو ذمہ داروں کیخلاف کارروائی ہوگی، ہائیکورٹ

عدالت عالیہ نے سانحہ پمز کی ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست خارج کرنے کا جسٹس آف پیس کا حکم معطل کردیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سانحہ پمز میں بچوں کی اموات کا مقدمہ درج کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو معاوضے کی ادائیگی کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی رہنما عاطف خان کی بھتیجی کی شادی، جنرل (ر) قمر باجوہ کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن اسمبلی عاطف خان کی بھتیجی کی شادی میں جنرل (ر) قمر باجوہ نے شرکت کی۔ شادی کی تقریب اسلام آباد کے بڑ (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

مہمند، انسداد پولیو ٹیم کی ڈیوٹی پر جانیوالے 2 پولیس اہلکار فائرنگ سے شہید

نامعلوم مسلح ملزمان نے مہمند کے علاقے ڈاگ تمانڑئی میں انسداد پولیو مہم کی ڈیوٹی پر جانے والے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی

مہمند (این این آئی) مہمند میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح ملزمان نے مہمند کے علاقے ڈاگ تمانڑئی میں انسداد پولیو مہم کی ڈیوٹی پر جانے والے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی جس سے 2 پولیس اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگئے۔ (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

الیکشن کمیشن نے ایم کیو ایم پاکستان کو شوکاز جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کو شوکاز جاری کردیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق 26 اکتوبر 2026ء کو شوکاز جاری کیا گیا ہے، ایم کیو ایم پاکستان انٹراپارٹی انتخابات کرانے کے (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

ملک میں تیل اور گیس کا ایک اور بڑا ذخیرہ دریافت

کنویں سے یومیہ 2 ہزار بیرل تیل، گیس کی ابتدائی پیداوار کا تخمینہ 11 لاکھ اسٹینڈرڈ کیوبک فٹ یومیہ ہے، او جی ڈی سی ایل

اسلام آباد (اے ایف پی) ملک میں تیل اور گیس کا ایک اور بڑا ذخیرہ دریافت ہوا ہے۔ ترجمان او جی ڈی سی ایل کے مطابق ضلع سانگھڑ سے تیل و گیس کا نیا ذخیرہ دریافت کرلیا گیا۔ (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)


استنبول: وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان استنبول میں اسلامی تعاون تنظیم کی کامسیک کے ہائی لیول اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، جس میں انہوں نے رکن ممالک کے درمیان مضبوط تجارتی ہم آہنگی، برآمدات کی جدید مالی معاونت، ڈیجیٹل تعاون اور وسیع اقتصادی شراکت داری پر زور دیا

سہیل آفریدی و بابر سلیم سواتی کی بازیابی کا کیس چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کے سامنے رکھنے کا حکم

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے سہیل آفریدی اور بابر سلیم سواتی کی بازیابی کا کیس چیف جسٹس کے سامنے رکھنے کا حکم دے کر سماعت کیلئے لارجر بینچ قائم کرنے کی تجویز دے دی۔ (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

موجودہ نظام مجموعی طور پر ظلم و ناانصافی پر مشتمل ہے: حافظ نعیم الرحمن

ٹیکس کا نظام ظالمانہ، اٹھارہ ہزار ارب ریونیو میں سے بارہ ہزار ارب براہ راست ٹیکس سے اکٹھے ہوتے ہیں

حکومت بجٹ میں پٹرول، بجلی، گیس کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا اعلان کرے، امیر جماعت اسلامی کا سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت بجٹ میں تنخواہ دار طبقہ کو انکم ٹیکس پر چھوٹ دے اور بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں نمایاں کمی کرتے ہوئے تینوں یوٹیلیٹیز کی قیمتوں کو آئندہ چند برسوں کے لیے فکس کردے، آئی پی (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)


گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے تیسرے سینٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: قتل، ڈکیتی، رہزنی اور نقب زنی میں ملوث 9 گینگز گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضے سے 312 بوتلیں شراب، دو خنجر اور مختلف بور کے دو پستول معہ ایمونیشن برآمد

ایس ایس پی انوسٹی گیشنز کی زیرِ صدارت اہم اجلاس، زیرِ تفتیش مقدمات کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ، میرٹ اور شفافیت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق مختلف تھانوں کھنہ، کورال، لوہی بھیر، نیلور اور بھارہ کہو پولیس ٹیموں نے کارروائیاں کرتے ہوئے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 312 بوتلیں شراب، دو خنجر اور مختلف بور کے دو پستول معہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ اسی طرح مجرمان اشتہاریوں اور عدالتی مفروران کے خلاف جاری مہم کے دوران 28 مطلوب واشتہاری ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کریک ڈاؤن مزید سخت کیا جا رہا ہے اور کسی کو بھی امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر ہیلپ لائن 15 پر دیں تاکہ پولیس اور عوام کے تعاون سے شہر کو محفوظ بنایا جا سکے۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس انوسٹی گیشنز محمد عثمان طارق بٹ کی زیرِ صدارت امن وامان اور زیرِ تفتیش مقدمات کی پیشرفت کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس پی انوسٹی گیشن، ڈی ایس پیز اور تمام انچارج انوسٹی گیشنز نے شرکت کی۔ دوران اجلاس زیرِ تفتیش مقدمات کی پیشرفت، بروقت یکسوئی، تفتیشی معیار اور افسران کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشنز نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام مقدمات کی تفتیش میرٹ، شفافیت اور پیشہ ورانہ مہارت کے اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ زیر التواء مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر جلد منطقی انجام تک پہنچایا جائے تاکہ عوام کو بروقت انصاف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے ساتھ ساتھ جرائم کی مؤثر روک تھام بھی پولیس کی ذمہ داری ہے، لہٰذا افسران شواہد کی بنیاد پر غیر جانبدار اور معیاری تفتیش کو یقینی بنائیں اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تھانہ ویسٹریج پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے گھر میں چوری کی واردات کا ڈراپ سین کردیا جس میں انکشاف ہوا کہ بھتیجا ہی واردات میں ملوث تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے اپنے دوست کے ساتھ مل کر گھر سے 9 تولے طلائی زیورات اور 11 لاکھ روپے نقدی چوری کی تھی، جس کی مجموعی مالیت 45 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا اور مسروقہ مال برآمد کرلیا۔ سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے برآمد شدہ طلائی زیورات اور نقدی مدعی مقدمہ کے حوالے کیے۔ مدعی نے پولیس کی بروقت کارروائی کو سراہا۔ ایس پی پوٹھوہار نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے۔

سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی کی حب وساکران آمد

مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر لواحقین سے اظہار ہمدردی وفاتحہ خوانی کی

حب (نمائندہ بولان) سردار زادہ شہزاد صالح بھوتانی کی حب وساکران آمد، مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر لواحقین سے اظہار ہمدردی وفاتحہ خوانی کی، ایک شادی کی تقریب میں بھی شرکت کی تفصیلات کے مطابق سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے حب کے موقع پر رونجھو قبائل کی معتبر شخصیت و پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما برکت علی نادر رونجھو کے انتقال، داؤد یاماہ اوتھل کے سابق پلانٹ منیجر حبیب اللہ رونجھو کے انتقال پر اور عبدالغنی انجم جاموٹ سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور مرحومین کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی اور لواحقین سے دلی ہمدردی وافسوس کا اظہار کیا سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے رئیس عباس چانڈیو کے بھتیجے قربان علی چانڈیو کے صاحبزادے احسان علی چانڈیو کی شادی کی تقریب میں شرکت کی اور احسان علی چانڈیو کو شادی کی مبارکباد پیش کی سردارزادہ صالح بھوتانی حب کے نواحی علاقے آچار ہوٹل محمد رحیم شیخ گوٹھ میں میونسپل کارپوریشن حب کے ملازم محمد علی شیخ کے انتقال پر لواحقین سے اظہار تعزیت وفاتحہ خوانی کی بعدازاں سردارزادہ شہزاد بھوتانی نے وائس چیئرمین وڈیرہ اکبر بندیجہ اور ٹھیکیدار اعظم بندیجہ کے بھائی اسد بندیجہ کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی



گڑھی خیرو۔ جے یو آئی کے رہنما پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ: لاپتہ تمام خواتین کو پندرہ روز میں بازیاب کروانے کی مہلت

جو خواتین تاحال لاپتہ ہیں، ان کے حالات کے بارے میں کچھ معلوم نہیں، یہ نہایت سنگین معاملہ ہے‘ چیف جسٹس

لاپتہ خواتین کے کیسز کے لیے کوئی موثر ڈیٹا اکٹھا کرنے کا نظام موجود ہے یا نہیں؟ چیف جسٹس کا ڈی آئی جی سے استفسار

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے اہم احکامات جاری کرتے ہوئے پولیس کو پندرہ روز میں تمام لاپتہ خواتین کو بازیاب کروانے کی ہدایت کر دی ہے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے سلمی بی بی کی چار سال قبل مبینہ طور پر لاپتہ ہونے والی بیٹی مقدس بی بی کی بازیابی سے متعلق درخواست پر سماعت کی۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن پنجاب عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے حکم دیا کہ پنجاب پولیس کے تمام افسران لاپتہ خواتین کی بازیابی کے لیے فوری اور موثر اقدامات کی ہدایات جاری کی جائیں۔ پولیس رپورٹ کے مطابق سال 2021 سے اپریل 2026 تک صوبہ بھر میں 3 ہزار 252 خواتین کے لاپتہ ہونے کے مقدمات درج ہوئے، جن میں سے 1 ہزار 405 خواتین کو بازیاب کروا لیا گیا جبکہ 1 ہزار 853 خواتین تاحال لاپتہ ہیں۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ باقی لاپتہ خواتین کی بازیابی کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا جس پر ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے دو ماہ کی مہلت طلب کی۔ اس پر چیف جسٹس نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ چھ سال پہلے آپ کے پاس وقت تھا، کیا وہ کم تھا؟ یہ پولیس ڈیپارٹمنٹ کی نااہلی ہے۔ عدالت نے بازیاب کروائی گئی خواتین کے تحفظ کے بارے میں بھی استفسار کیا جس پر ڈی آئی جی نے بتایا کہ تمام محفوظ ہیں، بعض نے پسند کی شادیاں کر لی ہیں جبکہ کچھ اپنے گھروں کو واپس جا چکی ہیں، پولیس کے مطابق تقریباً 80 فیصد لاپتہ خواتین نے پسند کی شادیاں کیں۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جو خواتین تاحال لاپتہ ہیں، ان کے حالات کے بارے میں کچھ معلوم نہیں اور یہ ایک نہایت سنگین معاملہ ہے، لاپتہ خواتین کے کیسز کے لیے کوئی موثر ڈیٹا اکٹھا کرنے کا نظام موجود ہے یا نہیں؟ جس پر ڈی آئی جی نے بتایا کہ اس حوالے سے ٹیمیں ڈیٹا اکٹھا کر رہی ہیں۔ چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ ایسے کیسز کے لیے باقاعدہ اور موثر میکنزم بنایا جائے تاکہ تحقیقات کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔

مل شاہورائی میں پانی کا بحران بدستور برقرار

کھلی کچہری میں ڈی سی سوراب کی یقین دہانی کے باوجود عملی اقدامات نہ ہو سکے

سوراب (نمائندہ بولان) مل شاہورائی میں پانی کی شدید قلت بدستور برقرار ہے، کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر سوراب کی جانب سے مسائل کے حل کی یقین دہانی کے باوجود تاحال عملی اقدامات نہ ہونے پر علاقہ مکینوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اہلیانِ مل شاہورائی کے مطابق 22 اکتوبر کو منعقدہ کھلی کچہری میں علاقے کے بنیادی مسائل بالخصوص پانی کی عدم دستیابی کا معاملہ ڈپٹی کمشنر سوراب کے سامنے اٹھایا گیا تھا، جہاں عوام کو پانی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی تھی، تاہم کئی روز گزرنے کے باوجود صورتحال جوں کی توں ہے اور عوام پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ پانی انسانی زندگی کی بنیادی ضرورت ہے، مگر اس اہم مسئلے کے حل میں تاخیر سے شہریوں کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اہلیانِ مل شاہورائی نے ایم پی اے سوراب اور ڈپٹی کمشنر سوراب سے مطالبہ کیا ہے

اٹک، مختلف حادثات میں ماں بیٹی سمیت تین افراد جاں بحق، ایک شخص زخمی

اٹک (این این آئی) ضلع اٹک کی تحصیل جنڈ اور حضرو میں بجلی کا کرنٹ لگنے کے دو مختلف واقعات میں ماں بیٹی سمیت تین افراد جاں بحق ہو گئے، جبکہ جنڈ میں گاڑی کھائی میں گرنے سے ایک شخص زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل جنڈ کے محلہ تکیہ میں گھر میں نصب پانی کی موٹر سے کرنٹ لگنے کے باعث 40 سالہ خاتون زوجہ صفیر اللہ اور ان کی تین سالہ بیٹی خفیفہ جاں بحق ہو گئیں۔

ایوانِ صحافت پریس کلب ٹھٹھہ کا باقاعدہ ممبر بننے پر صحافی جنید احمد پیرزادہ کو دوستوں کی مبارکباد

صحافی جنید احمد پیرزادہ کو ان کے دوستوں، عزیزوں اور ساتھیوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے مبارکباد پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ایوانِ صحافت پریس کلب ٹھٹھہ کا باقاعدہ ممبر بننے پر صحافی جنید احمد پیرزادہ کو دوستوں کی مبارکباد، اجرک اور لونگیاں پہنائی گئیں ایوانِ صحافت پریس کلب ٹھٹھہ کا باقاعدہ ممبر بننے کے بعد صحافی جنید احمد پیرزادہ کو ان کے دوستوں، عزیزوں اور ساتھیوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے مبارکباد پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں سرفراز پیرزادہ، محبوب پیرزادہ، منصور پیرزادہ، فیاض پیرزادہ، فیصل پیرزادہ، غلام عباس زرداری، مبصر پیرزادہ، آفاق پیرزادہ، فیض محمد پیرزادہ، شہزاد پیرزادہ، نعمان احسن راجپوت، زاہد لاشاری، منیب پیرزادہ اور دیگر دوستوں ایوان صحافت پریس کلب پہنچ کر انہیں پریس کلب کی باقاعدہ ممبر شپ ملنے پر مبارکباد پیش کی اور سندھ کی ثقافتی سوغات اجرکیں اور لونگیاں پہنا کر اپنی خوشی اور محبت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر دوستوں نے امید ظاہر کی کہ جنید احمد پیرزادہ صحافتی اصولوں، اخلاقی اقدار اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے صحافت کے میدان میں مثبت اور ذمہ دارانہ کردار ادا کریں گے اور اپنی صلاحیتوں کے ذریعے صحافتی ادارے کے وقار اور ساکھ کو مزید مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر ایوانِ صحافت پریس کلب ٹھٹھہ کے سرپرستِ اعلیٰ نذیر احمد قریشی، صدر علی اکبر دلوانی، سینئر نائب صدر انیس ہیلیو، جوائنٹ سیکریٹری ارشاد علی گندرو، خزانچی لالا شعیب، ممبر واحد شورو، جہانگیر دلوانی اور دیگر بھی موجود تھے۔

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ملازئی محلہ کی جدید بنیادوں پر تعمیر، مرمت اور بحالی کا کام کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا گیا

کچھ عرصہ قبل تک یہ سکول خستہ حالی، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور نامناسب تعلیمی ماحول کا شکار تھا

خاران (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی) ضلع خاران میں تعلیمی اداروں کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے اور بچوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے صوبائی حکومت کا اہم اقدام سے گنجان آباد علاقے جوژان میں واقع گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ملازئی محلہ کی جدید بنیادوں پر تعمیر، مرمت اور بحالی کا کام کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا گیا ہے۔ واضح رہے کچھ عرصہ قبل تک یہ سکول خستہ حالی، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور نامناسب تعلیمی ماحول کا شکار تھا، جس کے باعث بچوں میں سکول چھوڑنے کا تناسب تشویشناک حد تک بڑھ رہا تھا۔ اس صورتحال کے تدارک کے لیے صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات ایم پی اے خاران میر شعیب جان نوشیروانی نے تعلیم کی بہتری کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیا۔ اس سلسلے میں صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب جان نوشیروانی کی خصوصی دلچسپی پر خاران کے تقریباً 50 پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی بحالی کا وسیع تر منصوبہ شروع کیا گیا، جس کے تحت گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ملازئی محلہ سمیت دیگر ضلع خاران کے گورنمنٹ بوائز اینڈ گرلز سرکاری اسکولوں کو نمونائی (Model) تعلیمی ادارے میں تبدیل کر دی گئی

پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیری یوم شہدا جموں 6 نومبر کو منائیں گے

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیری یوم شہدا جموں 6 نومبر کو منائیں گے یہ دن جموں کے شہدا کی یاد میں منایا جاتا ہے 6 نومبر 1947 کو ڈوگرہ فوج اور ہندو بلوائیوں نے ہجرت کرکے پاکستان آنے جموں کے مسلمانوں کو ایک سازش کے تحت قتل کیا تھا جن کی تعداد دو لاکھ سے زائد تھی، ان مظلوم کشمیریوں کی یاد میں کشمیری عوام یوم شہدا جموں مناتی ہے۔ تقسیم ہند کے موقع پر مسلم اکثریتی علاقے جموں کی عوام کو آزادی کی حمایت کرنے پر ڈوگرہ مہاراجہ کے ظلم وستم کا سامنا کرنا پڑا،



پی ایف یو جے کی اپیل پر مشرف آمریت کے سیاہ قوانین ایمرجنسی کے خلاف صحافی یومِ سیاہ کے موقع پر احتجاج کر رہے ہیں۔



حب۔ سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی حب وساکران میں مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، غلام محمد بادینی

کسانوں کو زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد ایکسین کھیرتھر کینال غلام محمد بادینی نے کہا ہے کہ کسانوں کو زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، نہری نظام کی بحالی اور بہتری محکمہ اریگیشن کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کھیرتھر کینال سمیت تمام ذیلی شاخوں کی ری ماڈلنگ اور بھل صفائی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے تاکہ ٹیل کے آبادگاروں تک بھی پانی کی منصفانہ فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اریگیشن صوبے میں زراعت کے فروغ اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ نہری نظام کو مزید بہتر بنانے، پانی کی منصفانہ تقسیم اور درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ایکسین کھیرتر کنال انجینیئر غلام محمد بادینی نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور کسانوں کو بروقت زرعی پانی کی فراہمی سے زرعی پیداوار میں اضافہ ممکن ہے۔ محکمہ اریگیشن اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرتا رہے گا

یونین کونسل جھرک کے گاؤں خمیسو ببر کے پرائمری اسکول میں استاد کی مسلسل غیر حاضری

معصوم طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگ گیا، جس کے خلاف اسکول کے طلبہ سراپا احتجاج بن گئے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) یونین کونسل جھرک کے گاں خمیسو ببر کے پرائمری اسکول میں استاد کی مسلسل غیر حاضری کے باعث معصوم طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگ گیا، جس کے خلاف اسکول کے طلبہ سراپا احتجاج بن گئے۔ احتجاج کرنے والے طلبہ کا کہنا ہے کہ اسکول میں استاد کے نہ آنے کی وجہ سے ان کی تعلیم شدید متاثر ہو رہی ہے، جبکہ اسکول آنے کے باوجود انہیں پڑھانے والا کوئی موجود نہیں ہوتا۔ استاد کی غیر حاضری کے باعث بچوں کا قیمتی تعلیمی وقت ضائع ہو رہا ہے، جس پر والدین اور طلبہ میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ احتجاجی طلبہ نے محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گاں خمیسو ببر کے پرائمری اسکول میں استاد کی حاضری یقینی بنائی جائے، بچوں کی تعلیم کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا فوری نوٹس لیا جائے اور اسکول میں تدریسی عمل بحال کیا جائے۔ گاں کے مکینوں اور طلبہ نے سندھ حکومت، محکمہ تعلیم کے افسران اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے

مریدکے میں گیس سلنڈر کے خوفناک دھماکے سے 2 منزلہ عمارت منہدم، ماں اور 3 بچوں سمیت 5 افراد زخمی

کالاشاہ کاکو (این این آئی) مریدکے کے علاقے حدود کے قلعہ مسیتا میں گھر کے اندر گیس سلنڈر لیک ہونے کے باعث خوفناک دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں دو منزلہ عمارت منہدم ہوگئی دھماکے کے باعث ماں اور تین کمسن بچوں سمیت 5 افراد شدید زخمی ہو گئے دھماکہ اس قدر شدید تھا کہ اردگرد کے گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے اور پورے علاقے میں شدید خوف وہراس پھیل گیا

جمعیت علما اسلام تعلقہ ماتلی کے رہنماں اور کارکنوں نے ماتلی پریس کلب کے سامنے احتجاج

واقعے کی حقیقت سامنے لائی جائے اور اگر کوئی ذمہ دار پایا جائے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کی مبینہ طور پر ڈرون کے ذریعے فوٹیج بنانے کے واقعے کے خلاف جمعیت علما اسلام تعلقہ ماتلی کے رہنماں اور کارکنوں نے ماتلی پریس کلب کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے پریس کانفرنس کی۔ اس موقع پر جمعیت علما اسلام تعلقہ ماتلی کے امیر مولانا گل حسن زور، مولانا صدیق زور، مولانا غلام نبی پہنور، مولانا اللہ ڈنو پہنور، مولانا حبدار چانڈیو، مولانا قادر ڈنو میمن سمیت دیگر رہنماں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ پریس کانفرنس کے دوران جے یو آئی رہنماں نے مبینہ ڈرون فوٹیج کے واقعے پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور واقعے کی شفاف تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا۔

اللہ بخش زہری کا وکیل برکت علی نادر رونجھو کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

وکیل برکت علی نادر رونجھو کی اچانک رحلت کی خبر نے سیاسی وسماجی حلقوں کو سوگوار کر دیا ہے

بیلا (نمائندہ بولان) جام گروپ لسبیلہ کے سینئر رہنما اور معروف سماجی وسیاسی شخصیت اللہ بخش زہری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے دیرینہ سینئر رہنما، اور رونجھو قبائل کی ہر دلعزیز شخصیت وکیل برکت علی نادر رونجھو کے ٹریفک حادثے میں اچانک جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اللہ بخش زہری نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ وکیل برکت علی نادر رونجھو کی اچانک رحلت کی خبر نے سیاسی وسماجی حلقوں کو سوگوار کر دیا ہے۔ مرحوم ایک باوقار، ملنسار اور عوام دوست شخصیت کے مالک تھے، جنہوں نے اپنی سیاسی بصیرت، سماجی وابستگی اور عوامی خدمات کے ذریعے علاقے میں ایک منفرد مقام حاصل کیا۔ ان کی وفات نہ صرف ان کے خاندان بلکہ سیاسی رفقا، دوست احباب اور پورے علاقے کے لیے ایک بڑا صدمہ اور ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض شخصیات اپنی زندگی میں ہی لوگوں کے دلوں میں ایسی جگہ بنا لیتی ہیں جو ان کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد بھی ہمیشہ قائم رہتی ہے۔ وکیل برکت علی نادر رونجھو کی سیاسی وسماجی خدمات اور عوامی حلقوں میں ان کی محبت ومقبولیت کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اللہ بخش زہری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور تمام سوگواران، اہلِ خانہ، عزیز واقارب اور سیاسی رفقا کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

شاعر مشرق سر ڈاکٹر علامہ اقبال کا 149 واں یوم ولادت 9 نومبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) شاعر مشرق سر ڈاکٹر علامہ اقبال کا 149 واں یوم ولادت 9 نومبر کو منایا جائے گا۔ ملت اسلامیہ کو لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری جیسی آفاقی فکر دینے والے بیسویں صدی کے عظیم صوفی شاعر، قانون دان اور تحریک پاکستان کی اہم ترین شخصیت ڈاکٹر سر علامہ اقبال 9 نومبر 1877 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ علامہ اقبال جدید دور کے صوفی شاعر تھے انہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے امت مسلمہ میں انقلابی روح بیدار کی ان کی شاعری میں تصوف اور احیائے اسلام کا رنگ نمایاں تھا۔

جماعت اسلامی ضلع لسبیلہ کے نومنتخب امیر مولانا عبدالمالک رونجھ کی تقریب حلف برداری کی پروقار تقریب

جماعت کے ارکان، ذمہ داران اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا

لسبیلہ (نمائندہ بولان) جماعت اسلامی ضلع لسبیلہ کے نومنتخب امیر مولانا عبدالمالک رونجھ کی تقریب حلف برداری کی پروقار تقریب مدرسہ نورالہدیٰ بیلہ میں منعقد ہوئی، جس میں جماعت کے ارکان، ذمہ داران اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اس کے بعد نومنتخب امیر ضلع مولانا عبدالمالک رونجھ نے اپنے عہدے کا حلف اٹھایا اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ جماعت کی تنظیمی ودعوتی ذمہ داریاں دیانتداری، امانت اور احسن انداز میں ادا کریں گے۔ حلف برداری کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالمالک رونجھ نے کہا کہ امارت کوئی اعزاز نہیں بلکہ ایک بھاری امانت اور ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ دعوت دین، عوامی خدمت اور اصلاح معاشرہ کے اس مشن میں ان کا بھرپور ساتھ دیں، تاکہ لسبیلہ میں جماعت اسلامی کو ایک مضبوط، منظم اور فعال جماعت بنایا جا سکے



حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما برکت علی نادر رونجھو کے انتقال پر مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد تعزیت کر رہے ہیں



لورالائی، پولیس اور سی آئی اے کے مختلف کارروائیوں میں گرفتار ملزمان اور برآمد سامان



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

21 نومبر کو ماہی گیروں کا عالمی دن ہر سال کی طرح اس سال بھی بھرپور جوش وجذبے سے منایا جائے گا،

سندھ میں بڑی آبادی ماہی گیروں اور ملاح برادری کی ہونے کے باوجود انہیں بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے، ڈاکٹر سائیں رکھیو میرانی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) سندھ میں بڑی آبادی ماہی گیروں اور ملاح برادری کی ہونے کے باوجود انہیں بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے، ڈاکٹر سائیں رکھیو میرانی سندھ ملاح فورم کے مرکزی چیئرمین اور سابق ڈی آئی جی سندھ پولیس ڈاکٹر سائیں رکھیو میرانی اور سندھ ملاح فورم کے سیکریٹری جنرل ذوالفقار ملاح نے ٹھٹھہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ میں ملاح، ماہی گیر، میرانی اور میر بحر برادری کی بڑی آبادی ہونے کے باوجود ہر دور حکومت میں انہیں تمام بنیادی سہولیات سے محروم اور نظرانداز کیا جاتا رہا ہے، جو ان کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 21 نومبر کو ماہی گیروں کا عالمی دن ہر سال کی طرح اس سال بھی بھرپور جوش وجذبے سے منایا جائے گا، جس میں سندھ بھر سے ہزاروں ماہی گیر اور ملاح شرکت کر کے یکجہتی کا اظہار کریں گے۔ سندھ حکومت کو چاہیے کہ ماہی گیروں اور ملاح برادری کو صحت، تعلیم، روزگار، سڑکوں، بجلی اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کر کے ان کی مشکلات کا ازالہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سندھ کے ماہی گیروں اور ملاح برادری کے ہر دکھ سکھ میں ان کے ساتھ ہیں اور ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے سندھ ملاح فورم کے پلیٹ فارم سے آخری دم تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ڈاکٹر سائیں رکھیو میرانی اور ذوالفقار ملاح نے کہا کہ ہم سندھ کے باسی ہیں اور سندھ کے خلاف کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بے تحاشا مہنگائی کے باعث غریب عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ ضلع ٹھٹھہ میں بڑی تعداد میں ونڈ پاور کمپنیاں قائم ہونے کے باوجود مقامی لوگوں کو نہ روزگار فراہم کیا جا رہا ہے اور نہ ہی سی ایس آر (CSR) فنڈز مقامی آبادی کی فلاح و بہبود پر خرچ کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں بجلی اور سوئی گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہری اور دیہی آبادی شدید مشکلات کا سامنا کر رہی ہے، جبکہ پینے کے پانی کی قلت بھی برقرار ہے۔ کوہستانی پٹی میں پینے کا پانی نایاب ہونے کے باعث خشک سالی جیسی صورتحال پیدا ہو چکی ہے اور کوہستان کے مکین پانی کے لیے ترس رہے ہیں۔ لوگ پانی خریدنے یا دور دراز علاقوں سے لانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت ماہی گیروں کا روزگار بھی خطرے میں ہے۔ ماہی گیری کے ذرائع اور مچھلی کے شکار کے مقامات (ٹرؤں) پر مبینہ قبضوں کے باعث مقامی ماہی گیر شدید پریشان ہیں، لیکن منتخب نمائندے اور ضلعی انتظامیہ ٹھٹھہ ان کی کوئی دادرسی نہیں کر رہے۔ دوسری جانب بحیرہ عرب میں سمندری حدود کی واضح حدبندی نہ ہونے کے باعث بھارتی فورسز پاکستانی ماہی گیروں کو پاکستانی حدود سے زبردستی گرفتار کر کے لے جاتی ہیں

ایڈوانس اور ودہولڈنگ ٹیکس سے باہر نکل کر براہ راست ٹیکسوں پر توجہ دی جائے، جمیل اختر بیگ

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر جمیل اختر بیگ نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ایڈوانس ٹیکس اور ودہولڈنگ ٹیکس کے فرسودہ اور پیچیدہ نظام پر انحصار کم کر کے براہ راست ٹیکسوں کے فروغ کو اپنی اولین ترجیح بنانا چاہیے، ٹیکس وصولی کا موثر اور پائیدار نظام اسی وقت قائم ہو سکتا ہے جب حقیقی آمدن رکھنے والے افراد اور اداروں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس نظام میں مختلف شعبوں اور عام شہریوں پر ایڈوانس اور ودہولڈنگ ٹیکسوں کے ذریعے بالواسطہ بوجھ ڈالنے کے بجائے اصل آمدن کی بنیاد پر ٹیکس وصولی کا نظام مضبوط بنانے کی ضرورت ہے

لاہور کی گروتھ بڑھانے کیلئے ہر ممکن کاوشیں جاری ہیں، چودھری خادم حسین

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر چودھری خادم حسین نے کہا ہے کہ لاہور چیمبر کی قائمہ کمیٹیوں کو فعال اور متحرک بنایا جا رہا ہے تاکہ کاروباری برادری کو درپیش مسائل کی موثر نشاندہی اور ان کے حل کے لیے مربوط اقدامات کیے جا سکیں

مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کی فوٹیج بنانا غیر آئینی وغیر اخلاقی فعل ہے، مفتی نور احمد

آئین کا آرٹیکل یہ اجازت نہیں دیتا کہ کسی کی عزت اور چادر چار دیواری کی پامالی کی جائے

بیلا (نمائندہ بولان) مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کی فوٹیج بنانا غیر آئینی وغیر اخلاقی فعل ہے، جس کی پرزور مذمت کرتے ہیں آئین کا آرٹیکل یہ اجازت نہیں دیتا کہ کسی کی عزت اور چادر چار دیواری کی پامالی کی جائے ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام بیلا کے تحصیل جنرل سیکرٹری مفتی نور احمد ودیگر نے منگل کے روز عوامی پریس کلب) رجسٹرڈ (بیلا میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت کے مرکزی اور صوبائی قادین کی ہدایات پر آج کی اس پریس کانفرنس کے ذریعے ہم قاد جمعیت شیخ الحدیث مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کی ڈرون کیمرے کے ذریعے فوٹیج بنانے کے عمل کی پرزور لفظوں میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام آئین کی پاسدار جماعت ہے ہم خبردار کرتے ہیں کہ ایسی اوچھی حرکتوں سے باز آیا جائے جمعیت کے کارکن اپنے قادین کے خلاف اس طرح کے غیر اخلاقی وغیر آئینی ہتھکنڈوں کو کسی صورت برداشت نہیں کریں گے کارکنان اپنے قادین کے ہر بیانیے اور ہر حکم پر اپنا تن من لٹانے کو تیار ہیں انہوں نے آخر میں کہا کہ اس حوالے سے مزید لائحہ عمل کے لیے ہم اپنے مرکزی وصوبائی قادین کے حکم کے منتظر ہیں اسموقع پر تحصیل سینئر نائب امیر مولانا عبدالغفار ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری محبوب علی کونسلر میونسپل کمیٹی بیلا ڈاکٹر محمد داود مفتی عبداللطیف مولانا یونس نعمانی ڈاکٹر عبدالرزاق یحیٰ عثمانی خالد محمود کھوسہ احسن غنی ودیگر موجود تھے

بدین ضلع میں 200 روپے مالیت کے اسٹامپ پیپرز کی مبینہ مصنوعی قلت

شہریوں اور اسٹامپ وینڈرز کا خزانہ آفس کے باہر احتجاجی مظاہرہ

بدین (نامہ نگار) بدین ضلع میں 200 روپے مالیت کے اسٹامپ پیپرز کی مبینہ مصنوعی قلت، شہریوں اور اسٹامپ وینڈرز کا خزانہ آفس کے باہر احتجاجی مظاہرہ، تفصیلات کے مطابق بدین کی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس ٹریژری آفس میں 200 روپے مالیت کے اسٹامپ پیپرز کی مبینہ مصنوعی قلت کے خلاف شہریوں اور اسٹامپ وینڈرز محمد صدیق پنہور حاجی رفیق ملاح نواز نوتکانی عبدالعزیز سومرو رانجھہ مکوانہ شہباز عباسی شہریوں زمان پنہور کامحمد بخش نوتکانی جعفر ملاح، ساون چانڈیو ذلفی پنہور اور دیگر کی قیادت میں ٹریژری آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اس موقع پر مظاہرین نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے صوبے میں نان جوڈیشل اسٹامپ پیپرز کی فروخت اور فراہمی کے نظام میں تبدیلی اور ای اسٹیمپنگ سسٹم متعارف کرانے کے بعد ٹریژری آفس کے عملے کو یوزر آئی ڈی ملنے کے باوجود گزشتہ اگست سے بدین ٹریژری آفس میں 200 روپے مالیت کے اسٹامپ پیپرز کا اجرا بند کر دیا گیا ہے،

اپنی چھت، اپنا گھر سکیم، ایک لاکھ 28 ہزار سے زائد گھر مکمل

لاہور (این این آئی) اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کے تحت 2 لاکھ 25 ہزار سے زائد قرضے جاری کیے جا چکے ہیں، جبکہ ایک لاکھ 28 ہزار 718 گھر مکمل ہو چکے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سکیم کے تحت مقررہ اہداف مکمل کرنے کا حکم دے دیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کے تحت 2 لاکھ 25 ہزار سے زائد قرضے جاری کیے جا چکے ہیں،

ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی نے انسدادِ پولیو مہم کے دوسرے روز ماتلی شہر کا دورہ کیا

حیدرآباد بس اسٹاپ سمیت مختلف ٹرانزٹ اور فکسڈ پوائنٹس پر جاری پولیو ویکسی نیشن کے عمل اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

ماتلی () رپورٹ دلمراد کمبوہ) ڈپٹی کمشنر بدین ڈاکٹر زارا زاہد اور ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی نے انسدادِ پولیو مہم کے دوسرے روز ماتلی شہر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے حیدرآباد بس اسٹاپ سمیت مختلف ٹرانزٹ اور فکسڈ پوائنٹس پر جاری پولیو ویکسی نیشن کے عمل اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران دونوں افسران نے پولیو ٹیموں کی موجودگی، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل اور مسافروں و دیگر شہریوں تک پولیو ویکسین کی رسائی کا معائنہ کیا۔ انہوں نے موقع پر موجود پولیو ورکرز سے مہم کی پیش رفت اور درپیش مسائل کے حوالے سے بھی معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بدین اور ایس ایس پی بدین نے متعلقہ افسران اور پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے اور پانچ سال تک کی عمر کے کسی بھی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہ رکھا جائے۔ ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی نے پولیو ٹیموں کی حفاظت کے لیے تعینات پولیس اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری، مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں، جبکہ ٹرانزٹ پوائنٹس پر سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات برقرار رکھے جائیں

وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کیلئے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دیدی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کیلئے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دیدی۔ لاہور میں مریم نواز کی زیرِ صدارت اپنی چھت، اپنا گھر پروجیکٹ سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس دوران وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنی چھت اپنا گھر کے لیے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دی۔



حب۔ سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی رئیس عباس چانڈیو کے بھتیجے قربان علی چانڈیو کے صاحبزادے احسان علی چانڈیو کی شادی کی تقریب میں شریک ہیں



لورالائی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اعجاز احمد جعفر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحافیوں کا یومِ سیاہ، بدین میں صحافیوں کا احتجاجی ریلی اور مظاہرہ

شرکاء نے آمرانہ اقدامات، میڈیا پر پابندیوں اور صحافیوں کے معاشی استحصال کے خلاف شدید نعرے بازی کی

بدین (نامہ نگار) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی اپیل پر 3 نومبر 2007 کو سابق فوجی آمر جنرل پرویز مشرف کی جانب سے ملک میں نافذ کی گئی ایمرجنسی، آزادی صحافت پر قدغنوں، میڈیا اداروں پر پابندیوں، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں اور انتقامی کارروائیوں کے خلاف حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس ڈسٹرکٹ بدین کی جانب سے یومِ سیاہ منایا گیا۔ اس سلسلے میں بدین پریس کلب سے ایوانِ صحافت بدین تک احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے سینئر نائب صدر حیدرآباد تنویر احمد ارائیں، ، بدین پریس کلب کے صدر شوکت میمن اور ایوانِ صحافت بدین کے صدر حاجی خالد محمود گھمن، ایچ یو جے بدین کے صدر عطا محمد چانڈیو، عہدیداران اور سینئر صحافیوں عبدالمجید ملاح، محمد علی بلیدی، علی محمد شاہانی، حسین سومرو، میر شکیل میمن، علی میمن، اسحاق شیخ، یوسف مندرو، علی میمن، فیضان میمن، باغ جونیجو، زبیر پسیو، مبارک ملاح، عدیل غوری، سمیت صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکا نے احتجاجی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور آزادی صحافت کے حق میں جبکہ آمرانہ اقدامات، میڈیا پر پابندیوں اور صحافیوں کے معاشی استحصال کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر مظاہرین نے کہا کہ 3 نومبر 2007 ملکی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، جب جنرل پرویز مشرف نے آئین معطل کر کے ایمرجنسی نافذ کی اور میڈیا کی آزادی کو دبانے کے لیے آمرانہ اقدامات، سخت پابندیوں اور کالے قوانین کا سہارا لیا۔ ٹیلی ویژن چینلز کی نشریات بند کی گئیں، صحافیوں کو اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی سے روکا گیا اور آزادی اظہار کی آواز بلند کرنے والوں کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں نے آمریت کے دور میں جبر، تشدد، گرفتاریوں، مقدمات اور معاشی مشکلات کے باوجود آزادی صحافت اور جمہوری اقدار کی بحالی کے لیے تاریخی جدوجہد کی۔ آج بھی میڈیا اداروں سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیاں، معاشی استحصال اور انتقامی کارروائیاں آزادی صحافت کے لیے سنگین چیلنج ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں کا سلسلہ بند کیا جائے، ملازمتوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے، آزادی صحافت پر عائد غیر اعلانیہ پابندیاں ختم کی جائیں اور صحافیوں کو آزادانہ طور پر اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دینے کا مکمل حق دیا جائے۔

ضلع ٹھٹھہ میں آج دوسرے روز 3 نومبر کو بھی سخت فول پروف سیکیورٹی انتظامات

تمام ایس ڈی پیز وایس ایچ اوز نفری کو باقاعدہ بریفنگ دیں گے۔ ایس ایس پی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی جانب سے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ضلع ٹھٹھہ میں آج دوسرے روز 3 نومبر کو بھی سخت فول پروف سیکیورٹی انتظامات۔ آئی جی پی سندھ جاوید عالم اوڈھو اور ڈی آئی جی پی حیدرآباد رینج طارق رزاق خان دھاریجو کی ہدایات پر ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی جانب سے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ضلع بھر میں دوسرے روز بھی سخت فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے گئے۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ نے کہا کہ 2 نومبر 2026 بروز پیر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے دوران 383 پولیس افسران واہلکاروں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اس کے علاوہ فول پروف حفاظتی انتظامات اور پولیس حصار میں پولیو ورکرز اپنے فرائض نبھانے کے لیے کوشاں ہیں۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ نے کہا کہ تمام فیلڈ افسران وجوان اپنے اپنے علاقوں میں جاری کردہ سیکیورٹی پلان کے مطابق حفاظتی انتظامات سخت رکھیں گے اور تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو پولیو ٹیمز کے ساتھ پولیس نفری کی تعیناتی، درپیش مسائل پر فوری ریسپانس، علاقے میں پیٹرولنگ، پکٹنگ اور سول ایڈمنسٹریشن کے ساتھ روابط کے جملہ اقدامات احسن طریقے سے سرانجام دینے کی ہدایات کی۔

کراچی، کھڑی گاڑی سے نوجوان کی گولی لگی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں ایدھی قبرستان روڈ پر کھڑی کار سے نوجوان کی لاش ملی ہے، متوفی کے سر پر گولی آر پار ہونے کا زخم پایا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق متوفی کے ہاتھ میں پکڑا پستول بھی برآمد ہوا ہے، جبکہ اسکی شناخت شادمان ٹاؤن کے رہائشی سعد قاضی کے نام سے ہوئی ہے۔ متوفی کی گاڑی پر گولیوں کے تین نشان بھی ہیں، مرنے والے نوجوان کے پاس مہنگا پستول موجود تھا۔ پولیس کا بتانا ہے کہ سعد نجی کمپنی کا ملازم تھا، گاڑی بھی نجی بینک کے نام پر رجسٹرڈ ہے۔

مرحوم محمد جمیل کمبوہ کے پوتے امیر حمزہ کمبوہ نے سی اے کی ڈگری حاصل کرلی

چارٹرڈ اکاؤنٹنسی کو مالیاتی امور، اکاؤنٹنگ اور آڈٹ کے شعبے میں ایک اعلیٰ اور معتبر پیشہ ورانہ قابلیت تصور کیا جاتا ہے

ماتلی (رپورٹ: دلمراد کمبوہ) ماتلی کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت اور سابق کونسلر مرحوم محمد جمیل کمبوہ کے پوتے امیر حمزہ کمبوہ نے چارٹرڈ اکاؤنٹنسی (CA) کی ڈگری کامیابی کے ساتھ حاصل کرکے اپنے خاندان، کمبوہ برادری اور تاریخی شہر ماتلی کا نام روشن کردیا۔ ان کی اس شاندار تعلیمی کامیابی پر اہل خانہ، عزیز واقارب، دوست احباب اور کمبوہ برادری کے مختلف حلقوں کی جانب سے خوشی اور مسرت کا اظہار کیا جا رہا ہے جبکہ انہیں مبارکباد دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ امیر حمزہ کمبوہ مرحوم محمد جمیل کمبوہ کے پوتے اور شکیل کمبوہ کے فرزند ہیں جبکہ آصف اقبال کمبوہ، کاشف کمبوہ، اقبال کمبوہ، عاطف کمبوہ اور کامران کمبوہ کے بھتیجے ہیں۔ ان کا تعلق سندھ کے تاریخی شہر ماتلی سے ہے۔ امیر حمزہ کمبوہ نے اپنی مسلسل محنت، لگن، مستقل مزاجی اور تعلیمی جدوجہد کے نتیجے میں چارٹرڈ اکاؤنٹنسی جیسے اہم اور مشکل پیشہ ورانہ شعبے میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ واضح رہے کہ چارٹرڈ اکاؤنٹنسی کو مالیاتی امور، اکاؤنٹنگ اور آڈٹ کے شعبے میں ایک اعلیٰ اور معتبر پیشہ ورانہ قابلیت تصور کیا جاتا ہے جس کے حصول کے لیے طویل عرصے تک محنت، ذہانت اور بھرپور عزم درکار ہوتا ہے

بیوی کو آگ لگانے کے الزام میں انٹیلی جنس بیورو کے ملازم کی اپیل خارج

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے بیوی کو آگ لگانے کے الزام میں آئی بی کے باورچی جواد عباسی کی اپیل خارج کردی، جبری ریٹائرمنٹ کا محکمانہ فیصلہ برقرار رکھا، فیصلے میں کہا کہ سرکاری ملازم کی نجی زندگی کا کردار بھی محکمانہ احتساب کے دائرے میں آ سکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے بیوی کو آگ لگانے کے الزام میں آئی بی کے باورچی جواد عباسی کی اپیل خارج کرتے ہوئے ان کی جبری ریٹائرمنٹ کا محکمانہ فیصلہ برقرار رکھا۔

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
Mobile: 0336-6113760
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
بدھ 4 نومبر 2026، بمطابق 23 جمادی الاول 1448ھ

رواں مالی سال پاکستان کی شرح نمو 2.6 فیصد رہنے کا امکان، آئی ایم ایف رپورٹ

2026 کی پہلی ششماہی کے دوران پاکستان کو کمزور معاشی سرگرمیوں اور غیر یقینی تجارتی حالات کا سامنا رہا

مہنگائی میں کمی اور مانیٹری پالیسی میں نرمی سے معیشت میں بہتری کے آثار پیدا ہوئے ہیں، ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ

کراچی (این این آئی) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں مالی سال 2026 کے اختتام پر پاکستان کی اقتصادی شرح نمو 2.6 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کی رپورٹ کے مطابق آئندہ مالی سال 2025 میں یہ شرح 3.6 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق 2026 کی پہلی ششماہی کے دوران پاکستان کو کمزور معاشی سرگرمیوں اور غیر یقینی تجارتی حالات کا سامنا رہا، تاہم مہنگائی میں کمی اور مانیٹری پالیسی میں نرمی سے معیشت میں بہتری کے آثار پیدا ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ شرح سود میں 550 بیسس پوائنٹس کی کمی مہنگائی میں کمی کے بعد ممکن ہوسکی، جو مالیاتی استحکام کی طرف ایک اہم قدم قرار دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف نے یاد دلایا کہ اکتوبر 2023 میں جاری پیش گوئی میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.2 فیصد بتائی گئی تھی، جو اب تازہ تخمینے میں 2.6 فیصد کی سطح پر لائی گئی ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے نے انکشاف کیا ہے کہ 2020 سے اب تک پاکستان اور وسطی ایشیائی ممالک کے لیے مجموعی طور پر 49 ارب ڈالر کے قرضے منظور کیے جاچکے ہیں۔ آئی ایم ایف نے کہا کہ وہ پالیسی مشاورت اور مالی معاونت کے ذریعے خطے کے ممالک کو معاشی چیلنجز سے نمٹنے میں مدد فراہم کرتا رہے گا، جبکہ پاکستان کی مالی سال 2025 میں اقتصادی نمو مستحکم رہنے کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔ پاکستانی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے بات کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام مکمل طور پر درست سمت میں گامزن ہے، آئی ایم ایف کا حالیہ جائزہ کامیابی سے مکمل ہوا ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان نے گزشتہ سال آئی ایم ایف سے 7 ارب ڈالر کا بیل آؤٹ پیکیج حاصل کیا تھا، جبکہ مارچ 2025 میں پاکستان 1.3 ارب ڈالر کا Climate Resilience Loan بھی دیا گیا تھا۔ ان امدادی پروگرامز کی بدولت ملک کی 350 ارب ڈالر مالیت کی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے اور دیوالیہ ہونے کا خطرہ ٹل گیا ہے۔ خیال رہے کہ بھارتی مطالبہ پہلگام حملے کے بعد دونوں ممالک کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران سامنے آیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارت نے حملے میں ملوث 3 افراد کی شناخت کی ہے، جن میں سے دو کے بارے میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ وہ پاکستانی شہری ہیں تاہم پاکستان کی جانب سے بھارتی الزامات کی تردید کرتے ہوئے واقعے کی غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

مری، معمولی تکرار پر 2 گروپوں میں فائرنگ اور پتھراؤ، متعدد افراد زخمی

شدید فائرنگ سے وہاں آئے سیاحوں اور ان کی فیملیز میں خوف و ہراس پھیل گیا، بھگدڑ مچ گئی

مری (این این آئی) پنجاب کے ضلع مری میں معمولی تکرار پر 2 گروپوں کے درمیان فائرنگ اور پتھراؤ کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق جی پی او چوک میں دونوں گروپوں کے افراد کی جانب سے جدید اسلحے سے 3 گھنٹوں تک فائرنگ کا تبادلہ جاری رہا۔ مری میں شدید فائرنگ سے وہاں آئے سیاحوں اور ان کی فیملیز میں خوف و ہراس پھیل گیا اور بھگدڑ مچ گئی۔ گھنٹوں جاری رہنے والی فائرنگ کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے



آمر مشرف کی روح آج بھی زندہ ہے، جمہوری دور میں میڈیا پر آمرانہ پابندیاں ماضی کے سیاہ دور کی یاد تازہ کررہی ہیں، آزادی اظہار پر قدغنیں کسی صورت قبول نہیں، لالا اسد پٹھان؛ صحافیوں کی جبری برطرفیوں، پیکا ایکٹ، میڈیا کی غیر اعلانیہ سنسر شپ اور شہید جان محمد مہر کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف سکھر میں احتجاجی تحریک کا آغاز، پریس کلب پر سیاہ پرچم لہرا دیے گئے

صحافیوں کیخلاف جرائم پر خاموشی انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے — لالا اسد پٹھان

آمر مشرف کی روح آج بھی زندہ ہے، جمہوری دور میں میڈیا پر آمرانہ پابندیاں ماضی کے سیاہ دور کی یاد تازہ کر رہی ہیں

صحافیوں کی جبری برطرفیوں، پیکا ایکٹ، میڈیا کی غیر اعلانیہ سنسر شپ اور شہید جان محمد مہر کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف سکھر میں احتجاجی تحریک کا آغاز، پریس کلبز پر سیاہ پرچم لہرا دیے گئے

سکھر (عقیل قریشی) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (PFUJ) کی مرکزی کال پر 3 نومبر 2007 کو جنرل پرویز مشرف کی جانب سے نافذ کی گئی ایمرجنسی اور میڈیا پر عائد پابندیوں کے خلاف یومِ سیاہ منایا گیا۔ اسی تسلسل میں ملک بھر کے میڈیا اداروں میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں، تنخواہوں اور واجبات کی عدم ادائیگی، سکھر میں ٹی وی چینلز کے بیورو دفاتر کی بندش، پیکا ایکٹ کے غلط استعمال اور آزادی صحافت پر عائد قدغنوں کے خلاف سکھر یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے احتجاجی تحریک کا آغاز کر دیا گیا۔ سکھر ڈویژن کے مختلف اضلاع میں یوم سیاہ کے موقع پر پریس کلبز پر سیاہ پرچم لہرائے گئے، جبکہ سکھر پریس کلب سے ایک بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں صحافیوں، سیاسی و سماجی رہنماؤں، تاجر برادری اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ریلی شہر کے مختلف علاقوں سے ہوتی ہوئی سندھ کے نامور صحافی اور شہید جان محمد مہر کی جائے شہادت پر پہنچی، جہاں شرکا نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ بعد ازاں ریلی سکھر پریس کلب پہنچ کر احتجاجی مظاہرے میں تبدیل ہوگئی۔ احتجاجی مظاہرے سے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے سیکریٹری فنانس لالا اسد پٹھان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جنرل پرویز مشرف نے 3 نومبر 2007 کو ملک میں ایمرجنسی نافذ کرکے میڈیا کا گلا گھونٹنے، ٹی وی چینلز کی نشریات بند کرنے اور صحافیوں کی آواز دبانے کی کوشش کی تھی، مگر افسوس کہ آج جمہوری دور میں بھی میڈیا کو ایسی ہی آمرانہ پابندیوں اور دباؤ کا سامنا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آمر مشرف کی روح آج بھی زندہ ہے، جو جمہوری حکمرانوں سے آمرانہ فیصلے کروا رہی ہے اور ماضی کے سیاہ دور کی یادیں تازہ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کا دعویٰ کرنے والے حکمرانوں کے دور میں صحافیوں کی جبری برطرفیاں، میڈیا اداروں کی بندش، غیر اعلانیہ سنسر شپ، تنخواہوں کی عدم ادائیگی اور اظہارِ رائے پر پابندیاں جمہوری اقدار کے منافی ہیں۔ صحافیوں کو ان کے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی سے روکنے اور ان کی آواز دبانے کی کسی بھی کوشش کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ آزادی صحافت کسی حکمران یا حکومت کی عطا نہیں بلکہ آئین پاکستان کا تسلیم شدہ بنیادی حق ہے۔ لالا اسد پٹھان نے مزید کہا کہ پیکا ایکٹ جیسے قوانین کو صحافیوں اور شہریوں کی آواز دبانے کے لیے استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ صحافیوں کو قانونی و آئینی تحفظ فراہم کریں، نہ کہ انہیں خوف، دباؤ اور مقدمات کے ذریعے خاموش کرانے کی کوشش کریں۔ پیکا ایکٹ میں صحافتی تنظیموں اور میڈیا نمائندوں کی مشاورت سے ترامیم کی جائیں اور اس قانون کے تحت صحافیوں کے خلاف قائم کیے گئے مقدمات واپس لیے جائیں۔ انہوں نے شہید صحافی جان محمد مہر کے قتل کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہ سندھ اور وفاقی حکومت کے لیے انتہائی شرمناک اور لمحہ فکریہ ہے کہ سندھ کے ایک انتہائی معتبر، نڈر اور پیشہ ور صحافی کے قتل میں ملوث ملزمان تاحال گرفتار نہیں ہوسکے اور آزادانہ گھوم رہے ہیں۔ انہوں نے سندھ اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ شہید جان محمد مہر کے تمام قاتلوں اور سہولت کاروں کو فوری گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور انہیں قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کے قتل کے واقعات میں انصاف کی فراہمی میں تاخیر صحافی برادری کے تحفظات میں اضافہ کر رہی ہے۔ ریاست پاکستان اور سندھ حکومت صحافیوں کے تحفظ، میڈیا کی آزادی اور اظہارِ رائے کے آئینی حق کو یقینی بنائیں۔ سکھر یونین آف جرنلسٹس کے صدر جاوید جتوئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحافت کو دبا، خوف اور معاشی استحصال سے آزاد کیے بغیر جمہوریت مضبوط نہیں ہوسکتی۔ صحافیوں کی جبری برطرفیاں، تنخواہوں کی عدم ادائیگی اور میڈیا اداروں پر غیر اعلانیہ پابندیاں نہ صرف صحافی برادری بلکہ عوام کے بنیادی حقِ معلومات پر بھی حملہ ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کے معاشی، پیشہ ورانہ اور آئینی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور آزادی صحافت کے خلاف تمام اقدامات فوری طور پر واپس لیے جائیں۔ مظاہرے میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما خورشید میرانی، آغا عارف خان درانی، اللہ داد بوزدار، جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما حزب اللہ جکھرو، جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مفتی اعظم طارق مہر، سکھر اسمال ٹریڈرز کے صدر حاجی جاوید میمن، سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے رہنما ماجد ڈنور، عیدن جاگیرانی، عرفان ملک، نوجوان قانون دان سندر چاچڑ، بیرسٹر خان غفار خان، پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما عذرا جمال، سماجی رہنما غزالہ انجم، سماجی رہنما عبدالجبار خان، سندھ ویمن جرنلسٹس ایسوسی ایشن کی صدر سحرش کھوکھر، جنرل سیکریٹری گل رخ ویرانی، تاجر رہنما غلام شبیر میمن، ظہیر بھٹی، آل سکھر تاجر اتحاد کے چیئرمین میر عبد الرحمان مینگل، سکھر پریس کلب کے صدر خالد بھابھن، جنرل سیکریٹری اختر رضوی، سکھر یونین آف جرنلسٹس کے جنرل سیکریٹری کامران شیخ، خازن شہزاد تابانی، کیمرامین اینڈ فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر عمران شیخ، سیفما سکھر چیپٹر کے صدر عبدالحمید کمبوہ، صحافیوں اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ مظاہرے کے شرکا نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ رکھی تھیں اور پیکا ایکٹ، صحافیوں کی جبری برطرفیوں، میڈیا ورکرز کے معاشی استحصال، آزادی صحافت پر پابندیوں اور شہید جان محمد مہر کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر صحافیوں کی جانب سے چارٹر آف ڈیمانڈ بھی پیش کیا گیا، جس میں مطالبہ کیا گیا کہ میڈیا اداروں میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں کا سلسلہ فوری بند کیا جائے اور برطرف کیے گئے تمام ملازمین کو بحال کیا جائے، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی تنخواہوں، واجبات اور دیگر مراعات کی بروقت ادائیگی یقینی بنائی جائے، پیکا ایکٹ میں صحافتی تنظیموں اور میڈیا نمائندوں کی مشاورت سے ضروری ترامیم کی جائیں اور اس کے غلط استعمال کو روکا جائے، پیکا ایکٹ کے تحت صحافیوں کے خلاف درج مقدمات واپس لیے جائیں اور اظہارِ رائے پر عائد غیر ضروری پابندیاں ختم کی جائیں، سکھر میں بند کیے گئے ٹی وی چینلز کے بیورو دفاتر فوری بحال کیے جائیں، آزادی صحافت پر عائد پابندیاں اور صحافتی آزادی کو محدود کرنے والے کالے قوانین ختم کیے جائیں، صحافیوں کو دورانِ ڈیوٹی مکمل تحفظ فراہم کیا جائے، ان پر تشدد کے واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرکے ذمہ داروں کو قانون کے مطابق سزا دی جائے، شہید صحافی جان محمد مہر کے قتل میں ملوث تمام ملزمان اور سہولت کاروں کو فوری گرفتار کرکے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں اور آئین پاکستان کے تحت شہریوں اور صحافیوں کے حقِ آزادی اظہار اور عوام کے حقِ معلومات کو مکمل طور پر یقینی بنایا جائے۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آزادی صحافت، صحافیوں کے تحفظ اور معاشی حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور صحافیوں کے مطالبات تسلیم ہونے تک احتجاجی تحریک کو مزید منظم اور وسیع کیا جائے گا۔

آزاد کشمیر سپریم کورٹ: منشیات کے ملزم کو ضمانت دینے پر جج کو سزا کا حکم

جج امتیاز احمد پر سپریم کورٹ آزاد کشمیر کے آرڈر کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ملزم کی رہائی کا حکم دینے کا الزام تھا

ملزم کی رہائی کا فیصلہ دینے کی پاداش میں جج امتیاز احمد کو سپریم کورٹ کے حکم پر ایک ماہ قبل معطل کیا اور بعد ازاں انکوائری بھی شروع کی گئی

مظفر آباد (جی این ایم) توہین عدالت کے الزام پر پولیس نے حاضر سروس جج کو ہی گرفتار کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آزاد کشمیر کے جج کو توہین عدالت پر جیل بھیج دیا گیا، یہ غیر معمولی پیش رفت حویلی، کہوٹہ، آزاد جموں و کشمیر (اے جے کے) میں سامنے آئی ہے جہاں پولیس نے بدھ کے روز سیشن جج راجہ امتیاز احمد کو ریاست کے سپریم کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے منشیات فروش کی رہائی کا حکم دینے پر گرفتار کیا۔ بتایا گیا ہے کہ چیف جسٹس راجہ سعید اکرم خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے فل بینچ نے جج امتیاز احمد کو تین دن قید کی سزا سنائی، جن پر الزام تھا کہ انہوں نے سپریم کورٹ آرڈر کی خلاف ورزی کرتے ہوئے راجہ دلاور خان نامی شخص کو رہا کرنے کا حکم دیا تھا جس کو بھاری مقدار میں ہیروئن رکھنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا، اس سے قبل ملزم کے خلاف نارکوٹکس ایکٹ 1997 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس کیس میں پہلے ایک نچلی عدالت نے ملزم کی طرف سے دائر ضمانت کی درخواست کو مسترد کیا، بعد ازاں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ نے 19 جنوری 2023 کو دلاور کی درخواست ضمانت منسوخ کردی تھی اور ضلعی عدالت کو حکم دیا تھا کہ وہ 6 ماہ کے اندر اس کے کیس کا فیصلہ کرے، عدالت عظمیٰ نے اپنے فیصلے میں یہ بھی کہا تھا کہ اگر کوئی ایسا مواد سامنے آتا ہے جس کی بنیاد پر ملزم کو ضمانت دی جاسکتی ہے تو وہ دوبارہ سپریم کورٹ سے رجوع کرسکتا ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ جج امتیاز احمد کے ایک ماہ کے اندر، جو اس وقت انسداد منشیات کی عدالت حویلی میں بطور خصوصی جج تعینات تھے، انہوں نے 16 فروری 2023 کو ملزم کو رہا کرنے کا حکم دیا، دلاور اس کے بعد پھر اس کے باوجود بیرون ملک فرار ہوگیا کہ اس کے کیس کی اپیل ہائی کورٹ میں زیر التوا تھی جبکہ سپریم کورٹ کا فیصلہ بھی موجود تھا،

عوامی رکشہ یونین کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے، مہنگائی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر حکومت مخالف نعرے درج تھے، غریب عوام کے لیے ریلیف کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) عوامی رکشہ یونین کے زیر اہتمام پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے اور مہنگائی کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر حکومت مخالف نعرے درج تھے اور غریب عوام کے لیے ریلیف کا مطالبہ کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی چیئرمین مجید غوری نے کہا کہ پٹرول کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ رکشہ ڈرائیوروں کے لیے معاشی تباہی کا پیغام ہے۔ چالانوں کا ٹارگٹ پورا کرنے والے پریشر نے ٹریفک پولیس کو بد اخلاق بنا دیا ہے۔ سابق سی ٹی او کیپٹن مبین شہید نے اپنا خون دے کر اسے شہداء کی فورس بنایا تھا موجودہ سی ٹی او اطہر وحید نے اسے چالان ناکوں کی پولیس بنا دیا۔ جہاں غریب رکشہ ڈرائیوروں کی ساری کمائی چھین لی جاتی ہے۔ احتجاج پر جھوٹے پرچے دیئے جاتے ہیں۔ ہمیں تو مہنگائی نے خودکشیوں پر مجبور کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پٹرول مہنگا ہوگیا۔ کبھی بجلی مہنگی کردی جاتی ہے، کبھی گیس کی قیمتوں میں اضافہ کردیا جاتا ہے، اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں بے لگام اضافہ ہوتا جارہا ہے ہماری تو ساری کمائی ان لوازمات کو پورے کرتے کرتے لٹ جاتی ہے۔ 50 درجہ حرارت کی گرمی آگ اگلتے انجن پر بیٹھ کر ایک ہزار سے 1300 روپے کمانے والا رکشہ ڈرائیور روز جیتا ہے اور روز مرتا ہے۔

اسلام آباد، سنگین جرائم میں ملوث چار مجرمان سمیت 16 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث چار مجرمان سمیت 16 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرکے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ آبپارہ، تھانہ سنبل، تھانہ کھنہ، تھانہ ہمک، تھانہ بہارہ کہو اور تھانہ پھلگراں پولیس ٹیموں نے 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا



ڈی ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نانا صاحب زیارت میں پوست کی غیر قانونی کاشت کے حوالے سے قبائلی جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں ناقص کارکردگی پر 8 ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز معطل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں 8 ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز (ڈی ایچ اوز) کو ناقص کارکردگی پر معطل کردیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق محکمہ صحت بلوچستان نے ناقص کارکردگی، غفلت اور صحت کی سہولیات میں رکاوٹ پر 8 ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز (ڈی ایچ اوز) کو معطل کیا گیا۔ محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفیکیشن کے مطابق معطل کیے گئے افسران میں ضلع چاغی، کچھی، جھل مگسی، قلعہ سیف اللہ کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز شامل ہیں۔ ان کے علاوہ ضلع لورالائی، سبی اور ڈیرہ بگٹی اور قلعہ عبداللہ کے ڈی ایچ اوز کو بھی معطل کیا گیا ہے

پاکستان میں بچوں کی اندرون ملک سمگلنگ کی روک تھام کیلئے قانون دستیاب نہیں، نجم کبزئی

دنیا بھر میں انسانی سمگلنگ کا شکار ہونے والے افراد کی تعداد 40 فیصد ہے، سیمینار سے خطاب

پشین (این این آئی) ڈپٹی کمشنر پشین زاہد خان کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پشین (جنرل) انجینئر نجم کبزئی کی زیر صدارت بچوں کے سمگلنگ، جبری مشقت، اغوا برائے تاوان، جنسی استحصال، کم عمری کی شادی اور کم عمر لڑکوں کا جنگی مقاصد میں استعمال سمیت تجارتی مراکز اور گھروں میں بچوں کے مشقت کی روک تھام سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں محکمہ پولیس، ایف آئی اے، محکمہ لیبر، سوشل ویلفیئر، زراعت اور تعلیم سمیت ضلعی بار ایسوسی ایشن، پشین پریس کلب اور غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندوں اور متعلقہ آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں شرکاء نے بچوں کے تحفظ پر سیر حاصل گفتگو کرتے ہوئے مختلف تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس کے شرکا نے بتایا کہ پاکستان میں بچوں کی اندرون ملک سمگلنگ کی روک تھام کیلئے کوئی قانون دستیاب نہیں ہے جبکہ دنیا بھر میں انسانی سمگلنگ کا شکار ہونے والے افراد کی تعداد 40 فیصد ہے اسکے علاوہ بچوں کے سمگلنگ کے کاروبار سے دنیا بھر میں اربوں ڈالر مالیت کا انتہائی منافع بخش کاروبار ہورہا ہے اس سلسلے میں فوری اور ضروری حفاظتی اقدامات کی ضرورت ہے اجلاس کے شرکاء کی تجاویز اور تحفظات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نجم کبزئی نے کہا کہ بچوں سے محنت مزدوری کروانیکی ایک بڑی وجہ غربت ہے جبکہ دوسری بڑی وجہ والدین اور سرپرست کا بچوں کے حقوق اور تحفظ سے متعلق لاعلمی ہیاس کے ساتھ ساتھ بچوں سے مزدوری کروانے والے کاروباری حضرات ایک بچہ کی کم اجرت پر مزدوری کرنے کا لالچ بھی شامل ہے جبکہ بچوں کے مقابلے میں بڑے زیادہ اجرت لیتے ہے

بلوچستان حکومت، گرینڈ الائنس میں مذاکرات، مسئلہ خوش اسلوبی سے حل

گرینڈ الائنس کے گرفتار افراد کی رہائی ممکن بنانے پر چوہدری منظور احمد کے شکر گزار ہیں، سلطان خان

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکریٹری جنرل سلطان محمد خان نے بلوچستان کے پروفیسرز، ٹیچرز، آفیسرز اور، آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صوبائی چیئرمین شاہ علی بگٹی سمیت دیگر سرکاری ملازمین پر مشتمل گرینڈ الائنس کے 140 سے زائد گرفتار افراد کی رہائی ممکن بنانے میں اہم ترین کردار ادا کرنے پر ممبر پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی اور انچارج پیپلز لیبر بیورو سابق ایم این اے چوہدری منظور احمد سے اظہار تشکر کرتے ہوئے ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان نے گرینڈ الائنس کے گرفتار افراد کی رہائی کے سلسلے میں چوہدری منظور احمد سے بات کی تو انہوں نے اس حوالے سے مثبت کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی اور پھر چوہدری منظور احمد نے اسلام آباد میں اعلیٰ حکام سے گرینڈ الائنس کے گرفتار افراد کی رہائی کے حوالے سے بات چیت کی تو اعلیٰ حکام کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو گرینڈ الائنس کا مسئلہ افہام و تفہیم سے حل کرنے کا حکم دیا گیا، اس کے بعد بلوچستان گرینڈ الائنس کے رہنماؤں نے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی سے اہم ملاقات ہوئی

بغیر سفارش گھر بنانے کیلئے قرضوں کا اجراء قابل تقلید مثال ہے، مریم نواز

’’اپنی چھت، اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ تیزی سے کامیابی کی طرف گامزن، چند ماہ میں 50 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر کا قومی ریکارڈ قائم

گھر بیٹھے قرضوں کے لئے آن لائن اپلائی کرنے کی منفرد سہولت، اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ ہمارے لیے کسی نعمت سے کم نہیں، سائلین

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ تیزی سے کامیابی کی طرف گامزن ہے اور ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے اعلان کے مطابق ’’اپنی چھت، اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ کے تحت جون میں 50 ہزار سے زائد گھروں کا ٹارگٹ پورا کیا گیا۔ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ چند ماہ میں 50 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر کا قومی ریکارڈ قائم ہوا ہے۔ جون 2025ء تک ’’اپنی چھت، اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ کے تحت مکان بنانے کے لئے 51911 سے زائد قرضے جاری کیے جاچکے ہیں۔ ’’اپنی چھت، اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ کے تحت مختصر مدت میں 57 ارب 90 کروڑ روپے کے آسان قرضے دیئے جاچکے ہیں۔ ’’اپنی چھت، اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ کے تحت 5293 مکانوں کی تعمیر مکمل ہوچکی اور اب یہ گھر مکینوں سے آباد ہیں جبکہ 41324 گھروں کی تعمیر کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ مکینوں نے ’’اپنی چھت، اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ کو نعمت کے مترادف قرار دیا ہے۔ سائلین کو ’’اپنی چھت، اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ کے تحت پہلی مرتبہ گھر بیٹھے قرضوں کے لئے آن لائن اپلائی کرنے کی منفرد سہولت دی گئی ہے اور ’’اپنی چھت، اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ کے لئے دفاتر کے چکر لگائے بغیر قرضوں کا اجراء کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ کسی بھی سفارش کے بغیر گھر بنانے کے لئے قرضوں کا اجراء پنجاب بلکہ پاکستان کی تاریخ میں قابل تقلید مثال ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا مقصد عوام کے لئے آسانی اور سہولت پیدا کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت اپلائی کرنے والے ہر فرد کو سیاسی وابستگی سے بالا تر قرضے مل رہے ہیں۔ ملک کی تاریخ میں عوام کے گھر بنانے کا ریکارڈ قائم کیا، اپنے ریکارڈ خود ہی توڑیں گے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر محکمانہ ترقیوں کا عمل جاری

26 جونیئر کلرکوں کو سینئر کلرک کے عہدے پر ترقی دے دی گئی، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر محکمانہ ترقیوں کا عمل جاری ہے جس کے تسلسل میں 26 جونیئر کلرکوں کو سینئر کلرک کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو لیاقت علی ملک کی زیر صدارت پروموشن بورڈ کا اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے آئی جی ایڈمن اسد اعجاز ملہی، رجسٹرار رحیم احمد قریشی اور اے ڈی ایڈمن احمد نوید ملک موجود تھے۔ قواعد و ضوابط اور میرٹ پر پورا اترنے والے 26 جونیئر کلرکوں کو سینئر کلرک کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔

راولپنڈی، 5 ملزمان گرفتار، 3 کلو سے زائد منشیات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کرکے 3 کلو سے زائد منشیات برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 700 گرام چرس برآمد کی، مندرہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 20 گرام آئس برآمد کی، ویسٹریج پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 600 گرام چرس برآمد کی،

کوئٹہ، ساتویں تا دسویں محرم تک امام بارگاہوں سے منسلک فیڈرز لوڈ شیڈنگ سے مستثنیٰ قرار

مرکزی کمپلینٹ سیل کو مانیٹرنگ اور ایمرجنسی کنٹرول سینٹر قرار دیا گیا ہے، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے ساتویں، نویں اور دسویں محرم الحرام کو بجلی کی باقاعدہ اور مسلسل فراہمی کے لئے مختلف انتظامات کردیئے ہیں۔ اس سلسلے میں بجلی کی مسلسل فراہمی اور صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ کرنے کیلئے مرکزی مانیٹرنگ اور ایمرجنسی کنٹرول سینٹر (ٹیلی فون نمبر 081-9201445 اور 0812829753) قائم کردیا گیا ہے۔ جو کہ 24 گھنٹے 3 شفٹوں میں مسلسل کام کرے گا۔ کیسکو کی مرکزی مانیٹرنگ اور ایمرجنسی کنٹرول سینٹر صوبائی حکومت کے ایمرجنسی کنٹرول سینٹر 15 یعنی مددگار سینٹر سے ان متعلقہ فیڈروں کے سلسلے میں بجلی کی صورتحال پر مسلسل رابطہ میں رہے گا۔ کوئٹہ شہر میں ساتویں، نویں اور دسویں محرم الحرام کو امام بارگاہوں سے منسلک فیڈروں کو لوڈ شیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ محرم الحرام کے جلوس والے راستوں میں بجلی کی مسلسل فراہمی اور صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ کیلئے مرکزی مانیٹرنگ و ایمرجنسی کنٹرول سینٹر کسی بھی علاقہ میں بجلی منقطع ہونے کی صورت یا شکایت موصول ہونے کے بعد بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے گا۔

اسلام آباد، راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے



ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن اشوک کمار راجپوت گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول چمن کے اچانک دورے کے موقع پر مختلف کلاس رومز کا معائنہ کر رہے ہیں

اقوام متحدہ کے ادارہ برائے ڈرگز اینڈ کرائم کے اعلیٰ سطحی وفد کی سنٹرل پولیس آفس آمد

سینئر نیشنل کنسلٹنٹ سابق آئی جی طارق کھوسہ کی قیادت میں اعلیٰ سطحی کے وفد کی آئی جی ڈاکٹر عثمان انور سے ملاقات

لاہور (این این آئی) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے ڈرگز اینڈ کرائم کے اعلیٰ سطحی وفد نے سنٹرل پولیس آفس کا دورہ کیا، سینئر نیشنل کنسلٹنٹ سابق آئی جی طارق کھوسہ کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ملاقات کی۔ وفد میں یو این او ڈی سی کے نیشنل کنسلٹنٹ ایڈیشنل آئی جی (ر) سرمد سعید، نیشنل پروگرام مینیجر بیت اللہ خان، علی انتان و دیگر شامل تھے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے وفد کو آرگنائزڈ کرائم کے خاتمے کے لئے پنجاب پولیس کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت قائم کردہ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ یو این او ڈی سی اور پنجاب پولیس کے درمیان مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق رائے اور آرگنائزڈ کرائم کے تدارک کیلئے بین الصوبائی کوآرڈینیشن سے پاکستان بھر کے لئے یکساں سٹریٹجی تشکیل دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔



فیصل آباد، ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر درخواست گزاروں کے مختلف محکموں سے متعلقہ مسائل سن رہے ہیں

اقلیتوں کو اپنے نمائندے خود چننے کا حق دیا جائے، یعقوب شریف گل

اکثریتی سیاسی جماعتوں کے ذریعے اقلیتوں پر نمائندے مسلط نہ کیے جائیں، سلیم خورشید کھوکھر، آصف نذیر، ریاست شاہد

کراچی (این این آئی) منارٹیز پیپلز الائنس پاکستان نے ایک ہنگامی پریس کانفرنس میں اقلیتوں پر مسلط کیے گئے غیر جمہوری سلیکشن سسٹم کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور مطالبہ کیا کہ اقلیتوں کو اپنے نمائندے خود چننے کا جمہوری حق دیا جائے، نہ کہ اکثریتی سیاسی جماعتوں کے ذریعے ان پر نمائندے مسلط کیے جائیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرنے والوں میں پارٹی چیئرمین یعقوب شریف گل، پیٹرن ان چیف سلیم خورشید کھوکھر، سینئر نائب چیئرمین آصف نذیر، چیف آرگنائزر ریاست شاہد، ڈپٹی چیف آرگنائزر سلطان سیمون، سیکریٹری جنرل شہزاد بشیر بھٹی، ترجمان یوسف غوری اور سیکریٹری اطلاعات ذیشان عظیم گل شامل تھے۔ اس موقع پر صوبائی قائدین بھی موجود تھے،

اجرک نمبر پلیٹ منصوبہ عوام پر ثقافتی ٹیکس کا نیا بوجھ ہے، فرخ تنویر

یہ اجرک نہیں استحصالی چادر ہے جو عوام کے کندھوں پر زبردستی ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے

کراچی (این این آئی) معروف سماجی رہنما اور شہری حقوق کے ترجمان فرخ تنویر نے سندھ حکومت کی جانب سے گاڑیوں پر اجرک ڈیزائن والی نئی نمبر پلیٹوں کے لازمی نفاذ کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ نہ صرف شہریوں پر بلا جواز معاشی بوجھ ہے بلکہ ایک خوشنما دھوکہ ہے جس کا اصل مقصد صرف اور صرف ریونیو جمع کرنا ہے۔ فرخ تنویر نے کہا کہ حکومت عوام کو پینے کا صاف پانی، سستی ٹرانسپورٹ، بنیادی تعلیم اور صحت کی سہولیات دینے میں ناکام ہوچکی ہے اور اب ’’اجرک‘‘ جیسے مقدس ثقافتی نشان کو بزنس ماڈل بنا کر استعمال کررہی ہے۔ یہ ’’ثقافت کے نام پر ٹیکس‘‘ ہے، جس کا نہ کوئی جواز ہے نہ وقت۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف مہنگائی نے غریب کی کمر توڑ دی ہے، پیٹرول، آٹا، بجلی اور گیس عوام کی پہنچ سے باہر ہوچکے ہیں

اپیل

جناب آصف علی زرداری صاحب، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان
جناب شہباز شریف صاحب، وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان
جناب سید عاصم منیر صاحب، فیلڈ مارشل، چیف آف ڈیفنس فورسز پاکستان
جناب محسن نقوی صاحب، وفاقی وزیر داخلہ پاکستان
جناب عطاء اللہ تارڑ صاحب، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات پاکستان
جناب سہیل اشرف صاحب چیئرمین، کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی/ چیف کمشنر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد

انتہائی ادب و احترام سے اپیل ہے کہ آج سے کم و بیش 42 سال قبل وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بین الاقوامی اخبارات، میگزین و جرائد کی ایوان صدر، قومی اسمبلی، سینیٹ، وزرا کے دفاتر کے ساتھ بین الاقوامی ایمبیسیوں، سرکاری و غیر سرکاری دفاتر اور قارئین کرام کے گھروں پر علی الصبح ترسیل کے لئے سی ڈی اے کے جانب سے اخبار مارکیٹ بنائی گئی تھی جس میں اخبار کی صنعت کا مزدور رات کے پچھلے پہر قومی و بین الاقوامی اخبارات و جرائد کی ترسیل کے لئے اپنی خدمات پیش کرتا تھا اور اخبار مارکیٹ کے لئے طے شدہ لوازمات میں سے ابھی تک کوئی بقایا جات نہیں۔ اس دوران اخبار مارکیٹ کے بیرونی حصہ میں خالی جگہ کا بھی سی ڈی اے نے اخبار مارکیٹ کو ایک لیز جاری کی جس کا کرایہ سی ڈی اے نے کمرشل ریٹس پر وصول کرنے کا کہا جس پر اخبار فروش یونین نے سی ڈی اے سے کہا کہ اسکا کرایہ اخبار مارکیٹ بلڈنگ کے ریٹس کے مطابق طے کریں ہم کرایہ دینے کو تیار ہیں لیکن سی ڈی اے نے کوئی جواب نہیں دیا جس کے بعد اخبار فروش یونین نے یہ پلاٹ سی ڈی اے کے سپرد کر دیا بعد ازاں کافی عرصہ گزرنے کے بعد سی ڈی اے نے اس خالی پلاٹ کی مد میں لاکھوں روپے کے کرایہ کا نوٹس بھیج دیا اور اس کی عدم ادائیگی کا بہانہ بنا کر اخبار مارکیٹ کو سیل کر دیا ہے۔

اب تین سو اخبار فروش رات کے پچھلے پہر کھلے آسمان تلے سڑک پر شدید سردی، بارش طوفان میں اخبار لینے پر مجبور ہیں اور ان اخبارات و جرائد کو ایوان صدر، ایوان وزیر اعظم، وزراء کے دفاتر، بین الاقوامی ایمبیسیوں، سرکاری و غیر سرکاری دفاتر اور قارئین کرام کے گھروں تک پہنچانے کا اپنا فرض نبھا رہے ہیں جبکہ ان غریب اخبار فروشوں کی روزی کا ذریعہ اخبار مارکیٹ کو جبراً بند کر دیا گیا ہے۔

ہماری تمام قابل صد عزت و تکریم صاحبان اقتدار سے اپیل ہے کہ ہمارا حق "اخبار مارکیٹ" ہمیں واپس دیا جائے ہم سی ڈی اے کی جانب سے لگائے گئے متنازعہ واجبات کی ادائیگی کے لئے بھی تیار ہیں۔

ہمیں ایمان کی حد تک یقین ہے کہ معزز و محترم صاحبان اقتدار اخبار مارکیٹ کو ہمارے سپرد کرکے سی ڈی اے کی جانب سے کی گئی زیادتی کا ازالہ ضرور کریں گے۔

العارض

چوہدری محمد شریف	ٹکا خان
صدر اخبار فروش یونین اسلام آباد	سیکریٹری جنرل آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن
فون: 0345-5400439	فون نمبر: 0300-8500302

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

جلسہ اور جمہوریت

جلسہ جمہوریت کا حسن ہے، اگر پاکستانی سیاست کا بغور جائزہ لیا جائے تو جمہوریت کے اس حسن کو داغدار کرنے کی کوشش ہر دور میں ہوتی رہی، قائداعظم نے بڑے تاریخ ساز جلسے کیے مگر پھر لیاقت علی خان کی ایک جلسے میں شہادت کے بعد جلسوں کی سیاست کو سانپ سونگھ گیا۔ اسکے بعد سازشوں کی سیاست ہونے لگی اور پاکستانی سیاست کی تاریخ کے پہلے دس بارہ سال سازشوں کے ذریعے حکومتیں بنتی رہیں، ٹوٹتی رہیں پھر ایوب خان کا مارشل لا آ گیا، جلسے کیا ہونا تھے، سیاستدان ایبڈو کا شکار ہو گئے، احراری رہنما نوابزادہ نصر اللہ خان کو 1964 تک سیاست کا گونگا پہلوان کہا جاتا تھا پھر وہ ایسا بولے کہ انکے بول کے بغیر سیاست ادھوری ہو کے رہ گئی۔ 1964 کے آخری مہینوں میں کچھ جلسے جلوس ہونا شروع ہوئے اور پھر انہوں نے زور پکڑ لیا، شیخ مجیب الرحمٰن فاطمہ جناح کی انتخابی مہم کے انچارج تھے، مشرقی اور مغربی پاکستان کے کئی سیاستدان مادر ملت کی انتخابی مہم میں شامل رہے، صدارتی الیکشن میں درحقیقت محترمہ فاطمہ جناح جیت گئی تھیں مگر انہیں ہروا دیا گیا، واضح رہے کہ پاکستانی انتخابات میں یہ معمول کی کارروائی ہے، اس صدارتی الیکشن کے بعد جلسے پھر سو گئے۔ 1967 میں مولانا بھاشانی نے جلسوں کی سیاست کو جگایا، انہوں نے ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کسان کانفرنس کے نام پر بڑے جلسے کیے، اسی عہد میں پیپلز پارٹی وجود پا چکی تھی، ایوب خان کا آخری دور چل رہا تھا، پاکستان میں ہڑتالوں، جلسوں اور جلوسوں کا موسم تھا، بھٹو بڑے بڑے جلسے کر رہے تھے اور شیخ مجیب الرحمٰن بھی بہت بڑے جلسوں سے مخاطب ہو رہا تھا۔ 70 کے الیکشن ہوئے تو عوامی لیگ زیادہ سیٹیں جیت گئی، پیپلز پارٹی کی کم سیٹیں تھیں مگر بھٹو نے اسٹیبلشمنٹ کیساتھ ملکر کسی بھی طرح اقتدار کے حصول کی ٹھان لی پھر جو ہوا، وہ سب کے سامنے ہے۔ ایک طرح سے جمہوریت کا قتل کر کے بھٹو اقتدار پر براجمان ہوا، بھٹو نے اقتدار میں آنے کے بعد مخالفین کو کچلنا شروع کر دیا، وہ اپنی جماعت کے لوگوں کو بھی معاف نہیں کرتا تھا، کبھی حاکم علی زرداری زیرِ عتاب رہے تو کبھی حنیف رامے کو اٹھا لیا گیا، ملک سلمان پر مشکلات عذاب بنکر ٹوٹ پڑیں، مخالفین کے جلسے روکنے کی روایت بھٹو دور میں بہت مضبوط ہوئی، مخالفین کی جلسہ گاہ میں کبھی پانی چھوڑ دینا اور کبھی طاقت کے زور پر جلسہ روک دینا، ایک رواج بن گیا۔ اگلے الیکشن نے بھٹو کے مخالفین کو اکٹھا کیا اور قومی اتحاد بن گیا، جب الیکشن کا اعلان ہو جائے تو پھر ظاہر ہے ہر ایک کو جلسوں کا حق مل جاتا ہے، سو قومی اتحاد نے 1977 کے الیکشن کے موقع پر بڑے بڑے جلسے کیے، بڑے بڑے جلوس نکالے مگر بھٹو اس دوران بھی سیاسی مخالفین کو کچلنے کا سبق نہ بھولے، انہوں نے مولانا جان محمد عباسی کو اغوا کروایا، ان کی خواہش تھی میری طرح میرے وزرا اور پارٹی کے بڑے رہنما بھی بلا مقابلہ منتخب ہوں، سو بلا مقابلہ فلم کی تکمیل کیلئے بہت سے کردار اٹھا لیے گئے، الیکشن ہوا، دھاندلی کا شور مچا، یہ شور احتجاجی تحریک میں بدلا اور احتجاجی تحریک بھٹو کو لے ڈوبی۔ ملک میں مارشل لا آ گیا، چند سال بعد ایم آر ڈی کی تحریک چلی، 1985 میں غیر جماعتی الیکشن ہوئے، پارٹیاں تو جلسے نہ کر سکیں، امیدواروں نے انفرادی حیثیت میں جلسے کیے۔ اپریل 1986 میں بینظیر بھٹو جلاوطنی ختم کر کے آئیں تو انہوں نے مینار پاکستان پر بڑا جلسہ کیا۔ 1988 کے الیکشن میں بے نظیر بھٹو اور آئی جے آئی کے رہنماوں نے بڑے جلسے کیے۔ 90 کی پوری دہائی میں بینظیر بھٹو اور نواز شریف جلسوں کیساتھ سیاست کے بڑے کردار رہے، اسکے بعد جنرل مشرف اقتدار میں آ گئے، مشرف کا ابتدائی دور ن لیگ پر بھاری گزرا مگر 2002 کے الیکشن میں جلسوں کا ماحول سب کیلئے یکساں تھا۔ 2008 کے الیکشن سے پہلے بھی جلسوں کا ماحول سب کو میسر تھا، 27 دسمبر 2007 کو راولپنڈی میں ایک جلسے کے اختتام پر محترمہ بے نظیر بھٹو کو شہید کر دیا گیا، اس کے بعد جلسے بھی سوگ کی کیفیت میں چلے گئے۔ اکتوبر 2011 میں عمران خان نے مینار پاکستان پر ریکارڈ توڑ جلسہ کیا، اس کے بعد عمران خان نے کئی جلسے کیے۔ 2013 کے الیکشن کے بعد دھاندلی کا شور مچا، اس پر تحریک انصاف نے دھرنے کی سیاست متعارف کروائی، ڈاکٹر طاہر القادری کی عوامی تحریک کے لوگ بھی دھرنا دینے میں کامیاب ہوئے، یوں اسلام آباد کے ڈی چوک میں دو دھرنے تھے مگر یہ دھرنے اپنے مقاصد حاصل کرنے میں کسی حد تک ناکام رہے۔ 2018 کے الیکشن میں بھی تمام جماعتوں کو جلسوں کی آزادی تھی۔ 2024 کے الیکشن کے موقع پر پی ٹی آئی کیلئے یہ آزادی سلب کر لی گئی، جلسے تو دور کی بات، پی ٹی آئی کے لوگوں کیلئے کاغذات جمع کرانا بھی جوئے شیر لانے کے مترادف بن گیا، الیکشن کا مرحلہ سب کیلئے جلسوں کے دروازے کھول دیتا ہے مگر پی ٹی آئی کیلئے یہ دروازے بند رہے بلکہ اس دوران پی ٹی آئی کے سربراہ عمران خان کو بھی پابند سلاسل رکھا گیا، یہ واحد جماعت تھی جسے انتخابی نشان سے محروم کر دیا گیا، الیکشن ہوئے تو بے نشان پارٹی کے لوگ جیت گئے مگر پھر 9 فروری کو جیت پر پاوں رکھ کر پی ٹی آئی مخالف امیدواروں کو جتوا دیا گیا، فارم 47 کے تحت حکومتیں قائم کر دی گئیں مگر پی ٹی آئی کیلئے خزاں کا موسم برقرار رکھا گیا، گزشتہ سات مہینوں میں پی ٹی آئی نے متعدد مرتبہ جلسہ کرنے کی کوشش کی مگر ہر مرتبہ انتظامیہ نے اس کوشش پر پانی پھیر دیا، اب ستمبر میں عدالتی مداخلت کے بعد پی ٹی آئی دو جلسے کرنے میں کامیاب ہوگئی، یہ دو جلسے اسلام آباد اور لاہور کے مضافات میں ہوئے، انتظامیہ نے پکڑ دھکڑ، مقدمات اور کنٹینرز سے خوب کام لیا، یہ پہلا موقع ہے کہ اتنے سخت قسم کے این او سیز جاری کیے گئے، جلسوں کیلئے اس طرح وقت مقرر کیا گیا کہ جیسے کسی شادی ہال میں منگنی کی کوئی تقریب ہو۔ یہ سب کچھ بظاہر ایک جمہوری حکومت کے دور میں ہو رہا ہے، اگر سیاستدان ہی جمہوریت کے حسن کے دشمن بن جائیں تو پھر جمہوریت کا خدا حافظ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

انہونی کے خوف سے جنم لیتا بحران

تحریر: عرفان صدیقی

12 جولائی 2024 کا آٹھ رکنی عدالتی فیصلہ، کثیر الاولاد بحران کی طرح مسلسل بچے جنتا چلا جا رہا ہے۔ اس نے ایک ایسے اونٹ کی شکل میں جنم لیا جس کی کوئی کل سیدھی نہ تھی۔ اب وہ محاورے کی زبان میں چینی آبگینوں کی دکان میں بپھرا ہوا سانڈ (A bull in the China shop) بن چکا ہے۔ طلسم ہوش ربا کا آغاز اس وقت ہوا جب متعدد بار یاد دہانیوں کے باوجود تحریکِ انصاف اپنے ہی دستور کے مطابق داخلی انتخابات (Intra Party Election) نہ کرا سکی اور الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت انتخابی نشان سے محروم ہوگئی۔ اسکے حمایت یافتہ امیدواروں کو آزاد کے طور پر انتخابات میں حصہ لینا پڑا۔ 21 فروری کو الیکشن کمیشن نے کامیاب امیدواروں کے نوٹیفکیشن جاری کیے۔ 22 فروری کو پی۔ٹی۔آئی سے رشتہ و تعلق کے دعویدار 80 کامیاب ارکان، اپنی قیادت کی ہدایت پر، سنی اتحاد کونسل میں شامل ہوگئے۔ یوں انہوں نے آئین اور قانون کا تقاضا پورا کر دیا جس کے تحت آزاد امیدواروں کو تین دِن کے اندر اندر کسی جماعت میں شامل ہونے یا آزاد رہنے کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ پانچ سال کیلئے سنی اتحاد کونسل کے پنجرے میں بند ہو جانے کے بعد یہ امیدوار آئندہ کیلئے اپنا فیصلہ بدلنے کے اختیار سے محروم ہوگئے۔ پی۔ٹی۔آئی کے کسی رکن نے آج تک اپنا فیصلہ بدلنے کیلئے الیکشن کمیشن، اسپیکر یا کسی عدالت سے رجوع نہیں کیا۔

ایک بڑی پارلیمانی پارٹی بن جانے کے بعد اب سنی اتحاد کونسل کی نظریں خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستوں پر تھیں۔ اس نے الیکشن کمیشن سے رجوع کیا۔ ایک کے مقابلے میں چار ارکان نے اسکی درخواست مسترد کر دی۔ سنی اتحاد کونسل فوری طور پر پی۔ٹی۔آئی کی مادرِ مشفق کی شہرت رکھنے والی پشاور ہائیکورٹ پہنچ گئی۔ پانچ سینئر جج صاحبان پر مشتمل بینچ نے 14 مارچ کو یہ اپیل مسترد کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کا فیصلہ برقرار رکھا۔ دِل برداشتہ سنی اتحاد کونسل نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کر دی۔

یہاں تھوڑا سا دم لے کر آگے چلتے ہیں۔ اپریل میں دائر کی گئی اپیل ابھی سماعت کو نہیں لگی تھی کہ 3 مئی 2024 کو چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں جوڈیشل کمیشن کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں تین سینئر جج صاحبان، جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس منیب اختر اور جسٹس یحییٰ آفریدی بھی ...

غیر مصدقہ خبریں پہلے سے میڈیا کی زینت بن رہی تھیں کہ حکومت ججوں کی عمریں بڑھا کر، یا معیادِ عہدہ میں توسیع کر کے جسٹس فائز عیسیٰ کو برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ قاضی صاحب کا ایک بیان بھی آیا کہ حکومت اِس رعایت کا آغاز میرے بعد آنیوالوں سے کرے۔ بہرحال 3 مئی کے جوڈیشل کمیشن اجلاس نے خطرے کی ایسی گھنٹی بجا دی کہ چیف جسٹس کے منصب کیلئے قطار میں لگے امیدواروں کی راتیں بے خواب ہوگئیں۔ انہونی کا خوف رگ و پے میں رینگنے لگا۔ انہوں نے طے کر لیا کہ کسی طور حکومت کو دو تہائی اکثریت نہیں ملنی چاہیے تاکہ آئینی ترمیم نہ ہو سکے۔

جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کے صرف تین دِن بعد، 6 مئی کو سنی اتحاد کونسل کی اپیل سماعت کیلئے لگ گئی۔ اسی دِن جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں بنے بینچ نے پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے بحرانی آتش فشاں کے دہانے سے ڈھکن اٹھا دیا۔ جج صاحبان کا آئینی حلف قرار دیتا ہے کہ . . . میں ہر حالت میں بلاخوف و رعایت اور بلا رغبت وعناد قانون کے مطابق انصاف کرونگا۔ میں نے کسی کالم میں کہا تھا کہ آئینی و قانونی معاملات میں، درخشاں روایات کی حامل ہماری عدلیہ کا شاید ہی کوئی فیصلہ اِن چار آئینی ممنوعات خوف، رعایت، رغبت اور عناد سے پاک ہو۔ تیرہ رکنی فل کورٹ بیٹھا۔ آٹھ ارکان نے قرار دیا کہ خصوصی نشستیں اپیل کنندہ جماعت، سنی اتحاد کونسل کو نہیں ملیں گی۔ یہ اس پی۔ٹی۔آئی کو ملیں گی جو اِن نشستوں کیلئے الیکشن کمیشن کے پاس گئی، نہ پشاور ہائیکورٹ کے پاس، نہ سپریم کورٹ کے پاس۔ فیصلہ کرنیوالوں میں مستقبل کے تین پرامید جج صاحبان، جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس منیب اختر اور جسٹس عائشہ ملک، شامل تھے۔ انہونی کے خوف کا جادو سر چڑھ کر بولنے لگا۔

یہ عجیب الخلقت فیصلہ آنے کے فوراً بعد، 15 جولائی کو مسلم لیگ (ن) نے نظرثانی کی درخواست دائر کر دی۔ 18 جولائی کو پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے مطابق چیف جسٹس اور دو سینئر ترین ارکان کا اجلاس ہوا تو قاضی فائز عیسیٰ نے اس اہم مقدمے کے حوالے سے ...

26ویں آئینی ترمیم

تحریر: خزیمہ انصاری

بالآخر وہی ہوا جس کا خدشہ تھا۔ وزیراعظم کے سیاسی امور کے مشیر رانا ثنا اللہ بلند آواز میں کہہ رہے تھے کہ ہمارے نمبرز پورے نہیں لہٰذا ہمیں اس وقت تک آئینی ترمیم لانے کی بات زبان پر نہیں لانی چاہیے ... ماضی میں منظور کی گئیں ترامیم کے وقت کیا گیا۔ مولانا فضل الرحمٰن کو 26ویں آئینی ترمیم کی کچھ شقوں پر تحفظات ہیں اسی طرح پی ٹی آئی کو بھی یہ آئینی ترمیم ... کیلئے نام قومی اسمبلی کی کمیٹی وزیراعظم کو بھجوائے گی قومی اسمبلی کی کمیٹی 3 ججوں میں سے چیف جسٹس کا انتخاب کرے گی یہ کمیٹی قومی اسمبلی کے 8 ارکان پر مشتمل ہوگی جس کا انتخاب اسپیکر قومی اسمبلی کریگا، اس میں نمائندگی پارلیمانی پارٹی کے تناسب سے دی جائیگی، کمیٹی چیف جسٹس کی ریٹائرمنٹ سے 7 روز قبل سفارشات وزیر ...

ایک کتاب دو مصنف

کسی بھی ریاست، حکومت، سماج کی سیاسی، سماجی، انتظامی، قانونی، علمی و فکری سمیت معاشی ساکھ کی حیثیت اس ریاست میں موجود آئین و قانون کی حکمرانی سے جڑی ہوتی ہے۔ کیونکہ آج کی جدید ریاستی تصورات میں آئین و قانون کی حکمرانی کی بنیاد پر عالمی سطح پر ریاستوں کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔ ایسی جدید ریاستیں آئین و قانون کے تابع ہوتی ہیں اور تمام شہریوں اور اداروں کو آئین و قانون کے تابع رکھتی ہیں۔ آئین و قانون کی حکمرانی کسی بھی نظام کی ایک طرف کنجی اور دوسری طرف ریاست کی پالیسی اور ترجیحات کا تعین کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔ اسی کو بنیاد بنا کر پارلیمنٹ اور حکومت نظام مملکت چلاتی ہے۔

پاکستان میں حکمرانی کے نظام کا تجزیہ کیا جائے تو اس میں ایک دو نہیں بلکہ سیکڑوں ابہام موجود ہیں جس کی وجہ آئین اور قانون صرف طاقت ور افراد یا گروہوں کے مفادات کا تحفظ کرتا ہے۔ ان خرابیوں کو کسی نے دور کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اس میں محض فوجی حکمرانوں، عدلیہ اور بیوروکریسی کا ہی قصور نہیں بلکہ سیاسی قیادت بھی برابر کی شریک ہے۔ بالا دست حکمرانوں اور نوکرشاہی کی من مانیوں اور سیاستدانوں کی مفاد پرستیوں کی قیمت پاکستان کے کمزور طبقے چکا رہے ہیں۔ اس میں حکمران طبقات کا کوئی ایک گروہ نہیں بلکہ سب ہی ذمے دار ہیں۔

پاکستانی صحافت کا ایک بڑا معتبر نام الطاف حسن قریشی کا ہے۔ 1960 سے ان کی ان کی ادارت میں چلنے والا ملک کا معروف ماہ نامہ اردو ڈائجسٹ ان کی صحافتی ساکھ کو نمایاں کرتا ہے۔ الطاف حسن قریشی کا صحافت کا سفر چھ سے سات دہائیوں سے جاری ہے اور اس بزرگی میں بھی ان کی علمی و فکر جستجو جاری ہے اور تواتر کے ساتھ لکھ رہے ہیں۔ وہ روزمرہ کے سیاسی معاملات میں الجھنے کی بجائے کئی برسوں سے فکری کاموں سے جڑے ہیں اور اپنی یاداشتوں پر مشتمل کتابیں بھی لکھ رہے ہیں۔ اس کام میں ان کو اپنے پوتے افنان حسن قریشی کی بھرپور معاونت حاصل ہے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف نیشنل افیرز (پائنا) نامی تھنک ٹینک کی سربراہی بھی الطاف حسن قریشی کے پاس ہے۔ انھیں قومی صحافت کا انسائیکلو پیڈیا کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا۔

الطاف حسن قریشی کا تازہ تصنیف میں نے آئین بنتے دیکھا ہے جس کی جلد اول شائع ہوئی ہے۔ پنجاب یونیورسٹی لا کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ شریک مصنف کے طور پر موجود ہیں۔ ڈاکٹر امان اللہ نئی نسل کو قانون پڑھاتے ہیں۔ وہ آئینی اور سیاسی تاریخ کے طالب علم اور استاد کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انھوں نے قانون میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے جب کہ عالمی سطح پر پڑھنے اور پڑھانے کا تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ ساوتھ ایشیا یونیورسٹی نیو دہلی میں بھی پڑھاتے رہے ہیں۔ کتاب میں آئینی و قانونی داستان یا دستاویزات کو بہت ہی عام فہم اور دلچسپ پیرائے میں قلم بند کیا گیا ہے۔ الطاف حسن قریشی و ڈاکٹر امان اللہ کی یہ مشترکہ تصنیف کو ہمارے دوست قلم فاونڈیشن کے سربراہ علامہ عبدالستار عاصم نے شائع کیا ہے۔

کتاب کا انتساب نئی نسل کے نام ہے۔ 25 ابواب پر مشتمل یہ کتاب واقعی ایک تاریخی دستاویز ہے۔ علم و فکر اور تحقیق کے طالب علموں کے لیے یہ کتاب بڑی اہم دستاویز ہے۔ کتاب کے اہم ابواب میں ابتدائی قانونی ڈھانچہ و خود ساختہ تنازعات، حکمرانی سے غلامی، سرسید کی تعلیمی، گول میز کانفرنس سے آئین 1935 کی تدوین جنگ، قرداد لاہور، علیحدہ وطن کا قومی مطالبہ، قائداعظم کا 11 اگست کو اہم خطاب، محمد علی جناح کے دستوری تصورات جیسے اہم موضوعات شامل ہیں۔

الطاف حسن قریشی نے اپنے اہم مقدمہ میں تقسیم ہند پر سیاسی ماحدہ، آئینی تصورات سے پہلی آگاہی، پاکستان کی طرف ہجرت، جہاد کشمیر کا قضیہ، اسلامی دستور سے وابستگی کی پہلی آزمائش، قدرت کی عجب کرم فرمائی، چشم کشا تقریر، رب کریم کی عنایات بے پایاں، آئین شناسی کی ایک اور آزمائش، دستور شناسی کا وسیع دائرہ پر پیش کیا ہے جو پڑھنے کے لائق ہے۔ بقول ڈاکٹر امان اللہ کے اردو میں یہ پہلی کتاب ہے۔ جس میں آئین و قانون کے مشکل اور خشک مضامین اس طرح بیان کیے گئے ہیں کہ وہ اپنے اندر بلا کی دلچسپی کے ساتھ ساتھ معاشرے کی نشو و نما کے لیے گہری معنویت اپنے دامن میں لیے ہیں اس میں ان مسلم تحریکوں کا بھی تفصیل سے ذکر ہے جن کی بدولت برطانوی عہد میں آئینی اصلاحات کا سلسلہ شروع ہو کر قیام پاکستان پر منتج ہوا۔ کوشش کی گئی ہے کہ آئین و قانون کی شقوں کا حوالہ دینے اور ان کی تعبیر و تشریح کرنے میں کوئی سقم نہ رہ جائے یا ان کے بقول آئین کی روح تک پہنچے کا عمل جس قدر مستحکم ہوگا، اسی قدر آئین کی بالادستی کا منظر نامہ حسین اور خوب تر ہوتا جائے گا اور یہ عمل ہماری ترجیحات کا حصہ ہونا چاہیے۔

الطاف حسن قریشی کی عمر 93 برس ہے۔ اس سے قبل ان کی دو کتابیں جنگ ستمبر کی یادیں اور مشرقی پاکستان، ایک ٹوٹا ہوا تارا نے علمی و فکری حلقوں میں کافی شہرت پائی۔ اس کتاب میں اصل توجہ قیام پاکستان کی کہانی کے گرد گھومتی ہے۔ الطاف حسن قریشی اس کتاب کے دوسرے حصے یا جلد میں قیام پاکستان کے بعد کی کہانی کو پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اصل میں ہمیں دیانت داری سے اس تجزیہ کی ضرورت ہے کہ پاکستان کیونکر ایک سیاسی، جمہوری، آئینی اور قانونی ریاست کے طور پر اپنی ساکھ کیونکر قائم نہیں کر سکا

بلوچستان کابینہ کے ارکان، صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین اسمبلی بھی شریک تھے۔

افغان طالبان اور پی ٹی آئی

پاکستان تحریک انصاف نے کئی پالیسیاں اپنائیں جو نہ صرف ملک کے اندر بلکہ عالمی سطح پر بھی تنقید کا نشانہ بنیں۔ ان پالیسیوں میں سے ایک خیبر پختونخوا کے وزیراعلی، جناب علی امین گنڈاپور کی افغان طالبان سے براہ راست مذاکرات کی کوششیں ہیں۔ یہ قدم نہ صرف آئینی حدود سے تجاوز ہے بلکہ پاکستان کی سلامتی اور بین الاقوامی تعلقات کے حوالے سے بھی خطرات پیدا کر سکتا ہے۔ پاکستان کے آئین کے تحت بین الاقوامی معاملات اور خارجہ پالیسی پر فیصلے کرنے کا حق صرف وفاقی حکومت کو حاصل ہے، کسی بھی صوبے کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ خودمختار طور پر بین الاقوامی سطح پر کوئی قدم اٹھائے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وزیراعلی گنڈاپور کو افغان طالبان سے براہ راست مذاکرات کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ کیا وفاقی حکومت اس عمل سے آگاہ تھی؟ کیا یہ قدم پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اصولوں کے مطابق تھا؟ ان سوالات کا جواب نہ صرف پی ٹی آئی کو دینا ہوگا بلکہ ملک کے عوام کو بھی ان اقدامات کے پس پردہ حقائق سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔ تحریک انصاف کی قیادت اور طالبان کے درمیان قربت اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی۔ مختلف مواقع پر پی ٹی آئی کی حکومت نے طالبان کیساتھ نرم رویہ اختیار کیا، جو نہ صرف پاکستان کی اندرونی سیکورٹی کیلئے نقصان دہ ثابت ہو رہا ہے بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ پاکستان میں طالبان کی موجودگی اور تحریک انصاف کی قیادت کی جانب سے انکے ساتھ تعلقات میں نرمی دہشت گردی کے خطرات کو مزید بڑھا سکتی ہے، خاص طور پر خیبر پختونخوا اور بلوچستان جیسے صوبوں میں جہاں دہشت گرد گروہ پہلے ہی متحرک ہیں۔ افغان طالبان اور تحریک طالبان پاکستان (TTP) کے درمیان تاریخی طور پر روابط موجود ہیں، اور یہ روابط تحریک طالبان پاکستان کو تقویت دینے کا باعث بن سکتے ہیں۔ افغان طالبان کیساتھ مذاکرات کا عمل تحریک طالبان پاکستان کیلئے بھی حوصلہ افزا ثابت ہو سکتا ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں پہلے ہی دہشت گردی کا سامنا کرنے والے عوام اور سیکورٹی فورسز کو یہ پیغام جائے گا کہ حکومت طالبان کے ساتھ نرم رویہ رکھ رہی ہے، جس سے ان گروہوں کی کارروائیاں مزید بڑھ سکتی ہیں۔ ان صوبوں میں نہ صرف امن و امان کی صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے بلکہ ترقیاتی منصوبے اور سرمایہ کاری کے امکانات بھی معدوم ہو سکتے ہیں، کیونکہ ایسی صورتحال میں سرمایہ کار اور ترقیاتی ادارے خوفزدہ ہو جاتے ہیں۔ افغان طالبان کے ساتھ پی ٹی آئی کی مذاکراتی پالیسی کا ایک اور نتیجہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بلوچستان میں تحریک طالبان پاکستان کی سرگرمیاں مزید بڑھ جائیں۔ بلوچستان پہلے ہی دہشت گردی اور علیحدگی پسندی کا شکار ہے، اور افغان طالبان کے ساتھ کسی بھی قسم کے تعلقات سے وہاں کی صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے۔ تحریک طالبان پاکستان کو افغان طالبان کی حمایت ملنے سے وہ بلوچستان میں اپنی جڑیں مضبوط کر سکتی ہے، جس سے صوبے کی صورتحال مزید کشیدہ ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔ پی ٹی آئی کی قیادت کو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ افغان طالبان کے ساتھ مذاکرات کی پالیسی ملکی داخلی سیاست پر بھی اثر انداز ہو سکتی ہے۔ اس پالیسی پر پاکستان کی دیگر سیاسی جماعتوں اور عوامی حلقوں کی جانب سے شدید تنقید کی جا سکتی ہے۔ عوام کے ذہنوں میں یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ کیوں ایک ایسی تنظیم کے ساتھ مذاکرات کیے جا رہے ہیں جس نے ہزاروں بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنایا اور ملک میں دہشت گردی کو فروغ دیا؟ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف طویل اور سخت جنگ لڑی ہے، جس میں ہزاروں فوجیوں اور شہریوں نے جام شہادت نوش کیا ہے اور اب بھی کر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی کو اس حقیقت کا ادراک کرنا چاہیے کہ افغان طالبان کے ساتھ مذاکرات نہ صرف آئینی خلاف ورزی ہیں بلکہ یہ پاکستان کی سلامتی کیلئے بھی سنگین خطرات پیدا کر سکتے ہیں۔ تحریک طالبان پاکستان کو اس پالیسی سے حوصلہ مل سکتا ہے، اور خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ان کی سرگرمیاں مزید بڑھ سکتی ہیں۔ عالمی سطح پر پاکستان کو تنقید کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، اور ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لیے پی ٹی آئی کی قیادت کو اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنی چاہئے، اور دہشت گردی کے خلاف سخت موقف اپنانا چاہیے تاکہ ملک میں امن و استحکام قائم ہو سکے۔ ملک کو اس وقت قومی یکجہتی اور دہشت گردی کیخلاف مضبوط حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام پہلے ہی دہشت گردی کے ہاتھوں مشکلات کا شکار ہیں، اور انہیں ایک ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو ان کی حفاظت اور ترقی کو یقینی بنا سکے۔ پی ٹی آئی کی حکومت کو اپنے اقدامات پر غور کرنا ہوگا، اور یہ سمجھنا ہوگا کہ بین الاقوامی تعلقات اور خارجہ پالیسی وفاقی حکومت کا دائرہ کار ہیں، اور صوبائی حکومتوں کو ان معاملات میں مداخلت سے گریز کرنا چاہیے۔

آئی ایم ایف پروگرام

تحریر: ہمدان عبداللہ

سینہ زوری

تحریر: اسحاق ساقی

عمران خان کا ریاست دشمن ایجنڈا

تحریر: وسیم کھوڑو

... بندی اور اس پر عمل درآمد کرانے میں مرکزی حیثیت رکھتے تھے جبکہ یہ بھی یقین کے ساتھ کہا جاتا ہے سابق چیف جسٹس ثاقب نثار جو پورے خاندان سمیت عمران خان کے سحر میں گرفتار تھے، لیگل کور کے علاوہ عمران خان کو عدالتوں سے ریلیف فراہم کرنے کے ذمہ دار تھے۔ اس بارے میں ان کے اور ان کیا اہل خانہ کی آڈیو لیکس کے علاوہ بعض قابل گرفت شواہد حاصل کر لئے گئے ہیں جن کا تجزیہ کیا جا رہا ہے تاہم ابھی سابق چیف جسٹس کے خلاف ...


پاکستان کا حقیقی امیج

تحریر: ابوسفیان تیفانی

ٹارزن سیاست میں

تحریر: طارق شاداب

آپ نے ٹارزن کا نام ضرور سنا ہوگا۔ اگر نہیں سنا ہے تو پھر یہ بہت افسوس ناک بات ہے۔ اسکا مطلب یہ ہوا کہ آپ کھوئے ہوئے، غافل اور مستغرق رہتے ہیں۔ آپ کے اردگرد کیا ہو رہا ہے، کیسے کیسے گل کھلائے جا رہے ہیں، آپ نہیں جانتے۔ یا پھر آپ بہت چھوٹے ہیں۔ ننھے منے ہیں، علم اور ابلاغ کے سنہری دور کے بعد اس دلفریب دنیا میں تشریف لے آئے ہیں۔ دیر سے اس دنیا میں آنے کا ملال آپ کو اسلئے بھی ہو رہا ہوگا، کیونکہ کھانے کیلئے اپ کو پکی پکائی روٹی مل رہی ہے۔ آپ کو آٹا گوندھنے کی زحمت اٹھانی نہیں پڑتی ہوگی۔ میں جس دور کی بات کر رہا ہوں، اس دور میں تب رنگین ٹیلیویژن، فون کے بعد موبائل فون ایجاد کرنے کی سعی ہو رہی تھی۔ دنیا میں کچھ بھی اچانک، آنکھ جھپکتے ایجاد نہیں ہوتا۔ تیر کمان کو مشین گن اور کلاشنکوف بننے میں برسہا برس لگ جاتے ہیں۔ مقصد وہی رہتا ہے۔ فاصلے سے دشمن کو ٹھکانے لگانا۔ ہمارے دور میں ٹارزن کے قصے کہانیاں، اسکیچ کے ساتھ اخبارات میں شائع ہوتے تھے۔ ٹارزن کے قصے کہانیوں کیساتھ کیپٹن مارویل اور رابن ہڈ کے قصے کہانیاں بھی اخبارات میں شائع ہوتے تھے۔ مگر جو بات ٹارزن کے قصے کہانیوں میں ہوتی تھی، وہ بات رابن ہڈ اور کیپٹن مارویل کے قصے کہانیوں میں نہیں ہوتی تھی۔ مشہور تھا کہ پڑھنے والے صبح سویرے اخبارات میں شہ سرخیاں پڑھنے سے پہلے ٹارزن کی قسط وار کہانیاں پڑھتے تھے۔ قصے کہانیوں والا ٹارزن آپ کی اور میری طرح آدمی ہوتا تھا۔ مگر وہ سوٹ بوٹ اور نیکٹائی نہیں لگاتا تھا۔ وہ صرف جانگیا پہنتا تھا۔ چونکہ ٹارزن جنگلوں کا باسی تھا اور کسی دفتر میں سرکاری افسر لگا ہوا نہیں تھا، اسلئے وہ ایک جانگیے پر اکتفا کرتا تھا اور سوٹ بوٹ، کوٹ پہن کر اور ٹائی لگا کر افسر یعنی بیوروکریٹ نظر آنے کی کوشش نہیں کرتا تھا۔ وہ کمزور اور ناتواں جانوروں کی حفاظت کرتا تھا۔ چھوٹے موٹے جانوروں کو خونخوار جانور کے قہر سے بچاتا تھا۔ شیروں، چیتوں اور مگرمچھوں سے لڑ سکتا تھا۔ اسلئے کمزور اور ناتواں جانوروں میں مقبول تھا۔ بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر ٹارزن ناپید ہوتے جا رہے ہیں۔ سنا ہے کہ وہ مائیں مرگئی ہیں جو ٹارزن کو جنم دیتی تھیں۔ اب تو شاذ و نادر ہی ٹارزن دکھائی دیتے ہیں۔ میں جس ٹارزن کا قصہ آپ کو سنا رہا ہوں، وہ ٹارزن سجن بیپرواہ کے نام سے مشہور تھا۔ ٹارزن کسی کی پرواہ نہیں کرتا تھا سوائے اپنی گول مٹول گرل فرینڈ کے۔ اتفاقاً ہمارے پڑوس میں ایک دبلا پتلا، کمزور اور مریل پڑوسی رہتا تھا۔ اس کا نام سجن تھا۔ وہ سب کی پرواہ کرتا تھا۔ وہ درختوں، بجلی کے کھمبوں اور ڈھکن کے بغیر کھلے ہوئے گٹروں کو بھی احتراماً سلام کرتا تھا۔ اس کے برعکس ٹارزن سوائے اپنی پلپلی گرل فرینڈ کے کسی کی پرواہ نہیں کرتا تھا لہٰذا لوگوں نے ٹارزن کو سجن بے پرواہ کے لقب سے نوازا تھا۔ ایک مرتبہ نہ جانے کیا ہوا۔ ٹارزن کو بیٹھے بٹھائے سیاستدان بننے کا شوق چرایا۔ دو چار دوستوں سے مشورہ کرنے کے بعد ٹارزن نے ٹارزنی چھوڑ دی اور غریب ہم وطنوں کی خدمت کرنے کا بیڑا اٹھا لیا۔ دوستوں نے محسوس کرایا کہ ٹارزن عرف سجن بیپرواہ سیاست کی س سے بھی واقف نہیں تھا۔ ٹارزن ...







وزیراعلیٰ بلوچستان کے ترقیاتی وژن کی تکمیل، صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کی فیلڈ مانیٹرنگ



خصوصی رپورٹ

نصیر آباد ڈویژن کے ضلع صحبت پور سے تعلق رکھنے والے معروف زمیندار اور سیاسی و سماجی روایات کے حامل گھرانے میں پرورش پانے والے بلوچستان اسمبلی کے رکن صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ کا شمار بلوچستان کے ان عوام دوست اور متحرک سیاسی رہنماؤں میں ہوتا

شہروں سے منسلک کرنے کے ساتھ ساتھ کسانوں، تاجروں اور عام شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ ان کا وژن ہے کہ ترقی کے ثمرات صرف بڑے شہروں تک محدود نہ رہیں بلکہ دور دراز علاقوں کے عوام بھی یکساں طور پر مستفید ہوں۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ کا سیاسی طرز عمل اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ عوامی نمائندگی محض ایک منصب نہیں بلکہ ایک بڑی ذمہ داری ہے، جسے دیانت داری، خلوص اور احساس ذمہ داری کے ساتھ نبھانا ضروری ہے۔ یہی بے لوث جذبہ خدمت، عوام سے قربت اور علاقے کی ترقی کے لیے مسلسل جدوجہد ان کی سیاسی شناخت اور عوامی مقبولیت کا نمایاں حوالہ ہے۔ موجودہ صوبائی حکومت میں صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے محکمے کا قلمدان سنبھالنے کے بعد اپنی تمام تر توجہ، صلاحیتیں اور توانائیاں محکمہ مواصلات وتعمیرات کی کارکردگی کو مزید مؤثر اور

تعمیراتی میٹریل کے معیار، مقررہ مدت میں تکمیل، سرکاری وسائل کے شفاف استعمال اور عوامی ضروریات کے مطابق منصوبوں کی افادیت کو یقینی بنانا بھی ہے۔ صوبائی وزیر کی جانب سے متعلقہ انجینئرز اور محکمہ مواصلات وتعمیرات کے افسران کو واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ ترقیاتی منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت، ناقص میٹریل کے استعمال، غیر ضروری تاخیر اور کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا بلکہ تمام منصوبے منظور شدہ ڈیزائن، تخمینہ لاگت اور تحکمانہ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ اسی سلسلے میں بلوچستان کے اہم زرعی خطے گرین بیلٹ نصیر آباد ڈویژن میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے گزشتہ دنوں چیف انجینئر نصیر آباد زون بشیر ناصر کے ہمراہ ڈویژن کے تین اضلاع صحبت پور، جعفر آباد اور اوستہ محمد کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے

کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور عوامی پیسہ عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو ذمہ داری کے ساتھ بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ نصیر آباد ڈویژن کی جغرافیائی اور زرعی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سڑکوں اور دیگر بنیادی انفراسٹرکچر کی تعمیر و بحالی کو خصوصی اہمیت دی جائے کیونکہ بہتر مواصلاتی نظام نہ صرف عوام کو سفری سہولیات فراہم کرتا ہے بلکہ زرعی اجناس کی بروقت منڈیوں تک رسائی، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور علاقے کی معاشی ترقی میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ میر سلیم خان کھوسہ کی جانب سے مختلف ڈویژنوں کے دوروں، ترقیاتی منصوبوں کی براہ راست نگرانی اور انجینئرز کو سخت تحکمانہ ہدایات دینے کا تسلسل اس عزم کا اظہار ہے کہ موجودہ حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ترقیاتی وژن کو عملی شکل دینے کے لیے سنجیدہ ہے اور صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار اور مدت کے مطابق مکمل کر کے عوام کو ان کے ثمرات پہنچانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اپنے دورہ نصیر آباد ڈویژن کے دوران اپنے حلقہ انتخاب ضلع صحبت پور میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین، چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون بشیر ناصر اور سپرنٹنڈنگ انجینئر فدا حسین کھوسہ ایگزیکٹو انجینئر مواصلات وتعمیرات روڈز نصیر آباد بوستان خان چانڈیو بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران صوبائی وزیر نے ضلع صحبت پور کے اہم ترقیاتی منصوبے کشمور روڈ کا معائنہ کیا، جہاں متعلقہ ایگزیکٹو انجینئر بی اینڈ آر روڈز صحبت پور عبدالستار بنگلزئی نے انہیں منصوبے کی موجودہ صورتحال، تعمیراتی پیش رفت اور دیگر تکنیکی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کشمور روڈ کا منصوبہ نہ صرف ضلع صحبت پور بلکہ بلوچستان کے اہم زرعی خطے گرین بیلٹ نصیر آباد ڈویژن اور صوبے کے بالائی علاقوں سے آنے والے مسافروں کے لیے بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ یہ منصوبہ بلوچستان کو سندھ اور پنجاب کے اہم سفری راستوں سے منسلک کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ اس

بریفنگ حاصل کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار اور طے شدہ مدت کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ضلع صحبت پور کی تعمیر و ترقی کے عمل کو مزید تیز بنایا جاسکے۔ صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اپنے دورہ ضلع صحبت پور کے دوران محکمہ مواصلات وتعمیرات کے بلڈنگز شعبے کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ایگرو مارکیٹ، پری فیب چینجنگ روم، ریسٹ ہاؤس، ملٹی پرپز ہال اور ڈسٹرکٹ کمپلیکس سمیت مختلف تعمیراتی منصوبوں کا دورہ کیا، جبکہ ڈیجیٹل لائبریری جیا خان اور لائیو اسٹاک آفس ضلع صحبت پور کی نئی تعمیر شدہ عمارتوں کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا۔ دورے کے دوران متعلقہ ایگزیکٹو انجینئر ارشاد علی سیلاچی اور سب ڈویژنل آفیسر یونس ابڑو نے صوبائی وزیر کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار، تکمیل کے مراحل اور دیگر تحکمانہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ فراہم کی۔ صوبائی وزیر نے مختلف منصوبوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعمیراتی کاموں کے معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ انجینئرز کو واضح ہدایات جاری کیں کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو محکمہ مواصلات وتعمیرات کے مقررہ اسٹینڈرڈز، منظور شدہ ڈیزائن اور تکنیکی اصولوں کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں اور ان کا درست استعمال یقینی بنانا متعلقہ افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے، لہٰذا تعمیراتی کاموں میں کسی قسم کی غفلت یا ناقص میٹریل کے استعمال کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام انجینئرز کو ہدایت کی کہ وہ جاری منصوبوں کی خود نگرانی کریں اور تعمیراتی سرگرمیوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیتے رہیں تاکہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں معیاری انداز سے مکمل ہو کر عوام کے لیے قابل استعمال بن سکیں صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اپنے دورہ نصیر آباد ڈویژن کے دوران ضلع جعفر آباد میں بھی محکمہ مواصلات وتعمیرات کے زیر نگرانی جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ پارلیمانی سیکرٹری کے نمائندہ مٹھا خان بادینی اور معروف گورنمنٹ کنٹریکٹر میر خالد خان کھوسہ بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر چیف انجینئر نصیر آباد زون بشیر احمد ناصر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر نے متعلقہ ایگزیکٹو

میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام منصوبے محکمہ مواصلات وتعمیرات کے مقررہ اسٹینڈرڈز اور منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں ناقص میٹریل کا استعمال، غیر ضروری تاخیر اور غفلت کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی۔ انہوں نے انجینئرز پر زور دیا کہ وہ تعمیراتی سرگرمیوں کی خود نگرانی کریں اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں تاکہ سرکاری وسائل عوامی فلاح و بہبود پر خرچ ہوں اور شہری ان ترقیاتی اسکیموں سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ترقیاتی وژن کے مطابق صوبے کے تمام اضلاع میں بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے اپنے دورہ نصیر آباد

گاہ، پری فیب رہائش گاہوں، فروٹ اینڈ سبزی مارکیٹ کمیٹی استا محمد سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا۔ چیف انجینئر محکمہ مواصلات وتعمیرات بشیر ناصر نے صوبائی وزیر کو مختلف منصوبوں کی تعمیراتی پیش رفت، معیار، دستیاب سہولیات اور مجموعی ترقیاتی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور منصوبوں کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے تمام جاری ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے مشاہدہ کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار، رفتار اور منصوبہ بندی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں پر کام مقررہ معیار اور طے شدہ منصوبہ بندی کے مطابق جاری رکھا جائے اور ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر، شفاف اور تیز رفتار انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کو جدید

عملی جامہ پہنانے کے حوالے سے نہایت اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ ان کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر معائنہ، تعمیراتی کام کے معیار اور منصوبوں کے خدوخال کا باریک بینی سے جائزہ لینے کے ساتھ متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز کو ضروری ہدایات جاری کرنا اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت بلوچستان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار اور شفافیت کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ صوبائی وزیر کی جانب سے ترقیاتی امور کی مسلسل نگرانی نہ صرف عوام کے وسیع تر مفاد میں ہے بلکہ اس سے یہ بھی یقینی بنایا جاسکے گا کہ تمام منصوبے مقررہ معیار، منظور شدہ پی سی ون اور طے شدہ ڈیزائن کے مطابق مکمل ہوں تاکہ عوام ان سے طویل المدتی اور دیرپا فوائد حاصل کر سکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے اور









ہے جنہوں نے اپنی سیاسی زندگی عوامی خدمت، فلاح و بہبود اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے وقف کر رکھی ہے۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ہمیشہ بلا امتیاز رنگ و نسل، سیاسی وابستگی اور علاقائی تفریق عوام کے مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اپنی عوام دوست پالیسیوں، سیاسی بصیرت اور عوام کے ساتھ مضبوط رابطے کی بدولت بار بار بلوچستان اسمبلی کے رکن منتخب ہوتے رہے ہیں۔ ان کی سیاست کا بنیادی محور عوام کی خدمت اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ وہ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں کہ بلوچستان کے گرین بیلٹ خصوصاً نصیر آباد ڈویژن کی معاشی خوشحالی کا انحصار بنیادی ڈھانچے کی بہتری، سڑکوں کی تعمیر، مواصلاتی نظام کی توسیع اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی پر ہے۔ بطور

بہتر بنانے، ترقیاتی منصوبوں کے معیار کو یقینی بنانے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے وقف کر رکھی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کے تمام اضلاع بالخصوص دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کرنا اور عوام کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے وزارت کا منصب سنبھالتے ہی محکمے کی مجموعی کارکردگی، زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، تعمیراتی معیار اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی اور اس سلسلے میں بلوچستان کے مختلف ڈویژنوں کے دورے کر کے موقع پر ترقیاتی سرگرمیوں کا





محکمہ مواصلات وتعمیرات کے انجینئرز کی نگرانی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور منصوبوں کی موجودہ صورتحال، تعمیراتی

منصوبے کی تکمیل سے مسافروں کو بہتر، محفوظ اور آسان سفری سہولیات میسر آنے کے ساتھ ساتھ طویل فاصلے کے سفر میں وقت کی بچت بھی ممکن ہوگی، جبکہ تجارتی سرگرمیوں، زرعی اجناس کی ترسیل اور بین الصوبائی رابطوں کو بھی فروغ ملے گا۔ خصوصاً پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے درمیان سفر کرنے والے شہریوں، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو اس منصوبے سے خاطر خواہ فائدہ پہنچنے کی توقع ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بھی اس اہم منصوبے کی تکمیل میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں تاکہ عوام کو جلد از جلد اس کے ثمرات فراہم کیے جاسکیں۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے دورے کے دوران ضلع صحبت پور میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے زیر نگرانی جاری دیگر سڑکوں کے ترقیاتی منصوبوں کا بھی فرداً فرداً جائزہ لیا اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئر عبدالستار بنگلزئی سیلیک ٹاپ روڈ بھالو پور تا نصیر شاخ بلیک ٹاپ روڈ ایڈووکیٹ غلام علی بادینی بلیک ٹاپ روڈ پنجہ خان بھنگر اور بلیک ٹاپ روڈ ٹکری عبدالرحمٰن سمیت دیگر منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور درپیش مسائل کے حوالے سے

انجینئرز سے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور تکمیل کے مراحل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ دورے کے دوران انہوں نے رکن بلوچستان اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی انجینئر عبدالمجید بادینی کی خصوصی کاوشوں سے ڈیرہ اللہ یار شہر میں سیوریج کے نکاس کے لیے زیر تعمیر مین نالے کا معائنہ کیا اور منصوبے کی افادیت واہمیت کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ یہ منصوبہ شہر میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے اور شہریوں کو درپیش سیوریج کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرے گا، جس سے شہری آبادی کو درپیش مشکلات میں کمی لانے اور صفائی ستھرائی کی صورتحال بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ صوبائی وزیر نے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد کے دفتر میں زیر تعمیر عمارت کا بھی دورہ کیا، جہاں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگز عتیق الرحمٰن نے انہیں جاری تعمیراتی کاموں، منصوبے کی پیش رفت اور دیگر تکنیکی امور کے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں

ڈویژن کے موقع پر ضلع استا محمد کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے محکمہ مواصلات وتعمیرات بلڈنگز کے زیر نگرانی جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے زیر تعمیر ڈپٹی کمشنر کمپلیکس اور ڈپٹی کمشنر کی رہائش گاہ، زیر تعمیر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) آفس اور رہائش

تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت بلوچستان کے ویژن اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ترقیاتی ایجنڈے کے مطابق نصیر آباد ڈویژن کے تمام اضلاع میں پی ایس ڈی پی سمیت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) پروگرام کے تحت بھی متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کا صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے اپنے دورے کے دوران تفصیلی جائزہ لیا جبکہ مختلف منصوبوں کا افتتاح بھی کیا۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کا نصیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع کا دورہ موجودہ حکومت کے وژن پختہ تعمیر بلوچستان کو

کسی بھی علاقے کو ترقی کے عمل سے محروم نہ رکھا جائے۔ اسی حکومتی وژن کو عملی شکل دینے کے لیے صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ اور چیف انجینئر نصیر آباد زون بشیر ناصر تسلسل کے ساتھ نصیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع کے دورے کر کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور دیگر امور کا جائزہ لیتے رہتے ہیں۔ صوبائی وزیر کا یہ فعال اور متحرک کردار نہ صرف عوام کے لیے بہتر سہولیات کی فراہمی کا ذریعہ بنے گا بلکہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کے افسران اور انجینئرز کی حوصلہ افزائی کا باعث بھی ہوگا۔ میر سلیم خان کھوسہ نے عوامی خدمت کا جذبہ الحاج میر نبی بخش کھوسہ اور میر ظہور خان کھوسہ کی سیاسی درسگاہ سے حاصل کیا ہے اور آج انہی کی تربیت اور سیاسی روایات کو آگے بڑھاتے ہوئے عوام کی بلا امتیاز خدمت کو اپنا نصب العین بنائے ہوئے ہیں۔ صوبائی وزیر کی عوام دوست پالیسیوں، ترقیاتی منصوبوں کی ذاتی نگرانی اور عوامی مفادات کو ترجیح دینے کے اقدامات کو حلقے





صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات وہ ان شعبوں کی ترقی کے لیے عملی اقدامات اور ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں تاکہ دیہی علاقوں کو

جائزہ لینے کا سلسلہ شروع کیا۔ ان دوروں کا بنیادی مقصد صرف ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت معلوم کرنا نہیں بلکہ منصوبوں میں استعمال ہونے والے

پیش رفت، معیار اور درپیش مسائل کے حوالے سے متعلقہ افسران سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ صوبائی وزیر نے موقع پر موجود انجینئرز کو ہدایت کی

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے



ہاکی کا بھی ہائبرڈ ماڈل متعارف کرایا جائے، طاہر زمان

اگر دونوں ٹیمیں ایک دوسرے کے ملک میں کھیلنے کیلئے تیار نہ ہوں تو نیوٹرل وینیو پر میچز منعقد کیے جائیں، ہیڈ کوچ کی تجویز

لاہور (این این آئی) پاک بھارت ہاکی مقابلوں میں بھی کرکٹ کی طرح ہائبرڈ ماڈل کے حق میں آوازیں بلند ہونے لگیں، چیف کوچ طاہر زمان نے تجویز دی کہ اگر دونوں روایتی حریف ٹیمیں ایک دوسرے کے ملک میں کھیلنے کے لیے تیار نہ ہوں تو نیوٹرل وینیو پر میچز منعقد کیے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور بھارتی کرکٹ بورڈ میں رواں برس ایک معاہدہ ہوا جس کے تحت دونوں ٹیمیں اپنے ممالک میں شیڈول عالمی ایونٹس کے میچز کسی تیسرے وینیو پر کھیلیں گی، اب ہاکی میں بھی ایسے ہی کنٹریکٹ کیلیے آوازیں بلند ہونے لگی ہیں۔ پاکستانی ٹیم کے چیف کوچ طاہر زمان نے اس حوالے سے کہا کہ پاکستان ٹیم کو بھارت میں شیڈول ہاکی ایشیا کپ میں حصہ لینا ہے مگر وہاں حکومتی منظوری نہ ملنے کے باعث معاملات تعطل کا شکار ہیں۔ میں قوانین کو بخوبی جانتا ہوں، ان کی روشنی میں یہ فیصلے پاکستان یا بھارت کی مرضی سے نہیں بلکہ ایف آئی ایچ یا ایشین ہاکی فیڈریشن قواعد وضوابط کے مطابق ہوتے ہیں، ہماری تیاری بھرپور ہے، سرحد پار جانے کا حتمی فیصلہ حکومت کی ہدایات کے مطابق کیا جائے گا، اس مسئلے کا مستقل حل کرکٹ کی طرح ہائبرڈ ماڈل اپنانا ہے، عالمی ایونٹس میں دونوں ٹیموں کو اگر ایک دوسرے کے ملک جانے میں مسئلہ ہے تو نیوٹرل وینیو پر کھیلیں۔ چیف کوچ نے کہا کہ ایف آئی ایچ نیشنز کپ کے فائنل تک ٹیم کی رسائی بڑی کامیابی ہے۔



کولمبو، بنگلہ دیش کے وکٹ کیپر لٹن داس سری لنکن بلے باز کوسال مینڈس کے خلاف ایل بی ڈبلیو کی اپیل کر رہے ہیں

جوکووچ اوپن ایرا میں 100 سے زائد ٹائٹل جیتنے والے تیسرے کھلاڑی

نوواک نے اعزاز جنیوز اوپن کے فائنل میں ہیوبرٹ ہرکاز کو شکست دیکر حاصل کیا

لندن (این این آئی) دنیائے ٹینس کے اسٹار کھلاڑی نوواک جوکووچ نے ٹائٹل جیتنے کی سنچری مکمل کر کے تاریخ ساز کھلاڑیوں میں اپنا نام درج کرا لیا۔ نوواک جوکووچ نے یہ اعزاز جنیوز اوپن کے فائنل میں ہیوبرٹ ہرکاز کو شکست دے کر حاصل کیا۔ فائنل میں پہلا سیٹ ہارنے کے باوجود سرب ٹینس اسٹار نے پولش حریف کے خلاف دو، ایک سے کامیابی حاصل کی۔ اس کے ساتھ ہی وہ جوکووچ اوپن ایرا میں 100 سے زائد اے ٹی پی ٹائٹل جیتنے والے تیسرے کھلاڑی بن گئے۔ ان سے قبل جمی کونرز اور راجر فیڈرز نے ہی یہ کارنامہ انجام دیا تھا۔ 24 مرتبہ کے گرینڈ سلم چیمپئن نوواک جوکووچ کے اس کارنامہ کی دلچسپ بات یہ ہے کہ انہوں نے 2006 میں اپنا پہلا اے ٹی پی ٹائٹل نکولس ماسو کو ہرا کر جیتا تھا اور آج ان کے 100 ویں ٹائٹل میں ان کے حریف ہیوبرٹ، ہرکاز ماسو کی کوچنگ میں کھیل رہے تھے۔

ومبلڈن ٹینس میں لائن ججز ختم کر دیے گئے

الیکٹرونک سسٹم دنیا بھر کے مختلف ٹینس ایونٹس میں استعمال کیا جا رہا ہے، سیلی بلون

لندن (این این آئی) ومبلڈن ٹینس میں لائن ججز کا مکمل طور خاتمہ کر دیا گیا ہے، ومبلڈن کی 148 سالہ تاریخ میں پہلی بار لائن ججز ختم کیے گئے ہیں۔ ومبلڈن کی سی ای او سیلی بلون کا کہنا ہے انہیں افسوس ہے کہ برسوں پرانی روایت کا خاتمہ کر کے ٹیکنالوجی کو شامل کیا گیا، اب یہ الیکٹرونک سسٹم دنیا بھر کے مختلف ٹینس ایونٹس میں استعمال کیا جا رہا ہے جو وقت کی ضرورت تھا۔ لندن میں آج بھی موسم شدید گرم رہا، جس کے سبب 33 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا اور کھلاڑیوں کے پسینے چھوٹ گئے۔ ومبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ میں مینز سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں روس کے ڈینیل میدویدیو کے خلاف فرانس کے بینجمن بونزی نے پہلا سیٹ سات چھ سے جیتا، جس کے بعد میدویدیو نے کچھ مزاحمت کی اور دوسرا سیٹ چھ تین سے اپنے نام کیا۔ تیسرا اور چوتھا سیٹ بینجمن بونزی نے سات چھ اور چھ دو سے جیت کر اپونٹ کے دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنالی۔

ارجنٹائن میں فٹبال کلب کے شائقین کے فلسطین کے حق میں نعرے

اسرائیل کا علامتی جنازہ نکال دیا

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے دارالحکومت بیونس آئرس میں نیشنل بی فرسٹ ڈویژن کے میچ سے قبل آل بوائز کے شائقین نے دوسرے کلب اٹلانٹا کے خلاف میچ سے قبل فری فلسطین کے نعرے لگائے، فلسطین اور ایران کے جھنڈے تھامے نظر آئے اور اسی دوران اسرائیل کا علامتی جنازہ بھی نکالا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ارجنٹائن میں فٹبال کلب کے شائقین نے فلسطین کے حق میں نعرے لگائے اور اسرائیل کا علامتی جنازہ نکال دیا۔ ارجنٹینا فٹ بال ایسوسی ایشن (اے ایف اے) نے آل بوائز کے شائقین کے اس اقدام کی مذمت بھی کی ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کی تحقیقات بھی کر دی۔ ارجنٹائن کے کلب کے شائقین کے منفرد احتجاج کے حوالے سے سوشل میڈیا پر ویڈیو بھی وائرل ہوئیں، جس میں متعدد لوگوں کو فٹ بال کلب اٹلانٹا اور اسرائیلی پرچم میں لپٹا تابوت اٹھائے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ فٹ بال کلب اٹلانٹا ارجنٹائن میں ایسے علاقے میں واقع ہے جہاں یہودی آبادی کی اکثریت ہے اور اسی لیے آل بوائز کے شائقین نے بظاہر انہیں اسرائیل کے حامی قرار دیا اور اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کی۔ میچ کے دوران ڈرون کے ذریعے فلسطین کا پرچم بھی میدان کے اوپر لہرایا گیا اور اسی دوران آل بوائز کے شائقین اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کی، اسی طرح پمفلٹس بھی تقسیم کیے گئے، جن میں درج تھا اسرائیل خاک ہو اور ایک بینر بھی آویزاں کیا گیا تھا اور اس میں نسل کشی کی ذمہ دار ریاست اسرائیل مردہ باد لکھا گیا تھا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ بغیر کسی گول کے برابری پر ختم ہوا۔ بعد ازاں ارجنٹائن کی سیکیورٹی کی وزارت نے بیان میں کہا کہ توڑ پھوڑ اور نفرت انگیزی کے الزام میں شکایت درج کرادی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ارجنٹینا میں یہودی کمیونٹی ایک اندازے کے مطابق 3 لاکھ افراد پر مشتمل ہے جو لاطینی امریکا میں واقع کسی بھی ملک میں سب سے زیادہ ہے۔

اظہر محمود کو عبوری ہیڈ کوچ بنانے کی منطق سمجھ نہیں آئی، کامران اکمل

پی سی بی سب کو خوش کرنے کے بجائے واضح طویل المدتی فیصلے کرے، سابق کرکٹر

لاہور (این این آئی) سابق کرکٹر کامران اکمل نے اظہر محمود کو ٹیسٹ ٹیم کا عبوری ہیڈ کوچ بنانے پر پی سی بی کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ یوٹیوب شو میں گفتگو کرتے ہوئے سابق کرکٹر کامران اکمل نے کہا کہ اظہر محمود کو عبوری ہیڈ کوچ بنانے کی منطق سمجھ نہیں آئی۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جب پی سی بی نے مکی آرتھر کو کاؤنٹی ٹیم کے ساتھ کام جاری رکھنے کی اجازت دیتے ہوئے کرکٹ کا ڈائریکٹر بنایا تھا، میں اسے تب نہیں سمجھ سکا تھا۔ ساان تقرریوں نے طویل المدتی مسائل کو جنم دیا ہے، یہ کردار آرتھر کا جاری ہے اور اس نے پاکستان کرکٹ میں بہت سے مسائل کو جنم دیا ہے۔ یہی چیز اب عبوری کوچنگ سیٹ اپ کے ساتھ ہو رہی ہے، اس سے پہلے عاقب جاوید پھر محمد حفیظ اور اب اظہر محمود تھے۔ پی سی بی پیشہ ورانہ انداز اپنائے اور سب کو خوش کرنے کے بجائے واضح طویل المدتی فیصلے کرے۔ جب پی سی بی سنجیدگی سے سوچنا اور پیشہ ورانہ طور پر کام کرنا شروع کر دیتا ہے تو اسے اس طرح کے سمجھوتے یا عارضی تقرریوں کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

مصباح ہیڈ کوچ بننے والے تھے، باسط علی کا انکشاف

یہ بات پوری ذمے داری سے کہہ رہا ہوں، مقامی یوٹیوب چینل پر گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے اظہر محمود کو ٹیسٹ ٹیم کا عبوری ہیڈ کوچ مقرر کرنے کے اگلے ہی دن سابق کرکٹر باسط علی نے تہلکہ خیز انکشافات کر دیے ہیں۔ پی سی بی نے پیر کو باضابطہ اعلان کیا تھا کہ اظہر محمود اپریل 2026 تک اپنے معاہدے کی مدت مکمل ہونے تک ٹیم کے عبوری ریڈ بال ہیڈ کوچ کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔ 50 سالہ سابق آل راؤنڈر اپریل 2024 میں دوسالہ معاہدے پر پی سی بی سے وابستہ ہوئے تھے اور اس سے قبل قومی ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ اظہر محمود کی کوچنگ میں پاکستان آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 27-2025 کا آغاز اکتوبر-نومبر میں جنوبی افریقہ کے خلاف دو میچز کی ہوم سیریز سے کرے گا، جس کے بعد مارچ-اپریل 2026 میں بنگلہ دیش کے خلاف دو میچز کی اوے سیریز کھیلی جائے گی۔ ایک مقامی یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے باسط علی نے انکشاف کیا کہ اصل میں مصباح الحق کو ہیڈ کوچ بنایا جانا تھا، لیکن پی سی بی کے اندر ہونے والی پسندیدگی کی تبدیلی اور ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید اور ٹی 20 کپتان سلمان علی آغا کی حمایت نے کہانی کو بدل دیا۔ باسط علی نے کہا ”مصباح ہیڈ کوچ بننے والے تھے، لیکن ہوا کا رخ بدلتے ہی سب بدل گیا۔ عاقب جاوید اور کپتان سلمان علی آغا کی باتوں پر اظہر محمود کو ریڈ بال کوچ بنایا گیا۔ میں یہ بات پوری ذمے داری سے کہہ رہا ہوں، ورنہ مصباح کا نام فائنل ہو چکا تھا۔ انہوں نے مزید بتایا ”سلمان علی آغا کے ووٹ کی وجہ سے ہی اظہر محمود کو یہ عبوری کوچ کا رول دیا گیا۔ کچھ باتیں ایسی ہوتی ہیں جو ہم کھل کر نہیں کہہ سکتے، ہمیں احتیاط بھی کرنی پڑتی ہے۔ 54 سالہ باسط علی نے پی سی بی کی کوچنگ اپائنٹمنٹس کے غیر مستقل مزاج طریقہ کار پر بھی کڑی تنقید کی اور اس تاخیر پر سوال اٹھایا جس کے بعد اظہر محمود کے نام کا اعلان کیا گیا۔ انہوں نے کہا ”آپ نے ابھی کہا کہ اظہر محمود کا معاہدہ اپریل 2026 تک ہے، تو ماضی میں جن مینٹورز کے ساتھ تین سال کا معاہدہ تھا، انہیں کیوں پیسے دے کر فارغ کر دیا؟ باسط علی کا کہنا تھا کہ فیصلہ سازی میں انصاف اور مستقل مزاجی ضروری ہے، اگر ایک کیس میں معاہدہ قبل از وقت ختم کیا جا سکتا ہے تو یہ اصول سب کے لیے یکساں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا ”اگر آپ انصاف کا پیمانہ استعمال کر رہے ہیں تو سب پر یکساں لاگو ہونا چاہیے۔ آپ نے مینٹورز کو تین سال پورے نہیں کرنے دیے، اگر نکالنا ہی تھا تو انہیں بھی ایک دو ماہ کی تنخواہ دے کر فارغ کر دیتے، یہاں بھی یہی کر لیتے۔

سیکنڈ سیڈڈ کارلوس الکاراز کا فاتحانہ آغاز، ومبلڈن اوپن ٹینس مینز سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں داخل

لندن (این این آئی) سپین کے شہرت یافتہ ٹینس سٹار، سیکنڈ سیڈڈ اور دفاعی چیمپئن کارلوس الکاراز، امریکا کے ٹینس کھلاڑی فرانسس ٹیافو جونیئر، روسی ٹینس سٹار آندرے روبلوف، انگلینڈ کے کیمرون نوری اور روس کے ہی کیرن خچانوف ومبلڈن اوپن ٹینس میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے جبکہ ڈنمارک کے ٹینس سٹار ہولگر رونے اور روسی ٹینس سٹار ڈینیل مدویدیف مینز سنگلز کے ابتدائی راؤنڈ میں اپ سیٹ شکست کے بعد میگا ایونٹ سے باہر ہو گئے۔ یونانی ٹینس سٹار سٹیفانوس فنٹس مسائل کے باعث میچ کے دوران مقابلے سے دستبردار ہو گئے۔ ہسپانوی ٹینس سٹار اور دفاعی چیمپئن کارلوس الکاراز نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں اٹلی کے حریف کھلاڑی فابیو فوگنینی کو مات دے کر دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔

بلاوائیو ٹیسٹ میں جنوبی افریقا نے زمبابوے کو 328 رنز سے شکست دے دی

بلاوائیو (این این آئی) پہلے ٹیسٹ میں جنوبی افریقا نے زمبابوے کو 328 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی۔ بلاوائیو میں 28 جون سے شروع میچ کے چوتھے روز زمبابوے کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 208 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ جنوبی افریقا نے زمبابوے کو جیت کیلئے 537 رنز کا ہدف دیا تھا۔ جنوبی افریقا نے اپنی پہلی اننگز 9/418 پر ڈکلیئر کی تھی جبکہ دوسری اننگز میں افریقی ٹیم 369 رنز پر آؤٹ ہو گئی تھی، زمبابوے کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 251 اور دوسری اننگز میں 208 رنز بنا سکی۔ پہلی اننگز میں 153 رنز بنانے والے جنوبی افریقا کے لوہان ڈری پریٹوریس کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹیسٹ 6 سے 10 جولائی کے درمیان بلاوائیو میں ہی کھیلا جائے گا۔



میساچوسٹس، بیس بال میچ میں سنسناٹی ریڈز اور باسٹن ریڈ ساکس کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

وائٹیلٹی بلاسٹ میں 4 جولائی کو مزید 7 میچ کھیلے جائیں گے

پہلا میچ یارکشائر اور ووسٹر شائر کی ٹیموں کے درمیان ہیڈ نگلے لیڈز کے مقام پر کھیلا جائیگا

لیڈز (این این آئی) انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام رواں برس جاری وائٹیلٹی ٹی 20 کرکٹ ٹورنامنٹ میں 13 دن آرام کے بعد 4 جولائی کو مزید 7 میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ یارکشائر اور ووسٹر شائر کی ٹیموں کے درمیان ہیڈ نگلے لیڈز کے مقام پر کھیلا جائے گا، دوسرے میچ میں سمرسیٹ اور گلیمورگن کی ٹیمیں کو پرایسوی ایٹس کاؤنٹی گراؤنڈ، ٹاؤنٹن میں آمنے سامنے ہوں گی، تیسرا میچ نارتھمپٹن شائر اور لنکا شائر کی ٹیموں کے درمیان کاؤنٹی گراؤنڈ، نارتھمپٹن میں کھیلا جائے گا، چوتھے میچ میں لیسٹر شائر اور وارو کشائر کی ٹیمیں گریس روڈ، لیسٹر کے مقام پر نبرد آزما ہوں گی، پانچویں میچ میں کینٹ اور سسیکس کی ٹیمیں سینٹ لارنس گراؤنڈ، کینٹربری کے مقام پر پنجہ آزمائی کریں گی، چھٹا میچ ڈرہم اور نوٹنگھم شائر کی ٹیموں کے درمیان ریور سائیڈ گراؤنڈ، چیسٹر لی سٹریٹ میں کھیلا جائے گا جبکہ 4 جولائی کا ساتواں اور آخری میچ ایسیکس اور گلوسٹر شائر کی ٹیموں کے درمیان کاؤنٹی گراؤنڈ، چیلمسفورڈ میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے لیگ میچز 18 جولائی کو ختم ہوں گے۔



انگلینڈ، او کیو ایس فائنکس میں ایک وان رویان شاٹ کھیل رہے ہیں



سوئٹزرلینڈ، سربیا اور نیوزی لینڈ کی ٹیموں کے مابین باسکٹ بال میچ کا منظر

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے



عمر کیوں چھپاؤں؟، مجھے ایسا ہی قبول کیا جانا چاہیے، ماہرہ خان


ہمیشہ سچ بولا، اپنی شادی، ماں بننے، پھر طلاق، کچھ بھی نہیں چھپایا تو یہ عمر کیا ہے



کراچی (این این آئی) اداکارہ ماہرہ خان نے اپنی بڑھتی عمر پر ہونے والی تنقید اور اس پر والدہ کی پریشانی سے متعلق ایک دلچسپ واقعہ سنایا ہے۔ ماہرہ خان نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ ایک فلم کی ریلیز کے دوران مجھے عمر پر تنقید کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ اداکارہ نے بتایا کہ میری والدہ نے مجھے ایک کلپ دکھایا جس میں کوئی صاحب میری عمر پر تنقید کر رہے تھے۔ ماہرہ خان نے بتایا کہ میری والدہ نے مشورہ دیا کہ آخر تم اپنی عمر چھپا کیوں نہیں لیتیں؟ سب کو بتانے کی کیا ضرورت ہے۔ اداکارہ کے بقول جس پر انھوں نے اپنی والدہ سے کہا کہ میں عمر کیوں چھپاؤں؟ میں جو ہوں، مجھے ایسا ہی قبول کیا جانا چاہیے۔ ماہرہ خان نے مزید کہا کہ میں نے ہمیشہ سچ بولا، اپنی شادی، ماں بننے، پھر طلاق، کچھ بھی نہیں چھپایا تو یہ عمر کیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ عمر کے معاملے پر مجھ پر ہونے والی تنقید سے مجھے کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ میں سب کی رائے کو خوش آمدید کہتی ہوں۔

"سردار جی 3" پر تنازع، نصیر الدین دلجیت کی حمایت میں بول پڑے

غنڈے چاہتے ہیں کہ بھارت اور پاکستان کے عوام کے درمیان ذاتی رابطے ختم ہو جائیں



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے معروف سینئر اداکار نصیر الدین شاہ پنجابی فلم سردار جی 3 کی ریلیز پر ہونے والے تنازع پر بالی وڈ اداکار وگلوکار دلجیت دوسانجھ کی حمایت میں بول پڑے۔ نصیر الدین شاہ نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ میں دلجیت کے ساتھ کھڑا ہوں، بی جے پی کئی عرصے سے اس کا انتظار کر رہی تھی کہ کب دلجیت پر حملہ کیا جائے اور ایسا لگتا ہے کہ آخر کار انہیں موقع مل گیا، دلجیت نے اس کاسٹ پر اس لیے ہامی بھری کیونکہ ان کا ذہن زہریلا نہیں ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں بالی ووڈ کے سینئر اداکار نصیر الدین شاہ نے طنزیہ انداز میں مزید لکھا کہ یہ غنڈے صرف یہ چاہتے ہیں کہ بھارت اور پاکستان کے عوام کے درمیان ذاتی رابطے ختم ہو جائیں، کوئی مجھے پاکستان میں مقیم قریبی رشتہ داروں اور دوستوں سے اظہار محبت یا ان سے ملنے سے نہیں روک سکتا۔ واضح رہے کہ بھارتی اداکار دلجیت دوسانجھ نے پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کے ساتھ مل کر فلم ”سردار جی 3“ بنائی ہے جس کی ریلیز کو بھارت میں ہندو انتہا پسندوں کی جانب سے تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

عامر خان نے اپنے شاہ رخ خان کے 15 سال پرانے رویے کو بچکانہ قرار دیدیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے اسٹار اداکار عامر خان نے انکشاف کیا ہے کہ شاہ رخ خان مجھ سے ناراض تھا اور ہم ایک دوسرے کو چھچھورا کہتے تھے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق عامر خان نے اپنے شاہ رخ خان کے 15 سال پرانے رویے کو بچکانہ قرار دیا اور کہا کہ ایک دور تھا جب ہم دونوں ایک دوسرے کے خلاف بہت کچھ کہہ جاتے تھے۔ یہ دسمبر 2009 اور فروری 2010 کا وقت ہے، جب بالترتیب تھری ایڈیٹس اور مائی نیم از خان ریلیز ہوئیں، دونوں ہی نے ایک دوسرے کی فلموں کی پروموشنز کے طریقہ کار پر طنز کیا تھا۔ حالیہ انٹرویو میں عامر خان نے کہا کہ شاہ رخ خان اکثر ایوارڈز میں جاتے تھے اور میں نہیں جاتا تھا، وہاں کنگ خان ہر سال میرا مذاق بناتے تھے اور مجھ پر کوئی نہ کوئی لطیفہ چھوڑ دیتے تھے۔ بالی ووڈ اسٹار نے انکشاف کیا کہ یہ وہ وقت تھا جب شاہ رخ مجھ سے ناراض تھا، دراصل ہم ایک دوسرے کے خلاف کافی کچھ کہہ رہے تھے، اب ہمیں وہ سب پیچھے چھوڑ دیا، وہ اب میرا بہت اچھا دوست ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم دونوں نے کیریئر کا آغاز کیا ہم میں قدرتی نوعیت کی مقابلہ بازی شروع ہو گئی، جو اب 15 سال پہلے ختم ہو گئی، کم از کم میری طرف سے، یہ میرا خیال ہے، یہ سب بچکانہ رویہ تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اب کنگ خان اور عامر کے درمیان اختلافات ختم ہو گئے ہیں، عامر کی 60 ویں سالگرہ پر شاہ رخ، سلمان کے ساتھ ان کے گھر پہنچے اور حال ہی میں عامر کی درخواست پر شاہ رخ نے فلم ستارے زمین پر کی کاسٹ سے ملاقات کی اور تصاویر کھنچوائیں۔

عاصم اظہر اور ہانیہ عامر کی ڈیٹنگ کی افواہیں ایک بار پھر گرم ہو گئیں

کراچی (این این آئی) عاصم اظہر اور ہانیہ عامر کی ڈیٹنگ کی افواہیں ایک بار پھر گرم ہو گئی ہیں۔ حال ہی میں عاصم نے اپنی منگنی میرب علی سے ختم کرنے کا اعلان کیا تھا، جس کے بعد لوگوں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ وہ اپنی سابقہ گرل فرینڈ ہانیہ کو دوبارہ ڈیٹ کر رہے ہیں۔ سب سے پہلے عاصم کی ایک ویڈیو میں وہ پیلے رنگ کی کیپ پہنے ہوئے نظر آئے اور اس کے بعد ہانیہ نے بھی انسٹاگرام پر ایک اسٹوری پوسٹ کی جس میں وہ بھی وہی پیلے رنگ کی کیپ پہنی ہوئی تھیں۔ دونوں کیپ ایک ہی رنگ اور برانڈ کی تھیں، جس نے سوشل میڈیا پر ان دونوں کے تعلقات کے بارے میں مزید سوالات اٹھا دیے۔ عاصم اور ہانیہ کی محبت 2018 میں شروع ہوئی تھی، 2019 میں دونوں نے ایک دوسرے سے محبت کا اظہار کیا تھا، لیکن 2020 میں ان کا بریک اپ ہو گیا تھا۔ اب جب عاصم نے ہانیہ کی فلم سردار جی 3 کے ٹریلر کو لائیک کیا، تو لوگوں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ شاید دونوں دوبارہ ایک دوسرے کے قریب آ گئے ہیں۔ دوسری طرف، ان دونوں کی ایک جیسی کیپ اور اس پر لکھا این وائے (جو نیویارک ینکیز کا لوگو ہے) نے مزید قیاس آرائیوں کو جنم دینا شروع کر دیا ہے۔

والدین علیحدگی کے بعد بڑھاپے میں پھر ایک ہو گئے، کرینہ

دونوں بڑھاپے میں ایک دوسرے کے ساتھ زندگی گزارنا چاہتے تھے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ کرینہ کپور نے اپنے والدین کے رشتے سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ حال ہی میں بھارت کی خاتون صحافی سے گفتگو کے دوران کرینہ نے بتایا کہ ان کے والدین کی محبت کی شادی تھی، اس کے باوجود ان لوگوں نے شادی کے چند سالوں بعد علیحدگی اختیار کر لی تھی۔ اداکارہ نے کہا کہ والدین کے درمیان ہم آہنگی کا فقدان تھا جس کے باعث چھوٹی چھوٹی باتوں پر بحث اور لڑائی جھگڑے معمول بن گئے تھے، اسی لیے دونوں نے فیصلہ کیا کہ ایک دوسرے سے الگ ہو جانا چاہیے۔ کرینہ کے مطابق دونوں میں طلاق نہیں ہوئی تھی، کچھ عرصے کے لیے علیحدگی اختیار ضرور کی تھی لیکن بعد ازاں دونوں پھر ایک ہو گئے۔ اداکارہ نے مزید بتایا کہ دونوں بڑھاپے میں ایک دوسرے کے ساتھ زندگی گزارنا چاہتے تھے، یہی وجہ تھی کہ انہوں نے علیحدگی ختم کر کے ایک ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا۔ کرینہ کپور نے کہا کہ ان کی بہن کرشمہ ان کے خاندان کی پہلی لڑکی تھیں جو فلموں میں آئیں، اور اس کا سہرا ان کی والدہ ببیتا کے سر جاتا ہے جنہوں نے کرشمہ کے فیصلے پر ان کا ساتھ دیا اور والد رندھیر کپور نے بھی رضامندی دی۔ رندھیر کپور کو ببیتا سے اس وقت محبت ہوئی جب انہوں نے ببیتا کو اپنے والد راج کپور کی فلم سنگم کے سیٹ پر پہلی بار دیکھا، ببیتا نے 1969 میں رندھیر سے ملاقات سے چند عرصہ قبل ہی فلموں میں ڈیبیو کیا تھا، دونوں 1971 میں دونوں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے۔



فری فری فلسطین کے نعرے لگوانے والے برطانوی سنگر کا امریکی ویزہ منسوخ

لندن (این این آئی) امریکا نے فری فری فلسطین کے نعرے لگوانے والے برطانوی پاپ سنگر باب وائلن کا ویزہ منسوخ کر دیا۔ ڈپٹی سیکریٹری آف اسٹیٹ امریکا نے برطانوی سنگر کے ویزہ منسوخی پر ردعمل دیا اور کہا کہ ہم تشدد اور نفرت کی تعریف کرنے والوں کو خوش آمدید نہیں کہتے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق باب وائلن نے گلاسٹبری میوزک فیسٹیول میں فری فری فلسطین کے نعرے لگوائے تھے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 34 سالہ برطانوی سنگر نے میوزک فیسٹول کے دوران فری فری فلسطین اور ڈیتھ ڈیتھ آئی ڈی ایف (اسرائیلی ڈیفنس فورسز) کے نعرے لگوائے تھے۔

بھارت میں کچھ پاکستانی فنکاروں کے اکاؤنٹس بحال

ممبئی (این این آئی) بھارت میں کئی پاکستانی اداکار و اداکاراؤں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو بین کیے جانے کے بعد اب ان میں سے کچھ پر عائد پابندی کو غیر اعلانیہ طور پر اٹھا لیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ اپریل کے آخری عشرے میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہوئے حملے کا الزام بھارتی حکومت نے پاکستان پر دھر دیا تھا اور اس کے بعد سے ہی پاکستان مخالف اقدامات کا سلسلہ بھی شروع کر دیا تھا۔ پاکستانی ڈراموں اور فنکاروں کی اپنے ملک میں مقبولیت سے پریشان بھارتی حکومت کو گویا ایک بہانہ مل گیا اور اس نے پاکستانی یوٹیوب چینلز کو بھارت میں بند کر دیا جس میں بڑے انٹرٹینمنٹ چینلز بھی شامل تھے۔ بھارتی حکومت کے فن کو محدود کرنے کے اقدامات کا سلسلہ یہیں نہیں رکا بلکہ اگلا قدم پاکستانی فنکاروں تک اپنے شہریوں کی رسائی روکنے کا تھا جس کے لیے اس نے سوشل میڈیا پر پاکستانی فنکاروں کے اکاؤنٹس کو اپنے ملک میں بین کر دیا۔ اس پابندی کی زد میں آنے والے اکاؤنٹس تک رسائی کی کوشش پر یہ جملہ نظر آتا ہے کہ اس کانٹینٹ پر پابندی لگانے کی قانونی درخواست کی تعمیل کرتے ہوئے یہ اکاؤنٹ بھارت میں دستیاب نہیں ہے۔ پاکستان کے کئی نامور فنکاروں سمیت کرکٹرز اور دیگر مشہور شخصیات اس پابندی کا شکار بنے تھے۔ تاہم آج بھارتی سوشل میڈیا صارفین اس وقت حیران رہ گئے جب انہوں نے کچھ پاکستانی فنکاروں کی پوسٹس اپنی ٹائم لائن پر ملاحظہ کیں۔ جس کے بعد انکشاف ہوا کہ کچھ فنکاروں کے اکاؤنٹس تک بھارتی صارفین کی رسائی بغیر وی پی این کے بھی ممکن ہو رہی ہے یعنی ان اکاؤنٹس پر عائد کردہ پابندی کو غیر اعلانیہ طور پر ہٹا دیا گیا ہے۔ پڑوسی ملک میں جن فنکاروں کے اکاؤنٹس تک صارفین کی رسائی بحال ہوئی ہے ان میں اداکار دانش تیمور، احد رضا میر، ماورا حسین، اور یمنیٰ زیدی نمایاں ہیں۔ ان اکاؤنٹس کے دوبارہ منظر عام پر آنے سے انٹرنیٹ پر ایک بحث چھڑ گئی ہے کہ کیا ان پر عائد کردہ پابندی اٹھا لی گئی ہے، تاہم اس حوالے سے بھارتی حکام کی جانب سے کوئی بیان سامنے نہیں آیا۔

جیو فلم دیمک کا عالمی اعزاز، شنگھائی فلم فیسٹیول میں شامل کر لی گئی

شنگھائی تعاون تنظیم فلم فیسٹیول 3 تا 7 جولائی کو یونگچوان، چونگ کنگ میں منعقد ہوگا

بیجنگ (این این آئی) پاکستانی سینما کی مشہور و معروف ہارر فلم دیمک کو ایک بڑے اعزاز سے نوازا گیا ہے اور فلم کو شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) فلم فیسٹیول 2025 میں باضابطہ طور پر مدعو کر لیا گیا۔ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) فلم فیسٹیول 3 تا 7 جولائی 2025 کو یونگچوان، چونگ کنگ (چین) میں منعقد ہوگا۔ فلم فیسٹیول شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت چین کی میزبانی میں منعقد کیا جا رہا ہے جس کا مقصد خطے کی 10 رکن ریاستوں اور 2 مبصر ممالک کے درمیان ثقافتی اشتراک اور فلمی تعاون کو فروغ دینا ہے۔ جیو فلمز کے بینر تلے بنائی گئی فلم دیمک کو اس فیسٹیول میں خطے کی دیگر فلموں کے ساتھ پیش کیا جائے گا جہاں فلمی نمائشوں، مقابلوں اور بین الاقوامی تعاون پر مبنی اجلاس بھی منعقد کیے جائیں گے۔ یہ فیسٹیول چائنا فلم ایڈمنسٹریشن اور چونگ کنگ میونسپل پیپلز گورنمنٹ کے اشتراک سے منعقد کیا جا رہا ہے۔ فلم کے ہدایتکار رافع راشدی کو اس فیسٹیول میں خصوصی طور شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے لیے باعث فخر ہے کہ فلم دیمک کو ایک عالمی پلیٹ فارم پر پاکستانی سینما کی نمائندگی کا موقع ملا ہے، جنوبی ایشیائی داستانوں اور وحشت پر مبنی کہانیوں کو جس طرح سے عالمی پذیرائی مل رہی ہے، وہ اس انتخاب کا ثبوت ہے۔ مانڈوی والا انٹرٹینمنٹ کے تحت پاکستان بھر میں ریلیز کی جانے والی فلم دیمک ملک بھر میں کامیابی کے جھنڈے گاڑھنے کے بعد اب بین الاقوامی فلمی میلوں میں بھی شاندار پذیرائی حاصل کر رہی ہے۔ یاد رہے کہ جیو فلمز اس سے قبل بھی کئی شاہکار فلمیں خدا کے لیے، بول، طیفا ان ٹربل، دی لیجنڈ آف مولا جٹ، ڈونکی کنگ اور دی گلاس ورکر پیش کر چکا ہے۔

مہوش حیات نے یو کے میں پابندی سے متعلق خبروں کو جعلی قرار دیدیا

اداکارہ اور بھارتی ریپر یو یو ہنی سنگھ ایک میوزک ویڈیو پر تنقید کی زد میں آ گئے



کراچی (این این آئی) اداکارہ و ماڈل مہوش حیات نے یو کے میں پابندی سے متعلق خبروں کو جعلی قرار دیدیا۔ سوشل میڈیا پر خبریں سامنے آ رہی ہیں کہ برطانیہ میں پاکستانی اداکارہ مہوش حیات اور بھارتی ریپر یو یو ہنی سنگھ ایک میوزک ویڈیو پر تنقید کی زد میں آ گئے ہیں، جس میں بچوں کو ہتھیاروں کے ساتھ دکھایا گیا ہے۔ جٹ محکمہ کے عنوان سے جاری کی گئی اس میوزک ویڈیو کو یوٹیوب پر نومبر سے اب تک 4 کروڑ ویوز مل چکے ہیں تاہم کہا جا رہا ہے کہ اس میں دکھائے گئے مناظر پر برطانوی سیاستدانوں اور سماجی حلقوں کی جانب سے خدشات کا اظہار کیا گیا ہے۔ وائرل ہونے والی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مہوش حیات اور ہنی سنگھ کی اس میوزک ویڈیو پر برطانوی رکن پارلیمنٹ، مینویلا پرٹیگیلا نے اس معاملے پر ہوم آفس سے باضابطہ شکایت کی ہے۔ ویڈیو کے کچھ مناظر کو متنازع قرار دیا جا رہا ہے جیسے کہ ویڈیو کے اختتام پر چار کم عمر لڑکوں کو مہوش حیات کے کردار کے ساتھ نقلی آٹومیٹک ہتھیاروں اور شاٹ گنز سے فائرنگ کرتے دکھایا گیا ہے۔

گھریلو ملازمہ نے میرے گھر سے چیزیں چرائیں، ندا یاسر

ملازمہ گھر سے موبائل فون اور دیگر چیزیں اٹھا رہی تھی اور ہمیں پتا ہی نہیں چلتا تھا، اداکارہ



لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان ندا یاسر نے اپنے گھر میں کام کرنے والی غیر ملکی ملازمہ کے گھر سے چیزیں چرانے کا انکشاف کیا۔ حال ہی میں انہوں نے اپنے پروگرام میں گھریلو ملازمین کے چوری میں ملوث ہونے کے حوالے سے گفتگو کی اور اپنے گھر میں چوری کی واردات کا قصہ بھی سنایا۔ ندا یاسر نے بتایا کہ اپنے شوز کی وجہ سے میں مصروف رہتی تھی اور اس دوران میرا بیٹا چھوٹا تھا تو میں نے فلپائن سے تعلق رکھنے والی ایک کام کرنے والی ملازمہ رکھی، میں اس پر بھروسہ کرتی تھی اور مجھے لگتا تھا یہ چور نہیں ہوتے، 2 سال تک وہ گھر میں رہی سب سے اچھا سلوک اور محبت سے پیش آتی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ میرے گھر میں چھٹی پر جانے والے نوکروں کی چیکنگ ہوتی تھی لیکن ہم کبھی اس فلپینو ملازمہ کی چیکنگ نہیں کرتے تھے وہ ہمارے گھر سے موبائل فون اور دیگر چیزیں اٹھا رہی تھی اور ہمیں پتا ہی نہیں چلتا تھا۔ اداکارہ نے مزید بتایا کہ ایک دن میرے پرس سے یورو (غیر ملکی کرنسی) چوری ہوئی، کرنسی میں نے اپنے بیگ میں رکھی ہوئی تھی اور بیگ اسی ملازمہ کو دیا ہوا تھا جس پر میں نے اس کی چیکنگ کا فیصلہ کیا اور جب وہ چھٹی پر اپنے گھر جا رہی تھی تو میں بھی اس کے ساتھ گھر چلی گئی۔

بقیہ نمبر 1

رہ اقوام متحدہ اور اہم سفارتی امور کا جائزہ لیا گیا۔ قائمہ کمیٹی کو پاک-افغان تعلقات کی صورت حال اور حالیہ پیش رفت پر ان کیمرا بریفنگ دی گئی ہے اور پاک-افغان تعلقات سے متعلق اہم معاملات اور حالیہ پیش رفت پر کمیٹی کو اعتماد میں لیا گیا۔ سینیٹ کی کمیٹی نے وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ اقوام متحدہ اور اہم سفارتی ملاقاتوں کا جائزہ لیا اور بریفنگ میں بتایا گیا کہ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کا حالیہ دورہ پاکستان کامیاب سفارتی رابطوں کا عکاس ہے جبکہ کمیٹی کے چیئرمین نے آئندہ اجلاس میں وزیراعظم کے دورہ اقوام متحدہ پر تفصیلی بریفنگ دینے کی ہدایت کی۔ چیئرمین کمیٹی آغا شاہزیب نے کہا کہ وزیراعظم کے اقوام متحدہ میں مصروفیات کا ایران-امریکا تنازع کے تناظر میں جائزہ لیا جائے۔ سینیٹ کی خارجہ امور کمیٹی نے مکہ معاہدہ اور بدلتی علاقائی و عالمی صورت حال پر بھی تفصیلی بریفنگ طلب کی اور خارجہ پالیسی کے اہم معاملات پر پارلیمانی نگرانی موثر بنانے پر زور دیا ہے۔ اجلاس میں نئے سیکرٹری خارجہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان کی اقوام متحدہ میں پاکستان کے مقف کی موثر نمائندگی کو سراہا گیا۔ کمیٹی کے ارکان نے وزیر خارجہ کی اجلاس میں عدم شرکت پر اظہار تشویش کیا اور کارروائی میں شرکت ضروری قرار دی۔ حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ وزارت خارجہ کی دستاویزات کی تصدیق کا نظام ڈیجیٹلائز کیا جا رہا ہے کہ اور مجموعی دستاویزات کی تصدیق کے 65 فیصد کام کو ڈیجیٹل نظام پر منتقل کر دیا گیا ہے اور اسی طرح عمومی دستاویزات کی آن لائن تصدیق ایچ ای سی ڈیٹا بیس سے منسلک کر دی گئی ہے۔ کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ عوام کی سہولت کے لیے دستاویزات کی دستی تصدیق کا نظام بھی برقرار رکھا گیا ہے، اپوسٹیل تصدیق کا مجموعی کام میں 35 فیصد حصہ ہے، اپوسٹیل تصدیق کا نظام نادرا کے ساتھ منسلک کرنے کی منصوبہ بندی بھی جاری ہے۔ خارجہ امور کمیٹی نے ڈیجیٹلائزیشن کے باوجود دستاویزات کی تصدیق میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کیا اور سرکاری دستاویزات کی تصدیق کے لیے وصول کی جانے والی فیس پر بھی سوالات اٹھائے۔ کمیٹی نے سرکاری دستاویزات کی تصدیق کے چارجز میں کمی پر غور کرنے کی ہدایت کی اور سرکاری دستاویزات پر کیو آر کوڈ متعارف کرانے کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ اس سے دستاویزات کی فوری تصدیق ممکن ہو سکے گی اور ہدایت کی کہ کیو آر کوڈ کے ذریعے دستاویزات کی تصدیق اور غلط استعمال کی روک تھام یقینی بنائی جائے۔ سینیٹ کمیٹی نے وزارت خارجہ کو ایچ ای سی، نادرا اور وزارت خارجہ کو آئندہ اجلاس میں مربوط ای اٹیسٹیشن نظام کا جامع منصوبہ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ دستاویزات کی تصدیق کے نظام میں انسانی مداخلت اور غیر ضروری تاخیر کم کی جائے، ڈیجیٹل تصدیق کی سہولت سے عوام کو آگاہ کرنے کے لیے موثر آگاہی مہم چلانے کی ہدایت بھی کی گئی۔ سینیٹ کی خارجہ امور کی کمیٹی کو پاکستان کے پہلی مرتبہ شنگھائی تعاون تنظیم کی قیادت سنبھالنے سے متعلق تیاریوں پر بریفنگ دی گئی اور آگاہ کیا گیا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت مصنوعی ذہانت، علاقائی روابط اور نوجوانوں کی شمولیت ترجیحات میں شامل ہیں۔ حکام نے بتایا کہ ایس سی او کے آئندہ سربراہی اجلاس سمیت مختلف تقریبات میں رکن ممالک سے روابط بڑھانے کا منصوبہ ہے، ایس سی او پلیٹ فارم کو دوطرفہ تعاون اور علاقائی سفارتی روابط کے فروغ کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ اجلاس میں اقتصادی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ کونسل کے آئندہ اجلاس سے متعلق تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا اور علاقائی تنظیموں میں پاکستان کے قائدانہ کردار کو قومی معاشی اور اسٹریٹجک مفادات کے لیے استعمال کرنے پر زور دیا گیا۔ کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ علاقائی تجارت کے کوٹے فعال بنانے اور ٹرانزٹ ٹریڈ کے موثر نظام کے قیام پر کام جاری ہے۔ چیئرمین کمیٹی آغا شاہزیب نے کہا کہ ایس سی او اور ای سی او میں سفارتی روابط کو ٹھوس معاشی مواقع میں تبدیل کرنا ہوگا، علاقائی روابط، معاشی مواقع اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے لیے فعال سفارت کاری کی ضرورت ہے اور علاقائی فورمز میں پاکستان کے کردار سے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اپنائی جائے۔

بقیہ نمبر 2

نشریات، میڈیا، ثقافت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان مکہ دفاعی معاہدہ دفاعی تعاون کے حوالے سے مضبوط شراکت داری کا عکاس ہے۔ چیئرمین منگل کو وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ سے پاکستان میں تعینات سعودی سفیر راجح بن طامی العجمی کی ملاقات کے دوران مشترکہ ورکنگ گروپ کے قیام، پاکستانی ڈراموں کے فروغ اور وفود کے تبادلوں سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے سعودی عرب کے سفیر کو پاکستان میں تعیناتی پر مبارکباد پیش کی اور ان کا خیر مقدم کیا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں، دونوں ملکوں کے درمیان میڈیا، ثقافت، ڈرامہ، موسیقی، سیاحت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مکہ دفاعی معاہدہ دفاعی تعاون کے حوالے سے مضبوط شراکت داری کا عکاس ہے۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی متحرک قیادت میں سعودی عرب نے نہ صرف معاشی بلکہ ثقافتی میدان میں نمایاں تبدیلی اور ترقی کی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے شہر العلا میں سیاحت کا فروغ اور الدرعیہ کی تاریخی و ثقافتی اہمیت کو جدید انداز میں اجاگر کرنا سعودی قیادت کے وژن کی نمایاں مثالیں ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کئی نسلوں پر محیط ہیں اور یہ تعلق محض سفارتی یا سیاسی نہیں بلکہ تاریخی، مذہبی اور عوامی سطح پر مضبوط بنیادیں رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر نے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تعاون کو فروغ دینے کے لئے مشترکہ منصوبوں پر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ عطاء اللہ تارڑ نے سعودی عرب میں مقیم پاکستانی شہری فرمان علی خان کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان لازوال محبت اور بھائی چارے کی روشن مثال قائم کی۔ فرمان علی نے 2009 میں جدہ میں سیلاب کے دوران متعدد افراد کی جانیں بچاتے ہوئے اپنی جان قربان کر دی تھی۔ ملاقات میں پاکستانی ڈراموں کو سعودی عرب میں متعارف کرانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستانی ڈرامے خاندانی اقدار، مشرقی روایات اور اسلامی ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان ادیبوں، شاعروں، فنکاروں، موسیقاروں، میڈیا نمائندگان اور ڈیجیٹل مواد تخلیق کرنے والوں کے وفود کے تبادلوں کی تجویز بھی دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سیاحت کے حوالے سے بے پناہ قدرتی حسن اور تاریخی مقامات کا حامل ملک ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے سعودی میڈیا نمائندوں، سیاحوں اور ڈیجیٹل انفلوئنسرز کو پاکستان کے مختلف سیاحتی مقامات کے دورے کی دعوت دی۔ عطاء اللہ تارڑ نے غلط معلومات اور منفی پروپیگنڈے کی روک تھام، فیکٹ چیکنگ کے نظام کو موثر بنانے اور مشترکہ ثقافتی اقدار کی عکاسی کرنے والے مواد کی تیاری میں تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس مقصد کے لئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کی تجویز دی جس میں دونوں جانب سے فوکل پرسنز اور تکنیکی ٹیمیں شامل ہوں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے سعودی سفیر کو سوشل میڈیا انفلوئنسرز کی صلاحیتوں سے استفادہ کرتے ہوئے عوامی آگاہی اور اہم حکومتی اقدامات کی تشہیر کے لئے کئے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے جاری کی گئی سوشل میڈیا پوسٹ کو 80 لاکھ سے زیادہ مرتبہ دیکھا گیا۔ سعودی سفیر راجح بن طامی العجمی نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مضبوط برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد، احترام اور سیاسی و عسکری تعاون کو قابل فخر قرار دیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تقریبات، فنون، ادب اور میڈیا کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 3

مشرقی حصے میں امریکی فوج کا ایم کیو 9 ڈرون مار گرانے اور 2 جاسوس ڈرونز کو ناکارہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ یہ 55 واں امریکی ایم کیو 9 ڈرون ہے جسے ایرانی فضائی دفاعی نظام نے نشانہ بنایا۔ ایرانی حکام کے مطابق قشم جزیرے کے جنوب میں الیکٹرانک وارفیئر سسٹم کے ذریعے 2 امریکی ایم کیو ایم 170 جاسوس ڈرون بھی ناکارہ بنائے گئے ہیں۔ اس سے قبل امریکا نے آبنائے ہرمز میں ایرانی اہداف کو دفاعی حملوں میں نشانہ بنانے کی تصدیق کی تھی۔ امریکی حکام کے مطابق حملوں میں ان ایرانی فورسز کو نشانہ بنایا گیا جو امریکی تنصیبات پر زمین سے فضا میں مار کرنے والے میزائل استعمال کر رہی تھیں۔

بقیہ نمبر 4

ہے کہ جنگ روکنے کے لیے اب فیصلہ امریکا کے ہاتھ میں ہے، تہران کی جانب سے واشنگٹن کو مضبوط اور منطقی جواب بھجوا دیا گیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پارلیمنٹ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محمد باقر قالیباف نے کہا کہ خطے کے ممالک کو معلوم ہونا چاہیے کہ ایران نے امریکی فریق کو ایک مضبوط اور معقول جواب دیا ہے اور اب جنگ روکنے کے لیے گیند امریکا کے کورٹ میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران جنگ کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور اس کی انگلی ٹریگر پر ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر نے خبردار کیا کہ واشنگٹن کی جانب سے کسی بھی تزویراتی غلطی کے نتیجے میں امریکی فوجیوں کو ایک نئے محاذ کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ نمبر 5

بق سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی جانب سے شہر میں روڈ بلاک کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، آپریشن کے نتیجے میں 10 بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مارے گئے دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کر لیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے میں سپاہی حکمت اللہ نے جام شہادت نوش کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور موثر حکمت عملی کا ثبوت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان میں بدامنی پھیلانے اور عوام کے امن و سکون کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں، تاہم ریاستی ادارے ان کے عزائم ناکام بنانے کے لیے پوری قوت اور عزم کے ساتھ سرگرم عمل ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سپاہی حکمت اللہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سپاہی حکمت اللہ نے وطن عزیز کی خاطر اپنی جان قربان کر کے فرض شناسی، جرات اور حب الوطنی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔ قوم اپنے اس بہادر سپوت کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر افسران اور جوان قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، جو اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر ملک کے دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے مصروف عمل ہیں۔ ان کی قربانیاں قومی تاریخ کا قابل فخر باب ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی اور بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے۔ قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ بلوچستان میں پائیدار امن، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ریاست کی عملداری کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے

بقیہ نمبر 6

کیا اور اپنے حالیہ دورہ چین کے دوران چینی قیادت کے ساتھ ہونے والی انتہائی مفید، بامقصد اور نتیجہ خیز ملاقاتوں کا ذکر کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور چین کے درمیان ”ہر موسم کی اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری“ کو مزید مستحکم بنانے کے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ دورہ چین کے دوران طے پانے والے اہم فیصلوں اور مفاہمتوں پر عملدرآمد کے لیے فوری و موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے بالخصوص چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے دوسرے مرحلے، ”سی پیک 2.0“ کے تحت خصوصاً زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صنعتی ترقی، خصوصی اقتصادی زونز (SEZs) اور معدنیات و کان کنی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ان کے دورہ چین کے موقع پر ہانگژو میں منعقدہ بزنس ٹو بزنس (B2B) سرمایہ کاری کانفرنس کے دوران پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے درمیان طے پانے والی مختلف مفاہمتی یادداشتوں (MoUs) پر بروقت اور موثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کے ثمرات جلد از جلد حاصل کیے جا سکیں۔ وزیراعظم نے دورہ چین کو ہر لحاظ سے کامیاب بنانے میں چینی سفیر کی گرانقدر خدمات اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اب دونوں ممالک کے متعلقہ اداروں اور حکام پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ دونوں قیادتوں کے طے کردہ فیصلوں کو عملی شکل دینے کے لیے باہمی تعاون کو مزید فروغ دیں۔ ملاقات کے دوران قراقرم ہائی وے (KKH) ری الائنمنٹ منصوبے پر پیش رفت کو تیز کرنے، سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور دفاعی تعاون کے فروغ، نیز پاکستان کے لیے اقتصادی اور مالی معاونت سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور اہم بین الاقوامی پیش رفت پر بھی گفتگو ہوئی۔ سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور انہیں عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے وزیراعظم کو 23 تا 26 مئی 2026 کے کامیاب دورہ چین پر بھی مبارکباد دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ چین پاکستان کے ساتھ اپنی فولادی اور لازوال برادرانہ دوستی کو مزید مضبوط بنانے اور تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے

بقیہ نمبر 7

ابراہیم رضائی نے ایرانی مسلح افواج خصوصاً پاسداران انقلاب کی بحری اور فضائی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ نمبر 8

کو بھی تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے اپنی تقریر میں انہیں یاد کیا جس پر وہ ان کے شکر گزار ہیں۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی خدمت میں مدبانہ عرض ہے کہ جس ”دائیں ہاتھ کے کام“ کا ذکر کیا گیا،

بقیہ نمبر 9

سائمن اینڈریو بھی وفد میں شامل تھے۔ وزیر خزانہ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے عالمی بینک گروپ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ مسلسل شراکت داری کو سراہا اور ملک کی ترقیاتی اور اصلاحات کے ترجیحات میں گروپ کے تعاون کا اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے معاشی استحکام کی بحالی کے حوالے سے اہم پیشرفت کی ہے اور حکومت کی توجہ اب صحت، تعلیم، مہارتوں کی ترقی اور سماجی تحفظ میں ہدف پر مبنی سرمایہ کاری کے ذریعے سماجی اور انسانی ترقی کے نتائج بہتر بنانے پر مرکوز ہے

بقیہ نمبر 10

ئل کا موثر استعمال یقینی بنانا ہے۔ ان کفایت شعاری اقدامات کے نتیجے میں سیکریٹریٹ موجودہ مالی سال میں تقریباً 4.5 ارب روپے کی بچت حاصل کرنے کی طرف بڑھ رہا ہے، جو مجموعی بجٹ کا 27.3 فیصد بنتا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق مالی سال 26-2025 کے لیے قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کا مجموعی بجٹ 16.3 ارب روپے تھا۔ اس میں 9.4 ارب روپے ملازمین سے متعلق اخراجات شامل ہیں، جن میں تنخواہیں، الاونسز اور قومی اسمبلی کے ارکان و سیکریٹریٹ افسران کی ادائیگیاں شامل ہیں۔ جبکہ 6.9 ارب روپے غیر ملازمت اخراجات ہیں، جن میں آپریشنل اخراجات، یوٹیلیٹیز، دیکھ بھال، خریداری، ٹرانسپورٹ اور دیگر انتظامی اخراجات شامل ہیں۔ مختلف کفایت شعاری اور کارکردگی بہتر بنانے والے اقدامات کے ذریعے سیکریٹریٹ نے ملازمین سے متعلق اخراجات میں تقریباً 2.0 ارب روپے اور غیر ملازمت اخراجات میں 2.5 ارب روپے کی بچت حاصل کی ہے۔ رائٹ سائزنگ اقدامات کے تحت قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کی منظور شدہ اسامیوں کی تعداد 1,725 سے کم کر کے 1,344 کی جا رہی ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر 381 اسامیوں میں کمی کی جا رہی ہے، جن میں سے 301 اسامیاں پہلے ہی ختم کی جا چکی ہیں جبکہ باقی 80 اسامیاں مالی سال 2026-27 کے دوران ختم کر دی جائیں گی۔ یہ اصلاحات اسپیکر سردار ایاز صادق کے اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ادارے کو زیادہ موثر، کارکردگی پر مبنی اور کم خرچ بنایا جائے تاکہ قومی خزانے پر بوجھ کم ہو۔ تاہم یہ واضح کیا گیا ہے کہ اس عمل میں کسی بھی ملازم کو نہ برطرف کیا گیا ہے اور نہ ہی کسی کو مجبوراً استعفیٰ دینا پڑا، جو بہتر اور جدید انسانی وسائل کے انتظام کی مثال ہے۔ غیر ملازمت اخراجات میں نمایاں کمی سخت مالی نگرانی، کفایتی خریداری، توانائی کے موثر استعمال، آپریشنل اخراجات پر سخت کنٹرول اور جدید انتظامی نظام کے باعث ممکن ہوئی ہے۔ اسپیکر کے وژن کے مطابق پیپر لیس پارلیمنٹ کے نفاذ نے ان بچتوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ پارلیمانی امور کی مکمل ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے ایجنڈا، بلز، رپورٹس، پارلیمانی دستاویزات اور کمیٹی ریکارڈز کی الیکٹرانک ترسیل شروع کی گئی ہے، جس سے کاغذ کے استعمال، پرنٹنگ اخراجات، ریکارڈ مینجمنٹ اور انتظامی تاخیر میں واضح کمی آئی ہے۔ اس ڈیجیٹل نظام نے نہ صرف کارکردگی بہتر بنائی ہے بلکہ ماحولیاتی تحفظ میں بھی مدد دی ہے۔ جدید کاری کے ایجنڈے کے تحت قومی اسمبلی کو جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ٹولز کے انضمام کے ذریعے ملک کی پہلی مصنوعی ذہانت (AI) سے منسلک پارلیمنٹ بنا دیا گیا ہے، جس کا مقصد قانون سازی کی تحقیق، دستاویزات کے انتظام، معلومات تک رسائی اور انتظامی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ یہ اقدامات پارلیمانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے، ادارہ جاتی صلاحیت بڑھانے اور اراکین و متعلقہ فریقین کے لیے خدمات بہتر بنانے میں مددگار رہے ہیں۔ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ نے سرکاری ٹرانسپورٹ اور سفری اخراجات میں بھی سخت کفایت شعاری اقدامات کیے ہیں۔ سرکاری گاڑیوں کے بیڑے کے بہتر انتظام، گاڑیوں کے موثر استعمال، ایندھن کے استعمال میں کمی اور دیکھ بھال کے اخراجات پر سخت کنٹرول کے ذریعے نمایاں بچت حاصل ہوئی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ مالی نظم و ضبط، شفافیت، ڈیجیٹل تبدیلی، ادارہ جاتی جدید کاری اور ذمہ دار حکمرانی قومی اسمبلی کی اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اصلاحات کے ذریعے حاصل ہونے والی بچت اس بات کا ثبوت ہے کہ پارلیمنٹ عوامی وسائل کے موثر استعمال اور دیگر اداروں کے لیے مثال قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ اصلاحات کا

یہ سلسلہ جاری رکھے گا تاکہ کارکردگی میں مزید بہتری، جوابدہی کا فروغ، جدت کا تسلسل اور قومی وسائل کا بہترین استعمال یقینی بنایا جا سکے

بقیہ نمبر 11

۔جنید انور چوہدری کے مطابق پاکستان کا بحری شعبہ سعودی سرمایہ کاروں کیلئے پرکشش مواقع فراہم کرتا ہے، بندرگاہوں، لاجسٹکس، بلیو اکانومی میں سرمایہ کاری کی بھرپور گنجائش ہے، سعودی وژن 2030 اور پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات میں تعاون کی وسیع امکانات ہیں۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ گوادر پورٹ سمیت تمام بندرگاہوں میں سرمایہ کاری پر گفتگو ہوئی، کراچی پورٹ پر میری ٹائم بزنس ڈسٹرکٹ منصوبہ سرمایہ کاری کیلئے دستیاب ہے، پورٹ قاسم میں ایک کثیر المقاصد کارگو ٹرمینل کے قیام کے مواقع بھی موجود ہیں، انرجی سٹی منصوبہ سعودی سرمایہ کاروں کیلئے منافع بخش مواقع فراہم کرتا ہے، کورنگی فش ہاربر میں ایکوا ریسرچ پارک کے قیام کی پیشکش بھی کی ہے۔

بقیہ نمبر 12

کو ہرجانے کا نوٹس بھیجنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں، اگر ان کے پاس ثبوت ہیں تو سامنے لائیں، ورنہ عدالت میں لے کر جاؤں گی۔ طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ میں چوہدری سالک حسین کو پنجاب حکومت کی کرپشن سے متعلق دعوے پر ہرجانے کا نوٹس بھجواؤں گی۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں، اگر ان کے پاس ثبوت ہیں تو سامنے لائیں، ورنہ عدالت میں لے کر جاؤں گی۔ مریم نواز نے کہا کہ جو شخص سفارش پر آتا ہے وہ ملک اور عوام کا بیڑا غرق کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیپ ٹاپس اور اسکالرشپس دینے کے نہیں بلکہ طلبہ کی کامیابیوں کو ایک ماں کی حیثیت سے سراہنے آئی ہوں، یہ طلبہ کی محنت کی کمائی اور ان کا حق ہے، بہت سے بچوں نے وسائل کی کمی اور سیاسی طور پر بھرتی کئے جانے کے باوجود محنت کا راستہ نہیں چھوڑا، ماضی کی باتیں نہیں کرنا چاہتی، خرابیوں کی نشاندہی کے بجائے مسائل کے حل کے لیے آئی ہوں، میں اپنی رپورٹ کارڈ لے کر آپ کے پاس آتی ہوں، اسے دیکھیں اور فیصلہ کریں۔ مریم نواز نے کہا کہ یہاں بیٹھے ہر بچے کی اپنی کہانی ہے، جو محنت اور جدوجہد کی کہانی ہے، ماضی میں ایسے بہت سے ضرورت مند اور قابل بچوں کو لیپ ٹاپس اور اسکالرشپس نہیں مل سکیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ وسائل کی کمی کے باعث اب کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہیں ہوگا، پنجاب واحد صوبہ ہے جو بچوں کو لیپ ٹاپس، اسکالرشپس اور موٹر بائیکس بھی فراہم کر رہا ہے، پنجاب میں 300 نواز شریف اسکولز آف ایمنینس قائم کیے جا رہے ہیں، تعلیم کا انقلاب خود بخود نہیں آیا بلکہ اس کے لیے محنت کی گئی ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کا ہر بچہ اور بچی مجھے اپنے بچوں کی طرح عزیز ہے، دن رات کوشش کر رہی ہوں کہ پنجاب خواتین کے لیے ایک محفوظ صوبہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں پنجاب کی سرحد ختم ہوتی ہے، وہاں ترقی بھی ختم ہو جاتی ہے، میں ایسی وزیراعلیٰ نہیں جو صرف مسائل گنواتی رہے بلکہ مسائل کے حل کے لیے دن رات کام کرتی ہوں، سرکاری اسکولوں اور اسپتالوں کا معیار بہتر ہو رہا ہے، ستھرا پنجاب کے 2 لاکھ ملازمین صوبے کی صفائی کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے بتایا کہ ضلع اٹک میں 2 سال کے دوران 850 کلومیٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں اور اٹک میں گرین بسیں بھی چل رہی ہیں، اٹک کے لیے مزید گرین بسیں لے کر آئی ہوں اور ان کے افتتاح کے لیے طلبہ کو مدعو کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 13

ت، مذہبی شعبے میں تعاون، حجاج کرام اور عمرہ زائرین کو سہولیات کی فراہمی سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا اور جوائنٹ سیکرٹری حج سید عبدالوحید شاہ بھی شریک تھے

بقیہ نمبر 14

یٹی سوشل پر مقرر کیا جائے گا جبکہ ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کمیٹیوں کو مشتبہ افراد کو ڈکلیئر کرنے کے اختیارات بھی دیئے جائیں گے۔ نئے قانون میں سزاؤں کو بھی سخت کیا جا رہا ہے، جس کے تحت ابتدائی جرائم پر 3 سے 5 سال تک قید دی جا سکے گی جبکہ بار بار جرم کرنے والوں کے لیے سزا بڑھا کر 7 سال قید اور 20 لاکھ روپے تک جرمانہ مقرر کیا گیا ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مزید اختیارات دیتے ہوئے بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے اور شناختی کارڈ بلاک کرنے کی اجازت بھی شامل کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ پولیس کو جدید الیکٹرانک نگرانی اور سرویلنس کے اختیارات فراہم کیے جائیں گے۔ مجوزہ قانون میں ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، قبضہ مافیا کی سرگرمیاں، سائبر کرائم اور ہراسگی کو بھی باقاعدہ طور پر قابل سزا جرائم میں شامل کیا گیا ہے۔ صوبائی کابینہ نے اس قانون کی منظوری دے دی ہے اور توقع ہے کہ اسے جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کر دیا جائے گا، جہاں منظوری کے بعد اس کا باقاعدہ نفاذ عمل میں آئے گا۔ حکام کے مطابق اس قانون کا مقصد معاشرے میں امن و امان کو بہتر بنانا اور پیشہ ور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائی کو یقینی بنانا ہے

بقیہ نمبر 15

۔پشاور ہائی کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ خوشی ہے کہ عدالت نے معاملہ چیف جسٹس کو لارجر بینچ کی تشکیل کے لیے بھجوا دیا ہے

بقیہ نمبر 16

کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا جس نے منگل کو لیاقت بلوچ کی قیادت میں ان سے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور عوام کو معاشی ریلیف فراہم کرنے کے لئے عملی اقدامات پر کھل کر بات چیت ہوئی، بالخصوص کم آمدنی والے شہریوں پر معاشی بوجھ کم کرنے کے امکانات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ فریقین نے توانائی کی قیمتوں اور عوامی ریلیف سے متعلق آئندہ کا لائحہ عمل مرتب کرنے کے لیے آنے والے دنوں میں بھی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عالمی معاشی چیلنجز کے تناظر میں عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دینے اور عام شہریوں کو سہولت فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ قومی معیشت کو درپیش چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کے مابین مسلسل مکالمہ کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ ملاقات میں وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، وزیراعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ، معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری خزانہ اور سپیشل سیکرٹری پٹرولیم نے بھی شرکت کی

بقیہ نمبر 17

تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے صحت کے نظام کو درپیش چیلنجز، ان کے موثر حل، بنیادی صحت کی سہولیات، ماں اور بچے کی صحت کے فروغ، غذائی کمی اور بچوں میں نشوونما کی رکاوٹ (اسٹنٹنگ) پر قابو پانے کے لیے جاری اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ورلڈ بینک کے تعاون سے صحت کے شعبے میں جاری مختلف پروگراموں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے وفد کو صحت کے شعبے میں درپیش چیلنجز، صحت کے جاری اقدامات اور مستقبل کی ترجیحات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان موجودہ ہیلتھ کیئر سسٹم کو حقیقی معنوں میں ایک موثر اور عوام دوست نظام صحت میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرائمری ہیلتھ کیئر نظام کو ٹیلی میڈیسن کے ذریعے مضبوط بنایا جا رہا ہے تاکہ دور دراز علاقوں میں بھی معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بڑے ہسپتالوں پر دباؤ کم کرنے کے لیے ایک موثر ریفرل سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ان کی اولین ترجیح لوگوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنا ہے اور اسی مقصد کے تحت احتیاطی صحت کے اقدامات پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ 2030 سے قبل پاکستان میں مقامی سطح پر ویکسین کی پیداوار ناگزیر ہے اور اس حوالے سے اہم پیش رفت ہو چکی ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے بتایا کہ تیرہ مختلف بیماریوں کی ویکسین کی مقامی سطح پر تیاری کے لیے انڈونیشیا کے ساتھ معاہدوں پر پیش رفت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک جامع قومی ویکسین پالیسی تشکیل دی گئی ہے، جو ملک میں ویکسین کی تیاری اور دستیابی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ ورلڈ بینک کے وفد نے وفاقی وزیر صحت کے وژن اور صحت کے شعبے میں جاری اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے پاکستان کے صحت کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ممتا موریتی نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو دسمبر 2026 میں منعقد ہونے والے یونیورسل ہیلتھ کوریج فورم میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ بینک پاکستان کے صحت کے نظام کو مضبوط بنانے، بنیادی صحت کی سہولیات کے فروغ اور عوامی صحت کے شعبے میں تعاون جاری رکھے گا

بقیہ نمبر 18

جبکہ تیسرا جہاز جون کے پہلے ہفتے میں متوقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق کراچی میں پچھلے پورٹس کو ٹرمینل چار ہزار ٹرانس شپمنٹ کارگو یونٹس سنبھالے گا، جس کے بعد مارچ 2026 تک مجموعی تعداد 14,300 تک پہنچ جائے گی۔ خلیجی خطے میں بحری نقل و حمل کو درپیش چیلنجز کے باعث بین الاقوامی شپنگ کمپنیاں متبادل راستوں کے طور پر پاکستانی بندرگاہوں کو زیادہ اہمیت دے رہی ہیں۔ میری ٹائم حکام کے مطابق خلیج کے بحران کے اثرات کے باعث نہ صرف کراچی بلکہ گوادر پورٹ کے استعمال میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے،

جہاں تجارتی سرگرمیاں 20 فیصد سے بڑھ کر 30 فیصد تک پہنچ گئی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ گوادر پورٹ کو مزید پرکشش بنانے کے لیے برتھنگ فیس میں 25 فیصد، بین الاقوامی ٹرانس شپمنٹ کارگو چارجز میں 40 فیصد اور ٹرانزٹ کارگو چارجز میں 31 فیصد کی کمی کی گئی ہے۔ ماہرین کے مطابق سی پیک 2.0، علاقائی تجارتی راہداریوں اور نئی سرمایہ کاری کے منصوبوں سے گوادر پورٹ کی اہمیت مزید بڑھے گی، جبکہ کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر خطے کے اہم لاجسٹکس اور ٹرانس شپمنٹ مراکز کے طور پر ابھر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

انسانی اعضا نکالنے کے کیس میں جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے ہیں کہ پنجاب میں 18 سے 20 لاکھ کا باآسانی گردہ مل جاتا ہے، لوگوں کی غربت کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ سپریم کورٹ میں دھوکا دہی کے ذریعے انسانی جسم سے اعضا نکالنے کے مقدمے میں ٹیکسلا کے ڈاکٹر فواد ممتاز خان کی 7 سال سزا کے خلاف بریت کی درخواست پر سماعت کے دوران پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کے حکام عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت، جسٹس ہاشم خان کاکڑ نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی طور پر انسانی اعضا نکالنے اور ٹرانسپلانٹ کرنے کے واقعات بڑھ رہے ہیں، کوئٹہ میں اگر کسی کو گردہ چاہیے تو پنجاب سے آسانی سے مل جاتا ہے، پنجاب میں متعلقہ اتھارٹی کا کنٹرول نہ ہونے کے برابر ہے، پنجاب میں 18 سے 20 لاکھ کا باآسانی گردہ مل جاتا ہے، لوگوں کی غربت کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ پنجاب کے سرکاری وکیل نے کہا ڈونر کو تو دو سے چار لاکھ ملتے ہیں باقی رقم ایجنٹس کماتے ہیں۔ جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا کوئٹہ میں تو لوگوں کو اپنا گردہ اتنا عزیز ہوتا ہے کہ اربوں روپے بھی دو تو نہیں دیں گے۔ جسٹس صلاح الدین پنہور نے کہا یہ پنجاب والے اپنا دل گردہ ہاتھ میں لے کر کیوں گھومتے ہیں؟ جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا ریکارڈ کے مطابق الزام ہے کہ ڈاکٹر نے بغیر رضامندی بے ہوش کر کے شہری کا گردہ نکالا۔ ڈاکٹر کے وکیل نے کہا اس معاملے میں حقیقت کم اور الزامات زیادہ ہیں۔ سرکاری وکیل پنجاب حکومت نے کہا کہ ملزم ڈاکٹر پر اسی نوعیت کی مزید 10 مقدمات بھی درج ہیں۔ جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا یہ سنجیدہ معاملہ ہے، انسانی اعضا کے نکالے جانے کے واقعات بڑھ رہے ہیں۔ جسٹس صلاح الدین پنہور نے کہا ان معاملات میں ڈاکٹرز، اسپتال اور متعلقہ سرکاری ادارے بھی ملوث ہوتے ہیں۔ جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا کہ مکمل ریکارڈ منگوا لیں اور بھرپور تیاری کے ساتھ آئیں، پیچیدہ اور اہم معاملہ ہے، اگلی سماعت پر اس مقدمے کو تفصیل سے سن کر فیصلہ کریں گے۔ کیس کی مزید سماعت 11 جون جمعرات تک ملتوی کر دی گئی۔ واضح رہے کہ ٹیکسلا میں جلد کے ڈاکٹر نے نوکری کا جھانسہ دے کر بے ہوش کر کے شہری کا گردہ نکال لیا تھا۔ ٹرائل کورٹ نے ڈاکٹر فواد ممتاز خان کو 7 سال کی سزا سنائی۔ ہائیکورٹ نے ٹرائل کورٹ کے فیصلے کو برقرار رکھا۔ ملزم ڈاکٹر نے سزا کے خلاف سپریم کورٹ میں بریت کی درخواست دائر کی۔

بقیہ نمبر 20

بات ہیں، ڈی سی پہلے ہی لگا ہوا تھا۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ انسان کے پاس اختیار آتا ہے تو عاجز رہنا چاہیے، میں نے سچائی سے جواب دیا، پنجاب میں بالکل کرپشن ہو رہی ہے۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ان معاملات کا تعلق صوبوں کے حوالے سے نہیں

بقیہ نمبر 21

مطابق ٹیلیفونک گفتگو میں طارق فضل چوہدری نے عامر ڈوگر سے پارلیمانی کمیٹی کا حصہ بننے کی درخواست کی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اسپیکر کو پارلیمانی کمیٹی میں شمولیت کیلئے نام جلد بھجوائے۔ عامر ڈوگر نے سوال کیا کہ پارلیمانی کمیٹی کی کمپوزیشن کیا ہے؟ اس پر طارق فضل نے جواب دیا کہ نشستوں کے تناسب سے حکومت کے 15 اور اپوزیشن کے 5 ایم این اے رکن ہوں گے۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ 2013 میں جو انتخابی اصلاحات کمیٹی بنی تھی اسی تشکیل کا فارمولا مدنظر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی قیادت سے مشاورت کے بعد حکومت کو جواب دیں گے، انتخابی اصلاحات کمیٹی کو پہلے ہمارے انتخابات چوری ہونے کی تحقیقات کرنی چاہیے۔

بقیہ نمبر 22

ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ عالمی مالیاتی ادارے نے اکتوبر میں 129 ارب روپے اور 4 ماہ کے دوران 96 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال پر تشویش ظاہر کی ہے۔ آئی ایم ایف نے 15 ہزار 264 ارب روپے کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور دیا ہے، جبکہ موجودہ ٹیکس محاصل کو ناکافی قرار دیتے ہوئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق اگر ٹیکس شارٹ فال میں مزید اضافہ ہوا تو عوام پر نئے ٹیکس عائد کرنے یا سرکاری اخراجات میں کٹوتی کا آپشن زیر غور آ سکتا ہے۔ اگلے اقتصادی جائزوں میں ٹیکس وصولی سے متعلق شرائط مزید سخت ہونے کا امکان ہے، جبکہ اہداف پورے نہ ہونے کی صورت میں ہنگامی ٹیکس اقدامات پر بات چیت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی اور صوبائی سطح پر جنرل سیلز ٹیکس کی مد میں محاصل بڑھانا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف اگلے مالی سال کے لیے ریونیو سے متعلق شرائط مزید سخت کر سکتا ہے، جبکہ نئے بجٹ سے پہلے ریٹیل، ہول سیل اور زرعی شعبے سے ٹیکس وصولی میں پیشرفت کی تجویز دی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے پروفیشنلز سمیت ٹیکس نیٹ سے باہر تمام شعبوں کو ٹیکس دائرے میں لانے پر بھی زور دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کے تحت طے شدہ شرائط پوری کرنا لازمی ہے۔

بقیہ نمبر 23

شاندار کارکردگی کو سراہنے اور ان کی کامیابیوں کے اعتراف میں منعقدہ تقریب سے سرینز کی جیت سے خطاب کر رہے تھے

بقیہ نمبر 24

حکومت اور شیئر ہولڈرز کو آگاہ کر دیا۔ بیان کے مطابق کنویں سے یومیہ 2 ہزار بیرل تیل حاصل ہوگا۔ کنویں سے گیس کی ابتدائی پیداوار کا تخمینہ 11 لاکھ اسٹینڈرڈ کیوبک فٹ یومیہ ہے۔ ترجمان او جی ڈی سی ایل کا کہنا ہے کہ سمبڑ فارمیشن میں کنویں کو 3 ہزار 305 میٹر تک کھودا گیا، ماہرین کے مطابق حاصل ہونے والی تیل کی یومیہ مقدار قابل ذکر ہے۔ دریافت سے ملک میں تیل و گیس کی طلب و رسد کا فرق کم ہوگا۔

بقیہ نمبر 25

دے رہے ہیں، ان پر حملہ دراصل قوم کے مستقبل پر حملہ ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ پولیو کی سیکیورٹی پر تعینات اہلکاروں پر فائرنگ کا واقعہ کسی صورت قابل برداشت نہیں اور بزدلانہ کارروائی میں ملوث عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، جنہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 26

قانونی تقاضے پورے کرنے میں ناکام رہی ہے، سیاسی جماعت نے مقررہ آخری مدت 15 اکتوبر 2026 تک انٹرا پارٹی انتخابات نہیں کرائے۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے عہدیداران کا باقاعدگی سے انتخاب کرانا قانونی تقاضہ ہے، الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت انٹرا پارٹی انتخابات کرانا لازمی ہے، انٹرا پارٹی انتخابات کے بعد 7 روز میں انتخابی سرٹیفکیٹ جمع کرانا ضروری ہے، الیکشن کمیشن نے ایم کیو ایم کو شوکاز کا جواب دینے کے لیے 14 روز کی مہلت دی ہے اور جواب نہ ملنے پر قانون کے مطابق مزید کارروائی کی جائے گی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے کہا گیا کہ پارٹی انتخابات نہ کرانے پر ایم کیو ایم انتخابی نشان حاصل کرنے کی اہلیت سے محروم ہو سکتی ہے اور آئندہ انتخابات کے لیے ایم کیو ایم پاکستان کا انتخابی نشان روکا بھی جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 27

کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 28

پیداواری کیپیسٹی پیمنٹس کے مہنگے معاہدے ختم کیے جائیں اور سود سے جان چھڑائی جائے۔ مقامی ہوٹل میں ”بجٹ، معیشت اور توانائی، بحران سے حل تک“ کے موضوع پر معاشی ماہرین اور سینئر نمائندگان ذرائع ابلاغ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز کا فرانزک آڈٹ ہو جائے تو موجودہ اور سابقہ حکومتوں کے کرتا دھرتا لٹک جائیں گے۔ حافظ نعیم الرحمن نے ایران پاکستان گیس پائپ لائن معاہدے پر کام کے آغاز، مقامی حکومتوں کے نظام کو موثر بنانے اور تعلیم کے بجٹ میں اضافہ کے بھی مطالبات کیے۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں بڑے پیمانے پر کرپشن ہوتی ہے، اس پروگرام سے غربت کی شرح میں کوئی کمی نہیں آئی، گزشتہ دو برس میں غربت کی شرح میں مجموعی طور پر سینتیس فیصد اضافہ ہوا، پنجاب میں غربت کی شرح اکتالیس فیصد ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے ٹیکسوں کے موجودہ نظام کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ حکومت عام آدمی سے پٹرولیم لیوی، بجلی اور گیس کے بلوں میں اربوں روپے ٹیکس وصول کر رہی ہے، اٹھارہ ہزار ارب کے سالانہ ٹیکس ریونیو میں سے بارہ ہزار ارب عام آدمی پر براہ راست ٹیکس سے اکٹھے کیے جاتے ہیں، ایف بی آر کا پچیس ہزار ملازمین پر مشتمل محکمہ کیا کام کر رہا ہے؟ حکومت نے پٹرولیم لیوی کے ذریعے اب تک آٹھ ہزار چھپاسٹھ ارب اکٹھے کیے ہیں، تنخواہ دار طبقہ سے سالانہ چھ سو پانچ ارب اکٹھے کیے جاتے ہیں، یہ ظلم کا نظام ہے۔ حکمران ایک طرف عام آدمی کا خون نچوڑ رہے ہیں دوسری جانب آئی پی پیز مالکان کو سالانہ دو ہزار ارب ادا کیے جا رہے ہیں، ری کیپیٹلائزیشن معاہدوں کی صورت میں

حکومت نے پانچ لاکھ ڈالر روزانہ ان دنوں میں بھی ادا کیے جب ایران امریکہ جنگ کے دوران گیس کی ترسیل معطل رہی۔ اطلاعات ہیں کہ حکومت آئی پی پیز سے چھبیس ہزار میگاواٹ کے مزید معاہدے کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، ایسا کسی صورت نہیں ہونے دیں گے۔ حکومت بجلی گیس کی قیمتیں کم کرے، پٹرول کی فی لیٹر قیمت دوسو تیس روپے تک کی جائے، سوا لاکھ تنخواہ لینے والوں سے موجودہ انکم ٹیکس شرح کا نصف کیا جائے، اس سے زیادہ تنخواہ پر انکم ٹیکس میں مکمل چھوٹ دی جائے، حکومت جاگیرداروں پر ٹیکس لگائے اور چھوٹے کاشتکاروں کو سہولیات دے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جی ڈی پی کا ایک اعشاریہ سات فیصد تعلیم کا بجٹ ہے، جسے چار سے پانچ فیصد ہونا چاہیے، صوبوں کے تعلیمی بجٹ کا ستر فیصد کرپشن کی نذر ہو جاتا ہے، ملک میں پونے تین کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں، صرف پنجاب میں ایک کروڑ بچے سکول نہیں جاتے، مریم نواز نے اپنے لیے گیارہ ارب کا جہاز خرید لیا، دوسری جانب سکولوں کو فروخت کیا جا رہا ہے۔ فارم سنڈیکیٹس پر مسلط حکمران صرف اپنے مفادات کا تحفظ کرتے ہیں، یہ سارے ایک دوسرے کو تحفظ فراہم کرتے ہیں، ملک میں کپاس کو تباہ کر دیا گیا، شوگر مافیا چینی کی درآمد سے اربوں کماتا ہے، جن کاشتکاروں نے کپاس ختم کر کے گنا کاشت کیا انہیں ادائیگیاں نہیں ہوتیں۔ صحافیوں کے سوالات کے جواب میں امیر جماعت اسلامی نے حکومت کی نج کاری پالیسی پر کڑی تنقید کی اور کہا کہ جماعت اسلامی قومی اداروں کی فروخت کے خلاف ہے، انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے نج کاری سے متعلق ایک پالیسی پیپر تیار کیا ہے جس میں پوری صورتحال کا جائزہ اور حل تجویز کیا گیا ہے۔ انہوں نے حکومت کی پنشن پالیسی کو ناجائز قرار دیا اور کہا کہ پنشن کا موثر نظام وضع ہونا چاہیے، ججوں اور جرنیلوں کی پنشن کو بھی دیکھا جائے، تمام ادارے قربانی دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک و قوم کی حفاظت کے لیے دفاعی بجٹ میں کمی نہیں ہونی چاہیے، تاہم فوج کے انتظامی معاملات کے لیے رکھے گئے بجٹ پر غور کیا جانا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ وفاق این ایف سی میں سے مقامی حکومتوں کے لیے براہ راست فنڈ جاری کرے، صوبائی حکومتیں بلدیات کے لیے فنڈ زیر سانپ بن کر بیٹھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی قوم کی تائید سے اقتدار میں آنا چاہتی ہے، دیگر پارٹیوں کی صورتحال یہ ہے کہ مقتدرہ ان کے سر پر ہاتھ رکھے تو زندہ باد، نہ رکھے تو مردہ باد۔ انہوں نے آصف زرداری کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ اینٹ سے اینٹ بجانے والے کو اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھ مضبوط کرنے کا ان کا ستر فیصد کو بہت مہنگا پڑا ہے، مسلط طبقہ نے قومی معیشت اور اداروں کا بیڑہ غرق کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی اقتدار میں آکر سود کا خاتمہ کرے گی، زکوٰۃ کا نظام مضبوط کریں گے، تعلیم اور نوجوانوں کی پیشہ وارانہ تربیت جماعت اسلامی کی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہوگا۔

بقیہ نمبر 29

ے ہوٹل میں منعقد ہوئی، جس کی تصاویر منظر عام پر آ گئیں۔ تقریب میں چیئرمین سینیٹ، اسپیکر پنجاب اسمبلی، اپوزیشن و حکومتی ارکان اسمبلی شریک ہوئے۔ لڑکے والوں کی طرف سے شادی میں جنرل (ر) قمر باجوہ نے بھی شرکت کی۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر، بیرسٹر گوہر نے تقریب کے دوران جنرل (ر) قمر باجوہ سے ملاقات کی۔ شیری رحمن، نیئر بخاری، پرویز خٹک، فواد چوہدری، اسد عمر، عمران اسماعیل نے بھی شادی کی تقریب میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 30

لت کے حکم پر جواب جمع نہیں کیا گیا۔ ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ ہمیں آج ہی رپورٹ ملی ہے، 3 دن چاہئیں، پولیس، قانون نافذ کرنے والی ایجنسی اور ڈی سیز سے بھی رپورٹ طلب کی ہے، اس سے قبل بھی سیکڑوں 3 ایم پی او کیسز ایسے جمع ہوئے جن میں ہم سے نہیں پوچھا گیا۔ جسٹس ارشد علی نے کہا کہ آپ کا یہ رویہ رہا تو ہم اس کو لارجر بینچ کے پاس بھیجیں گے۔ جس پر ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ یہ میری بھی استدعا ہے، اس کے لیے لارجر بینچ بنانا چاہیے

بقیہ نمبر 31

ہوئے انکوائری رپورٹ سمیت مکمل ریکارڈ طلب کر لیا۔ منگل کو جسٹس خادم حسین سومرو نے وکیل ریاض حنیف راہی کی درخواست پر سماعت کی اور سانحہ پر کی ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست خارج کرنے کا جسٹس آف پیس کا حکم معطل کر دیا۔ عدالت نے وفاقی حکومت، وزیراعظم آفس، وزارت صحت اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا، جبکہ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی، ڈائریکٹر جنرل، چیف کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو بھی نوٹس جاری کیے گئے۔ علاوہ ازیں عدالت نے سی ڈی اے، کیپٹل ایمرجنسی سروسز، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز، آئی جی اسلام آباد اور ڈی جی ایف آئی اے کو بھی نوٹس جاری کیے۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے ریمارکس دیے کہ وہ تمام رپورٹس اور شواہد طلب کریں گے اور اگر کوئی کوتاہی سامنے آئی تو ذمہ داروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم دیں گے۔ سماعت کے دوران وکیل ریاض حنیف راہی نے موقف اختیار کیا کہ پمز سانحے میں 14 بچے ایک ہی وقت جل گئے تھے، جبکہ ایک بچہ بعد میں فوت ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ جنگل میں جانوروں کے بچوں کے ساتھ بھی ایسا نہیں ہوتا۔ اس پر جسٹس خادم حسین سومرو نے وکیل کو ہدایت کی کہ وہ براہ راست اپنے کیس پر آئیں۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ پمز سانحے میں بچوں کی اموات کی آج تک ایف آئی آر درج نہیں ہوئی۔ اس پر جسٹس خادم حسین سومرو نے استفسار کیا کہ کیا ہوا، انکوائری تو ہوئی تھی؟ وکیل نے جواب دیا کہ انکوائری رپورٹ میں ثابت ہو چکا ہے کہ کوتاہی ہوئی ہے۔ ریاض حنیف راہی نے استدعا کی کہ عدالت حکم دے کہ آج ہی عدالتی وقت ختم ہونے سے پہلے ایف آئی آر درج کر کے پیش کی جائے۔ اس پر جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ اب آپ پھر اس طرف جا رہے ہیں، اپنے کیس پر قانونی دلائل دیں۔ وکیل نے بتایا کہ جسٹس آف پیس نے ہائیکورٹ میں درخواستیں زیر التوا ہونے کی بنیاد پر مقدمہ درج کرنے کی درخواست مسترد کر دی تھی۔ میرے علاوہ کسی شخص نے تھانے میں درخواست نہیں دی، حالانکہ مقدمہ درج ہونا چاہیے تھا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ انہوں نے شواہد اکٹھے کر لیے گئے، لیکن ایف آئی آر درج ہی نہیں ہوئی تو شواہد کہاں لے کر جائیں گے؟ جسٹس خادم حسین سومرو نے ریمارکس دیے کہ وہ تمام رپورٹس اور شواہد طلب کریں گے اور اگر کسی قسم کی کوتاہی سامنے آئی تو ذمہ داران کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دیں گے۔ بعد ازاں عدالت نے کیس کی مزید سماعت 12 نومبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 32

وی بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا آئی کیو نیوٹن کے آئی کیو کے قریب ہے۔ شہباز شریف کے کام کرنے کے انداز اور کابینہ کے اراکین کے بارے میں بات کرتے ہوئے حذیفہ رحمان نے بتایا کہ شہباز شریف صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک کام کرتے ہیں اور ہر ہفتے وفاقی کابینہ کا اجلاس منعقد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بدعنوانی یا نااہلی کو ہرگز برداشت نہیں کرتے اور نہ ہی نااہل یا بدعنوان افراد کو اپنے قریب رہنے دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی وزیر کی کارکردگی تسلی بخش نہ ہو تو وہ وزیراعظم کے قریبی حلقے میں شامل رہنے کی توقع نہیں رکھ سکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ شہباز شریف کی قابلیت کے پیمانے پر ہم پورا نہیں اتر سکتے، اگر ان کا بس چلے تو کابینہ کے 55 وزیروں میں سے 52 یا 53 فارغ ہوں گے اور 2 یا 3 ہی بچیں گے، میں اکثر کہتا ہوں کہ آئزک نیوٹن کے قریب آپ کا آئی کیو ہوگا، فارغ ہونے سے بچنے والوں میں میرا نام بھی ہوگا کیونکہ میرا آئی کیو بھی ان کے قریب قریب ہے۔

بقیہ نمبر 33

ستمبر 2026 کے دوران پاکستان نے 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول عالمی منڈیوں میں برآمد کیے، جبکہ دنیا کے تیسرے بڑے چاول برآمد کنندہ ملک ویتنام کی برآمدات 3 لاکھ 37 ہزار ٹن رہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی اور خلیجی خطے میں بحری نقل و حمل کو درپیش رکاوٹوں کے باوجود عالمی منڈی میں پاکستانی چاول، خصوصاً باسمتی چاول کی طلب برقرار رہی، جس کے نتیجے میں ملکی برآمدات میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی، یعنی جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران پاکستان کی چاول برآمدات کے مجموعی حجم میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 51 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی عرصے میں چاول کی برآمدات سے حاصل ہونے والے زرمبادلہ میں بھی 37 فیصد اضافہ ہوا، جو پاکستانی چاول کی عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی طلب کی عکاسی کرتا ہے۔ ماہرین کے مطابق چاول کی برآمدات میں یہ اضافہ پاکستان کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمانے کا اہم ذریعہ بن سکتا ہے، تاہم عالمی منڈی میں مسابقت برقرار رکھنے کے لیے معیار، پیداواری لاگت اور برآمدی ترسیل کے نظام کو مزید بہتر بنانا ضروری ہوگا

بقیہ نمبر 34

شکایات کے انبار لگا دیے۔ بھارت میں مارکنگ غلطیوں کی شکایات ہونے پر چار لاکھ سے زائد طلبہ نے 11 لاکھ جوابی کاپیوں کی نقول طلب کر لیں۔ متعدد طلبا نے اسکین شدہ جوابی کاپیاں نامکمل ہونے یا ان کے صفحات غائب ہونے کی شکایات کی ہیں۔ طلبا کی جانب سے غلط مارکنگ، دھندلے اسکین اور دوسرے طلبہ کی جوابی کاپیاں موصول ہونے کی شکایات بھی موصول ہوئیں۔ متاثرہ طالبہ کی والدہ نے حکومتی غفلت کو ہزاروں طلبہ کے کیریئر، ذہنی صحت اور مستقبل سے کھیلنے کے مترادف قرار دیا۔ عالمی ماہرین کے مطابق مودی کے زیر اقتدار بھارت میں پیپر لیکس اور مارکنگ اسکینڈلز نے بھارتی طلبا کو جعلی ڈگریاں لینے پر مجبور کر دیا ہے۔ بھارت میں تعلیمی شفافیت کے فقدان کی بنا پر جعلی ڈگریوں کے بڑھتے رجحان پر عالمی خدشات مزید بڑھا دیے ہیں۔

بقیہ نمبر 35

عظم نے قبل ازیں منعقد ہونے والے یورپی یونین-پاکستان اسٹریٹجک ڈائیلاگ کے آٹھویں دور پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تجارت و سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی، سلامتی، ہجرت، پائیدار ترقی اور رابطہ کاری سمیت اہم شعبوں میں یورپی یونین کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس ضمن میں وزیراعظم نے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان مضبوط تجارتی تعلقات کے فروغ میں جی ایس پی پلس (GSP+) کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ وزیراعظم نے خلیجی خطے میں امن کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کی یورپی یونین کی جانب سے بھرپور حمایت پر یورپی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ان کوششوں میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے بین الاقوامی برادری، بشمول یورپی یونین، کی اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر خصوصی زور دیا۔ وزیراعظم نے جنوبی ایشیا کی علاقائی صورتحال اور افغانستان سے متعلق پاکستان کا موقف بھی یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کے ساتھ شیئر کیا۔ انہوں نے یورپی کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا اور یورپی کمیشن کی صدر محترمہ ارسولا وان ڈیر لائن کے لیے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور دونوں رہنماؤں کو جلد پاکستان کے دورے کی اپنی پرخلوص دعوت کا اعادہ کیا۔ یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کا جا کالاس نے علاقائی امن کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا اور پاکستان کے ساتھ اسٹریٹجک روابط کو مزید گہرا کرنے میں یورپی یونین کی گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 36

سی اختلافات کے باوجود ہر دور میں ان روایات اور اقدار کا احترام کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کچھ عرصے سے راجہ فاروق حیدر خان اور ان کے اہل خانہ کے خلاف جاری میڈیا ٹرائل انتہائی افسوسناک ہے۔ سیاسی اختلافات کو ذاتیات اور خاندان تک لے جانا مناسب نہیں۔ اس موقع پر سجاد انور عباسی اور راجہ عبدالجبار خان بھی ہمراہ تھے۔ دریں اثنا صدر مسلم کانفرنس و سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے ایم ایل اے ہاسٹل میں سجاد انور عباسی، سردار وحید خان مغل، حاشر عباسی، انوار علی عباسی اور دیگر نے بھی ملاقات کی، بعد ازاں سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے چیف جسٹس ہائیکورٹ سردار لیاقت شاہین سے ان کے بھائی اور بھابھی کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ نمبر 37

ملحقہ گلی محلوں کی سڑکوں کو فوری بنانے کا مطالبہ۔ میونسپل کارپوریشن حب کے وارڈ نمبر 11 کی معروف اور مصروف سڑک زہری اسٹریٹ کی خستہ حالی کے باعث طلبہ کو لے جانے والا رکشہ الٹ گیا، تاہم خوش قسمتی سے کوئی بڑا جانی نقصان نہیں ہوا، زہری اسٹریٹ میں گذشتہ چند ماہ قبل سیوریج لائن کی بچھائی اور ناقص منصوبہ بندی کے تحت اکھاڑ کر چھوڑ دی گئی جس کی وجہ سے سڑک جگہ جگہ گہرے کھڈوں میں تبدیل ہو گئی اور ہر وقت اٹھنے والی دھول مٹی کے نتیجے میں علاقہ مکینوں میں دمہ سمیت پھیپھڑوں کے امراض بھی پھیلنے لگے ہیں جبکہ دوسری جانب سیوریج لائنوں کی بچھائی کے سبب علاقے کی واٹر سپلائی لائن بھی ٹوٹ پھوٹ چکی ہے اور واٹر سپلائی کی ہزاروں گیلن پانی ہمہ وقت سڑک پر بہتا ہوا نظر آتا ہے اور علاقہ مکینوں کے گھر میں ایک قطرہ پانی نہیں پہنچتا، ایک جانب منتخب نمائندے حب شہر کو پیرس بنانے کے دعوے اور اعلانات کر رہے ہیں، تو دوسری جانب شہر کی سڑکوں کی یہ صورتحال ان دعوؤں کی حقیقت کو آشکار کر رہی ہے، عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام اور منتخب نمائندوں سے مطالبہ کیا ہے کہ زہری اسٹریٹ کی فوری تعمیر و مرمت یقینی بنائی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے حادثات سے بچا جا سکے اور نئی سیوریج لائن اور واٹر سپلائی لائن بچھائی جائے تاکہ زہری اسٹریٹ و ملحقہ علاقوں میں پینے کے پانی کا مسئلہ حل ہو سکے

بقیہ نمبر 38

لد کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کی اس موقع پر حب پریس کلب کے صدر محمد الیاس کمبوہ، سینئر نائب صدر ہارون رشید رونجھو، محمد جمن رونجھو، یاسر عمر رونجھو اور حب پریس کلب کے رابطہ سیکریٹری لعل محمد برفت بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 39

معاہدے ہوئے ان میں سے تین میں پی ایم وائی پی فریق ہے جو چائنہ گلوبل پروفیشنل اینڈ ٹیکنیکل سرٹیفیکیشن سینٹر، جیلن الیکٹرانک انفارمیشن ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کالج اور پلی ووکیشنل کالج کے ساتھ طے پائے۔ باقی آٹھ معاہدے یونیورسٹی آف لاہور، غازی یونیورسٹی، نیوٹیک کراچی، پرسٹن انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور پنجاب ٹیوٹا کو چین کے ووکیشنل کالجوں سے منسلک کرتے ہیں۔ یہ معاہدے میکاٹرونکس، گرین انرجی، موبائل کمیونیکیشن، نرسنگ، جدید زراعت، کراس بارڈر ای کامرس اور بین الاقوامی اسکلز سرٹیفیکیشن کے شعبوں پر محیط ہیں۔ بیجنگ میں قائم پی ایم وائی پی چائنہ سیکرٹریٹ ان کے رابطہ کار کے طور پر معاونت کرے گا۔ ان کے علاوہ 14 نمایاں منصوبے بھی شامل ہیں۔ ان میں انٹرنیشنل نرسنگ ٹیلنٹ ٹریننگ بیس، کراس بارڈر ای کامرس ٹیلنٹ ٹریننگ بیس (جس کی رونمائی چیئرمین نے کی)، پاکستان تیانگونگ کالج، جوائنٹ فیچر ٹریننگ سینٹر اور انڈسٹریل روبوٹکس اور الیکٹرانک انفارمیشن انجینئرنگ کی نئی کمپنیاں شامل ہیں۔ ایم ایل ون کے ذریعے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوئے۔ چیئرمین کے ساتھ سٹریٹجک مذاکرات کے بعد چائنہ ریلوے گروپ کے سیکرٹری ہان ہوئی اسی روز پاکستان روانہ ہو گئے تاکہ ایم ایل ون ریلوے اپ گریڈ سے منسلک سکلز ٹریننگ اور روزگار پر عملی کام شروع کیا جا سکے۔ جیلن الیکٹرانک انفارمیشن ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کالج 10 پاکستانی اساتذہ کو تربیت دے چکا ہے اور نومبر سے اپنے چینی زبان کے پروگرام میں 15 پاکستانی طلبہ کو داخلہ دے گا۔ چیئرمین نے کہا کہ ہر داخل ہونے والا طالب علم اور ہر تربیت یافتہ استاد مضبوط اور ہنرمند پاکستان کی جانب ایک قدم ہے۔ چیئرمین نے چائنہ الیکٹریسٹی کونسل، تھائی لینڈ کے آفس آف دی ووکیشنل ایجوکیشن کمیشن اور ٹیگ انٹرنیشنل ایجوکیشن گروپ کے اشتراک سے انٹرنیشنل گرین پاور ٹیلنٹ ڈویلپمنٹ بیس کا مشترکہ آغاز کیا۔ انہوں نے سفارتخانہ پاکستان بیجنگ کے زیر اہتمام چائنہ پاکستان انٹرنیشنل ایجوکیشن کوآپریشن ایوارڈز (2026-2025) پیش کیے۔ بیلٹ اینڈ روڈ انٹرنیشنل فورم آن انڈسٹری ایجوکیشن کوآپریشن سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین نے صنعت کی ضروریات کے مطابق تربیت، مشترکہ تعلیمی پروگراموں، بین الاقوامی سرٹیفیکیشن اور ووکیشنل اساتذہ کی تربیت پر زور دیا۔ انہوں نے چائنہ الیکٹریسٹی کونسل میں گرین انرجی ٹیلنٹ ایکسچینج پر بین الاقوامی سیمینار سے بھی خطاب کیا۔ سفیر پاکستان علی اسد گیلانی اور سفارتخانے کے سینئر حکام سے تعلیمی شراکت داریوں کے لیے سفارتی معاونت پر ملاقات کی اور تھائی لینڈ کے او وی ای سی کے بیورو آف کوآپریشن کی ڈائریکٹر پیچایا پونگ سے بیلٹ اینڈ روڈ شراکت دار ممالک کے درمیان تعاون پر بات چیت کی۔ بیجنگ میں پی ایم وائی پی چائنہ سیکرٹریٹ اور ٹیگ انٹرنیشنل ایجوکیشن گروپ کے بیجنگ ہیڈکوارٹر کو حکومت، اداروں اور صنعت کے درمیان عمل درآمد کو مربوط کریں گے۔ چیئرمین نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کی ترجیحات میں نوجوانوں کو بااختیار بنانا سرفہرست ہے اور ہر ہنرمند، بااختیار اور ڈیجیٹل پاکستان کے وژن کو آگے بڑھا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 40

ی نے پیر کے روز بدین کی تحصیل ٹنڈو باگو کے قصبے ڈیمی کے قریب واقع پیرزادہ زرعی فارم پہنچنا تھا۔ ان کے متوقع دورے کے پیش نظر انتظامیہ کی جانب سے تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی تھیں، جبکہ علاقے میں پولیس کی بھاری نفری تعینات کر کے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ صدر مملکت کی آمد کے لیے ایک ہیلی پیڈ بھی تیار کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق صدر آصف علی زرداری دو روز قبل ٹھٹھہ اور سجاول کے نجی دورے کے بعد ٹنڈو الہیار کے قریب واقع اپنے زرعی فارم بختیار ہاؤس میں قیام پذیر تھے، جہاں سے انہیں کیپری موری اور بدو قمرانی کے راستے بدین کے علاقے ڈیمی پہنچنا تھا۔ اس سلسلے میں اہم حکومتی شخصیات اور صوبائی وزرا سمیت دیگر حکام بھی بدین کے علاقے کیپری موری پہنچ کر صدر مملکت کی آمد کے منتظر رہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سابق وفاقی وزیر قانون عبدالحفیظ پیرزادہ کا زرعی فارم، جو اس وقت زرداری خاندان کی ملکیت بتایا جاتا ہے، صدر مملکت کے دورے کا متوقع مقام تھا۔ انتظامیہ کو شروع روز صدر مملکت آصف علی زرداری کی آمد اور ٹنڈو الہیار سے روانگی کے حوالے سے پیغامات موصول ہوئے، جس کے بعد ضلعی انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا تھا۔ بختیار ہاؤس ٹنڈو الہیار سے بھی صدر مملکت کی روانگی کے لیے پروٹوکول اور سیکیورٹی انتظامات مکمل رکھے گئے تھے۔ صدر مملکت کے ممکنہ دورے کی اطلاع پر محکمہ ہائی ویز نے بھی غیر معمولی پھرتی دکھاتے ہوئے ڈیمی کے قریب پیرزادہ زرعی فارم تک جانے والی برسوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار لنک روڈ کی راتوں رات ہنگامی بنیادوں پر مرمت اور کارپٹنگ مکمل کر لی تھی۔ تاہم نامعلوم وجوہات کی بنا پر صدر مملکت کا دورہ بدین آخری وقت میں ملتوی کر دیا گیا، جس کی باعث ذرائع کی جانب سے آج صدر آصف علی زرداری کی ڈیمی آمد دوبارہ متوقع قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 41

بھی شریک ہوئے اجلاس میں ابوظہبی زیرو پوائنٹ حادثے کی وجوہات اور آئندہ اس طرز کے واقعات کی روک تھام کے حوالے سے میکانزم بنانے کا فیصلہ کیا گیا، ریسکیو 1122 اور نیشنل ہائی وے اور موٹروے پولیس حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ زیرو پوائنٹ

حادثے کے فوری ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا، اجلاس میں بتایا گیا کہ بلوچستان میں 39 ریسکیو مراکز ہیں، جن میں پانچ ریسکیو مراکز ضلع لسبیلہ اور حب میں ہیں رواں ماہ اکتوبر تک 204 مسافروں کو ٹریفک حادثات میں ریسکیو فرسٹ ایڈ دیکر موقع پر انکی جانیں بچائی گئیں اجلاس کے شرکاء نے آرسی ڈی ہائی وے پر پی ٹی کنسٹرکٹرز کی جانب سے مشینری ہائی وے پر غلط پارکنگ ڈرائیوروں کی اوور ٹیکنگ حادثات کی بنیادی وجوہات قرار دی گئی اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا کہ این ایچ اے موٹروے اور ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی جوائنٹ میٹنگ جلد کال کی جائیگی، اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے انٹری مقامات پر مسافروں کی اوور لوڈنگ کی روک تھام کی جائیگی، اس سلسلے میں فوری طور پر ٹرانسپورٹ کیساتھ میٹنگ منعقد کی جائیگی اور انہیں پابند کیا جائیگا کہ وہ اپنی گاڑیوں سے ہیوی سرچ لائٹس فوری طور پر ہٹا دیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ شہریوں کے لئے محفوظ سفری بنانے اور انکے جان کی سلامتی انتظامیہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے اگر کوئی ٹرانسپورٹر آر ٹی اے ایکٹ کی خلاف ورزی کریگی تو اسکے خلاف کارروائی کی جائیگی کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے آرسی ڈی ہائی وے پر موٹر سائیکلوں کے ذریعے پٹرول کی ترسیل کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن کے احکامات جاری کیں۔

بقیہ نمبر 42

م شامل ہیں۔ مقدمے کے متن کے مطابق ملزمان نے مبینہ طور پر باہمی مشاورت سے فرزانہ مری کو فائرنگ کر کے قتل کیا، مقتولہ کے والد اور شوہر نے اس کے بازو پکڑے جبکہ بھائی نے پستول سے گولی چلائی۔ پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ روز تھانہ کھائی کی حدود میں پیش آیا تھا، ڈی آئی جی فیصل عبداللہ چاچڑ کے حکم پر مقدمہ درج کیا گیا، مقتولہ کی والدہ نے پریس کانفرنس کے دوران پولیس پر جانبداری کا الزام بھی عائد کیا تھا، مقدمہ درج ہونے کے باوجود تاحال کوئی نامزد ملزم گرفتار نہیں ہو سکا، پولیس کے مطابق کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 43

آیا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ موٹر سائیکل دینے سے انکار پر دادا اور پوتے کے درمیان تلخ کلامی ہوئی تھی۔ پولیس کے مطابق واردات کے بعد ملزم جائے وقوع سے فرار ہو گیا۔ ملزم اور اس کے 2 ساتھیوں کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کرایا گیا ہے

بقیہ نمبر 44

تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے اپنا کردار بڑھا رہی ہیں گی۔ ذرائع کے مطابق فریال تالپور 10 یا 11 نومبر کو لاہور کا دورہ کر سکتی ہیں جس کے لیے ملاقاتوں کا باقاعدہ شیڈول بھی تیار کیا جا رہا ہے۔ دورے کے دوران وہ ضلعی سطح پر پارٹی تنظیموں کے عہدیداروں سے ملاقاتیں کریں گی۔ ذرائع کے مطابق فریال تالپور کا پنجاب میں قیام تقریباً 10 روز پر محیط ہوگا اس دوران وہ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں اور پارٹی کارکنوں سے بھی ملاقاتیں کریں گی۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ فریال تالپور کے پنجاب کے دورے اب ماہانہ بنیادوں پر ہوا کریں گے اور وہ پارٹی کو فعال بنانے اور تنظیمی سرگرمیوں کو مضبوط کرنے کے لیے صوبے کے مختلف شہروں کا دورہ کریں گی۔ ذرائع کے مطابق ان دوروں اور ملاقاتوں کا مقصد ضلعی عہدیداروں سے براہ راست رابطہ قائم کرنے کے ساتھ بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے عملی رہنمائی فراہم کرنا بھی ہے

بقیہ نمبر 45

ن کے ذریعے ویڈیو بنانے کے عمل کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ کسی بھی سیاسی یا مذہبی رہنما کی ذاتی رہائش گاہ کی اجازت کے بغیر نگرانی اور ویڈیو ریکارڈنگ کرنا چادر اور چار دیواری کے تقدس، انسانی وقار اور شہری کی نجی زندگی میں مداخلت ہے انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 14 کے تحت ہر شہری کی عزت، وقار اور گھر کی رازداری کا تحفظ بنیادی حق ہے اس طرح کی فوٹیج بنانے پر متعلقہ حکام کو فوری نوٹس لینا چاہیے، شفاف تحقیقات کروا کر ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوٹیج لینے والے اپنے اس عمل کی فوری وضاحت دے اور مولانا فضل الرحمن سے غیر مشروط معافی مانگے۔ ڈرون فوٹیج بنانے اور اس کی تشہیر میں ملوث تمام افراد کے کردار کی تحقیقات کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماضی میں جب مریم نواز کی نجی زندگی اور رہائش گاہ کی رازداری متاثر ہوئی تھی تو مولانا فضل الرحمن نے سب سے پہلے ان کے حق میں آواز بلند کی تھی۔ آج حکمرانوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ اسی اصول کے تحت مولانا صاحب کی نجی زندگی اور گھر کے تقدس کا تحفظ کریں۔ قانون کا اطلاق تمام شہریوں پر یکساں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صحافت کی آزادی اپنی جگہ، لیکن اس کے نام پر کسی کی نجی زندگی اور گھر کی رازداری کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ صحافتی آزادی کے ساتھ صحافتی ذمہ داریوں اور اخلاقی اقدار کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے آخر میں انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنی قیادت کے ہر آئندہ حکم کے لیے تیار ہیں۔ اگر متعلقہ حکام کی جانب سے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی نہ کی گئی تو جماعت اپنی قیادت کی مشاورت سے آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔ جمعیت علماء اسلام ضلع جیکب آباد کے کارکنان کفن باندھ کر میدان میں نکلیں گے۔ اس موقع پر ضلعی نوجھ ونگ کے جنرل سیکریٹری محمد الیاس بروہی، سٹی امیر نعیم اللہ بروہی، سٹی جنرل سیکریٹری حاجی جان محمد جمالی اور اسد اللہ جمالی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 46

کمیٹی کے سامنے پیش ہو کر اپنے کوائف اور دستاویزات جمع کرائیں۔ کمیٹی نے امیدواران کی تعلیمی اسناد، پیشہ ورانہ دستاویزات، تجربہ سرٹیفکیٹس اور دیگر ریکارڈ کا تفصیلی اور باریک بینی سے جائزہ لیا جبکہ جن امیدواروں کی دستاویزات پر اعتراضات یا ابہامات سامنے آئے، ان کا بھی ضابطے اور قواعد کے مطابق تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ نے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم میں بھرتیوں کے عمل کو وزیراعلیٰ بلوچستان کی وژن کے مطابق مکمل شفاف، غیر جانبدار اور میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ اہل، باصلاحیت اور موزوں امیدواروں کو تعلیمی شعبے میں خدمات انجام دینے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعلیمی نظام کی بہتری، معیار تعلیم میں اضافہ اور سرکاری اداروں پر عوامی اعتماد کی بحالی کے لیے ضروری ہے کہ بھرتیوں کے تمام مراحل صاف، منصفانہ اور قانون کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے دوٹوک انداز میں کہا کہ بھرتیوں کے عمل میں کسی قسم کی سفارش، سیاسی دباؤ، اقربا پروری یا غیر ضروری مداخلت کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی اور تمام فیصلے صرف میرٹ، اہلیت اور سرکاری پالیسی کے مطابق کیے جائیں گے۔ اجلاس میں ڈی آر سی کے اراکین ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل کو بلو حفیظ اللہ مری، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن فیمیل کوہلو اور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کے نمائندہ عطاء اللہ مری نے شرکت کی۔ عوامی و سماجی حلقوں نے محکمہ تعلیم میں خالی آسامیوں پر تعیناتی کے عمل میں شفافیت، میرٹ اور قواعد و ضوابط کی پاسداری کو سراہا ہے۔۔

بقیہ نمبر 47

متعلقہ امور کو قواعد و ضوابط کے مطابق نمٹانے اور مستحق درخواست گزاروں کو میرٹ کی بنیاد پر سہولت فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 48

ف کا طلب گار ہے سا سولی نے کہا کہ ضلع حب کا ڈی سی بڑا اعلیٰ ظرف پڑھا لکھا انصاف پسند شخصیت کا مالک ہے اور انتظامی امور کا سربراہ ہے ان تمام مذکورہ بالا افسران کو اس معاملے پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اور علاقے کے معززین سیاسی رہنما، وکار کن، علمائے دین، سعادات ان سب سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس معاملے پر خیر خواہی کا کردار ادا کریں تاکہ اس آگ کو بجھایا جائے اور مزید خون خرابے کو روکا جائے اس حوالے سے جس سے جتنا ہو سکے خیر سگالی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مقتولین کے ورثاء کو صبر جمیل عطا فرمائے

بقیہ نمبر 49

ائٹ آف وے کی اراضی پر تجاوزات کے زمرے میں آتی ہے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے کہا کہ 2019 اور مئی 2026 کے نوٹسز کے باوجود مفتی محمود مرکز کی تجاوزات برقرار ہیں، تجاوزات کے خاتمے اور سرکاری اراضی کی واگزاری کے لیے قانون کا نفاذ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 50

رڈ پیش کیا گیا۔ عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی کی 5، 5 ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی۔ دوران سماعت وکیل ریاست علی نے جج کو بتایا کہ سرآج ریکارڈ آ گیا ہے۔ جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کہا کہ اب بھی ریکارڈ نہ آتا تو میں ان کو تو بتاتا، آپ لوگوں نے کچھ کہنا ہے؟ چلیں رہنے دیں، ضمانت منظور کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف کار سرکار میں مداخلت کا مقدمہ تھانہ کوہسار میں درج ہے۔

بقیہ نمبر 51

۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ آپ عدالتوں کی عزت اور وقار کو سنجیدہ نہیں لیتے، یہاں یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم کسی کی پی ٹی ایم بنے بیٹھے ہیں، جب کیس چیف جسٹس کی عدالت میں سماعت کے لیے مقرر ہو تو سینئر کورٹ ہے، کیس کال ہونے اور سماعت شروع ہونے پر عدالت میں موجود رہنا چاہیے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ مجھے کسی سے کوئی بغض نہیں، جس دن یہ آرڈر پاس ہو رہا تھا، انہوں نے کہا کہ میری طبیعت ٹھیک نہیں، لیکن یہاں طبیعت خراب ہونے کا کہہ کر

دوسری عدالت میں پیش ہو گئے۔ ہم نے انہیں اس روز ذاتی حیثیت میں عدالت طلب کیا تھا۔ آپ نے 60 سال سروس کی، آپ کو یہ نہیں پتا کہ کون سی عدالت بڑی ہوتی ہے؟ آپ کو چاہیے تھا کہ پہلے یہاں آ کر وقت دینے کی استدعا کرتے لیکن آپ نے یہ زحمت نہیں کی اور دوسری عدالت میں جانے کو ترجیح دی۔ اس موقع پر زمان وٹو کے وکیل کاشف علی ملک نے کہا کہ ہم غیر مشروط معافی مانگتے ہیں۔ تاہم چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ معافی تو بعد میں دیکھی جائے گی۔ سی ڈی اے کے وکیل نذیر جواد نے عدالت سے استدعا کی کہ کچھ وقت دے دیا جائے، اگلی سماعت پر تیاری کے ساتھ پیش ہوں گے۔ اس دوران ممبر اسٹیٹ سی ڈی اے زمان وٹو نے بھی عدالت سے معافی مانگتے ہوئے کہا کہ ہم عدالت کی عزت کرتے ہیں اور عدالت کی توہین کا سوچ بھی نہیں سکتا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ معذرت کی بات ہی نہیں، یہ تو سیدھی سیدھی توہین عدالت ہے۔ پراسیکیوٹر عدنان علی نے عدالت کو بتایا کہ انہوں نے جواب میں معافی نہیں مانگی۔ ایسے کیس میں توہین عدالت کی کارروائی شروع ہوتی ہے اور پہلے فرد جرم عائد کی جاتی ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ انہیں وقت دے دیتے ہیں، 12 نومبر کو آئندہ سماعت پر فرد جرم عائد ہوگی

بقیہ نمبر 52

لاکھڑا ایک پسماندہ علاقہ ہے تاہم جو قرب و جوار کے علاقے ہیں جہاں بڑی آبادیوں کے حامل گوٹھ واقع ہیں وہاں کی خوشی کے ایام میں کینٹی بالٹرنہ ہونے سے مشکلات کا سامنا ہے وہیں پینے کے صاف پانی پختہ سڑکیں اور صحت جیسے اہم ضروریات زندگی کی عدم دستیابی کی وجہ سے سخت پریشانیوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی سطح پر ہمارے مسائل کو ترجیح نہیں دی جا رہی ہم ان سے بھی اپیل کرتے ہیں آ ئیں علاقے کا دورہ کریں لوگوں کے حال معلوم کریں ہم کس قدر مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نواب لسبیلہ جام کمال خان عالیانی اور حلقہ سے منتخب ایم پی اے و صوبائی وزیر میر زرین خان مگسی سے اپیل کرتے ہیں ہمارے بنیادی مسائل کو حل کرنے کے لئے فوری اقدامات کیے جائیں

بقیہ نمبر 53

پرواپس ٹولوز لینڈ کیا۔ برانڈ نیو طیارے کی آزمائشی پرواز کا کل دورانیہ 2 گھنٹے اور 2 منٹ رہا، پرواز کے دوران طیارے نے زیادہ سے زیادہ 39 ہزار فٹ کی بلندی حاصل کی۔ پاکستان پہنچنے اور ایئرلائن کے بیڑے میں شامل ہونے کے بعد اس طیارے کو پاکستانی رجسٹریشن BQA-AP دی جائے گی۔ طیارہ مسلک کمپنی کے آرڈر کے تحت فلائی جناح کے بیڑے میں شامل کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق نئے طیارے کی آمد سے ایئرلائن کے ملکی اور بین الاقوامی فضائی آپریشنز میں مزید بہتری آئے گی۔

بقیہ نمبر 54

اور ملکی سلامتی کے لیے جدوجہد کی ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور پاکستانی عوام امن و استحکام کے خواہاں ہیں، تاہم ملک میں بدامنی پھیلانے اور ترقی کے عمل کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ناگزیر ہے۔ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے تمام سیاسی قوتوں، عوام اور اداروں کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے قومی اتحاد اور یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ عوام سے کیے گئے وعدے ہر صورت میں پورے کیے جائیں گے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ہنگامی بنیادوں پر کیے جا رہے ہیں کسانوں اور زمینداروں کو زرعی پانی کی فراہمی کے لیے نہری نظام کی بحالی اور فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

بقیہ نمبر 55

سے بینک کے جنریٹر سے دھواں اندر آ رہا ہے، جس کی وجہ سے بینک کے اندر جنریٹر کے دھوئیں کی بو بھی محسوس کی جا رہی ہے جبکہ ایس ایچ او کے مطابق جب وہ خود بھی بینک کے اندر گئے تو انہیں بھی بو محسوس ہوئی اور شبہ ہے کہ بے ہوشی کا واقعہ جنریٹر کے دھوئیں کے باعث پیش آیا ہے تاہم پولیس واقعے کی مزید تفتیش کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 56

ایات پر پی ایم اے وانا متحرک رہا اور شہر کی گلیوں، بازاروں و مختلف مقامات سے کچرا اٹھانے کے ساتھ ساتھ مکمل صفائی کے عمل کو موثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ انتظامیہ نے شہر کی خوبصورتی اور صفائی برقرار رکھنے کے لیے شہریوں سے بھرپور تعاون کی اپیل کی ہے، خیبر پختونخوا کی نئی صوبائی حکومت صوبے کی بہتری، تعمیر و ترقی اور عوامی خدمت کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 57

ن کو اطلاع ملی کہ دو کشتے لاوارث میں حالت پر کھڑے ہیں جس پر انہوں نے پولیس ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ پہنچے اور لاوارث حالت میں کھڑے رکشوں کو تحویل میں لیکر 550 کے تحت مقدمہ درج کر لیا اور مزید تحقیقات شروع کر دی

بقیہ نمبر 58

غیر مناسب زبان استعمال کرنا سیاسی کم ظرفی اور عدم برداشت کا مظہر ہے، حکومتی ذمہ داران کو اختلاف رائے کا جواب ذاتی حملوں سے نہیں بلکہ ٹھوس دلائل، مستند اعداد و شمار اور حکومتی کارکردگی سے دینا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چوہدری سالک حسین وفاقی وزیر اور ایک قد آور سیاسی رہنما ہیں، انہیں قومی وسائل کے استعمال، ترقیاتی منصوبوں کی تقسیم، سرکاری اخراجات اور انتظامی معاملات پر سوال اٹھانے کا مکمل آئینی اور جمہوری حق حاصل ہے، کسی حکومتی شخصیت کو یہ اختیار نہیں کہ وہ تنقیدی آواز کو طنز و تضحیک کے ذریعے دبانے کی کوشش کرے۔ محمد صادق شیخ نے کہا کہ گجرات میں 12 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا دعویٰ اپنی جگہ ہے، مگر اصل سوال یہ ہے کہ ان منصوبوں پر کتنی شفافیت سے عملدرآمد ہوا، عوام کو ان کا کتنا فائدہ پہنچا اور ترقیاتی وسائل کی تقسیم میں دیگر علاقوں کو کس حد تک ترجیح دی گئی؟ محض اربوں روپے کے اعلانات کر دینے سے حکومتی کارکردگی ثابت نہیں ہوتی، بلکہ عوام کو عملی نتائج دکھانا پڑتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری جہاز، سرکاری خزانے اور قومی وسائل کا استعمال کسی فرد یا خاندان کی ذاتی ملکیت نہیں، یہ وسائل عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہوتے ہیں اور ان کے استعمال پر سوال اٹھانا ہر شہری اور عوامی نمائندے کا حق ہے۔ اگر سرکاری وسائل کے استعمال پر سوالات اٹھائے جائیں تو ان کا جواب وضاحت اور شفافیت سے دیا جانا چاہیے، نہ کہ مخالفین کو نشانہ بنا کر ٹال دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ حکومتی کارکردگی پر متعدد سنجیدہ سوالات موجود ہیں جن کا جواب دینا حکومت کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 59

حنیف رونجھو بانی پروا، ہارون رشید کمال رونجھو، سرور رونجھو، سابق صدر حب ایڈووکیٹ اقبال جاموٹ، حاجی اللہ بخش دلاوری، فرید دلاوری، خالد موندرہ، حنی بخش مگسی، سکندر بلوچ، عبدالعزیز بلوچ، حنظلہ رونجھو، ڈاکٹر زین العابدین رونجھو، ڈاکٹر حفیظ رونجھو، صلاح الدین رونجھو، منور علی رونجھو، غلام فرید رونجھو، فدا رونجھو، رفیق آزاد، عمران شیخ، حاجی غلام قادر رونجھو، کونسلر ممتاز لہڑی، افضل رونجھو، ماما عبدالجبار رونجھو، ونگ کمانڈر BC کلیم اللہ بلوچ، ونگ کمانڈر SPU خالد محمود، علی جان رونجھو، غازی موندرہ اور امام بخش رونجھو، عطاء اللہ نازش، رزاق لاسی، شکیل شیخ شامل تھے۔

بقیہ نمبر 60

ٹروے ایم 3 فیض پور سے جڑانوالہ تک بند کر دی گئی۔ موٹر وے پولیس کے مطابق شہری دھند میں محفوظ سفر کے لیے صبح 10 سے شام 6 بجے تک کے اوقات کو ترجیح دیں

بقیہ نمبر 61

کے علاقے پیر وشیر باغ میں عشا کی نماز کے دوران ایک مسجد پر سنگ باری کے واقعے کی شدید مذمت کی ہے

بقیہ نمبر 62

برادری پر زور دیا ہے

بقیہ نمبر 63

ملک امیر کابل نے 6 نومبر یوم شہدائے جموں و کشمیر کی مناسبت سے اپنے جاری کردہ خصوصی پیغام میں کہا ہے

بقیہ نمبر 64

معلومات کے مطابق بچے کی آنکھ 80 فیصد متاثر ہوئی۔ بچے کے والد کے مطابق عفان مدرسے سے واپس گھر پہنچا تو وہ خوفزدہ تھا اور اس کی آنکھ شدید زخمی تھی۔ ملزم قاری عبدالواحد نے بچے کو واقعے کے بارے میں کسی کو نہ بتانے کی دھمکی بھی دی تھی۔ پولیس ترجمان کے مطابق بچے کے والد کی درخواست پر ملزم کے خلاف دفعہ 328 اے کے تحت فوری مقدمہ درج کیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس حرکت میں آئی اور چند گھنٹوں میں ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ بچوں پر تشدد کے واقعات ہرگز برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت خواتین اور بچوں پر اٹھنے والا ہر ہاتھ روکیں گے۔

بقیہ نمبر 65

رہ اقوام متحدہ اور اہم سفارتی امور کا جائزہ لیا گیا۔ قائمہ کمیٹی کو پاک-افغان تعلقات کی صورت حال اور حالیہ پیش رفت پر ان کیمرا بریفنگ دی گئی ہے اور پاک-افغان تعلقات سے متعلق اہم معاملات اور حالیہ پیش رفت پر کمیٹی کو اعتماد میں لیا گیا۔ سینیٹ کی کمیٹی نے وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ اقوام متحدہ اور اہم سفارتی ملاقاتوں کا جائزہ لیا اور بریفنگ میں بتایا گیا

دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کو اپنے دفاع کا حق حاصل ہے

نائب صدر یورپی کمیشن

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے یورپی یونین کی نمائندہ کاجا کالاس کی ملاقات، علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

وزیراعظم نے جنوبی ایشیا کی علاقائی صورتحال اور افغانستان سے متعلق پاکستان کا مؤقف بھی یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کے ساتھ شیئر کیا

اسلام آباد (این این آئی) یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ اور یورپی کمیشن کی نائب صدر کاجا کالاس نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر قانون، انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ، اٹارنی جنرل پاکستان منصور عثمان اعوان، وزیراعظم کے معاونِ خصوصی طارق فاطمی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ کثیر جہتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔ وزیرا (بقیہ 35 صفحہ 7پر)



حب۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء آرسی ڈی ہائی وے پر ٹریفک حادثات کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد

آرسی ڈی شاہراہ پر شرح حادثات کی ڈیٹا کلیکشن کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ

شہریوں کے لئے محفوظ سفر یقینی بنانے اور انکے جان کی سلامتی انتظامیہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے، کمشنر لسبیلہ

حب (نمائندہ بولان) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد آرسی ڈی شاہراہ پر شرح حادثات کی ڈیٹا کلیکشن کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت لیڈا کانفرنس ہال میں منعقد ہوئی اجلاس میں ڈی سی لسبیلہ حمیرا بلوچ ایس پی لسبیلہ نجیب پندرانی ایس پی حب مرزا بلال حسن اے ایس پی عدنان بشیر ایس پی نیشنل ہائیوے موٹروے پولیس ضلع حب لسبیلہ کے ضلعی ناظم صحت اور ریسکیو 1122 کے مانیٹرنگ افیسر دھنیش کمار لیاری اور وندر کے ریسکیو انچارج وسیم اور فاروق (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

میر پور خاص، شک کی بنیاد پر قتل ہونے والی فرزانہ مری کے قتل کا مقدمہ درج

مقدمے میں مقتولہ کے شوہر ثناء اللہ، والد بھورو خان اور بھائی حاجی خان کے نام شامل

میر پور خاص (این این آئی) شک کی بنیاد پر قتل ہونے والی فرزانہ مری کے قتل کا مقدمہ کھائی تھانے میں درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں مقتولہ کے والد، شوہر اور بھائی سمیت 5 افراد کو نامزد کیا گیا ہے، ایف آئی آر میں شوہر ثناء اللہ، والد بھورو خان اور بھائی حاجی خان کے نا (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

بدلتا، نکھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا، ضلع مہمند میں سستے سرکاری آٹے کی فراہمی

پشاور (این این آئی) ضلع مہمند میں خیبر پختونخوا حکومت کی خصوصی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں سستے سرکاری آٹے کی فراہمی منگل کو جاری رہی۔ بدلتا، نکھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت ضلعی فوڈ کنٹرولر مہمند کی نگرانی میں فیلڈ اسٹاف آٹے کی شفاف اور باآسانی تقسیم یقینی بنا رہا ہے

سرگودھا، موٹر سائیکل دینے سے انکار پر پوتے کے ہاتھوں دادا قتل

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں پوتے نے ساتھیوں کے ساتھ مل کر دادا کو قتل جبکہ دادی کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق قتل کا واقعہ سرگودھا کے قصبے اجنالہ میں پیش (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

محکمہ تعلیم میں بھرتیوں کے عمل کو میرٹ پر یقینی بنایا جا رہا ہے ڈی سی کوہلو

ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی زیر صدارت محکمہ تعلیم میں کنٹریکٹ بنیادوں پر خالی آسامیوں پر تعیناتی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی (ڈی آر سی) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا،

یونین کونسل صدر اور اوریانی سے تعلق رکھنے والے متعدد امیدواران نے شرکت کی اور کمیٹی کے سامنے پیش ہو کر اپنے کوائف اور دستاویزات جمع کرائیں

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی زیر صدارت محکمہ تعلیم میں کنٹریکٹ بنیادوں پر خالی آسامیوں پر تعیناتی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی (ڈی آر سی) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں یونین کونسل صدر اور اوریانی سے تعلق رکھنے والے متعدد امیدواران نے شرکت کی اور (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی کا پنجاب میں تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کا فیصلہ، فریال تالپور کو اہم ذمہ داری سونپ دی گئی

فریال تالپور ماہانہ بنیادوں پر پنجاب آئیں گی، پارٹی کو فعال بنانے کے لیے مختلف شہروں کا دورے کریں گی

10 یا 11 نومبر کو لاہور کا دورہ کر سکتی ہیں، ضلعی سطح پر پارٹی تنظیموں کے عہدیداروں سے ملاقاتیں کریں گی، ذرائع

لاہور (این این آئی) مقامی حکومتوں کے انتخابات قریب آتے ہی پاکستان پیپلز پارٹی نے پنجاب میں اپنی تنظیمی سرگرمیاں تیز کرتے ہوئے پارٹی کے ویمن ونگ کی سربراہ اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی ہمشیرہ فریال تالپور کو پنجاب میں پارٹی کے تنظیمی امور کی نگرانی کی اہم ذمے داری سونپ دی ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق فریال تالپور اس ذمے داری کے تحت صوبے میں پارٹی کو متحرک کرنے اور (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

کراچی، گاڑی میں سوار افراد کی فیملی سے بدتمیزی، وحشیانہ تشدد

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی میں ڈبل کیبن گاڑی میں سوار افراد نے فیملی سے بدتمیزی اور تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ گا

بھارت میں انتخابی فہرستوں پر تنازع شدت اختیار کر گیا، نئی دہلی میں بڑا احتجاج

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں انتخابی فہرستوں سے 13 کروڑ سے زائد ووٹ خارج ہونے پر مودی حکومت اور الیکشن کمیشن شدید تنقید کی زد میں ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق معروف عالمی جریدہ گلف نیوز اور الجزیرہ ٹی وی کی رپورٹس میں کیا گیا ہے

حکمران مولانا صاحب کی نجی زندگی اور گھر کے تقدس کا تحفظ کریں، مولانا سلیم خان بروہی

مولانا فضل الرحمان کی ذاتی رہائش گاہ کی ڈرون کے ذریعے ویڈیو بنانے کے عمل کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

گڑھی خیرو (رپورٹ: محمد یحییٰ بروہی) جمعیت علماءِ اسلام ضلع جیکب آباد کے سیکریٹری جنرل مولانا سلیم اللہ خان بروہی اور تحصیل گڑھی خیرو کے جنرل سیکریٹری اسداللہ حیدری نے کہا ہے کہ جمعیت علماءِ اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی اسلام آباد میں واقع ذاتی رہائش گاہ کی ڈرو (بقیہ 45 صفحہ 7پر)



لورالائی: ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن محمد حسیب شجاع انسداد پولیو مہم ریویو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مقامی سطح پر ہمارے مسائل کو ترجیح نہیں دی جاتی۔ پیر امیر شاہ

ہم عرصہ دراز سے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) ہم عرصہ دراز سے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں مقامی سطح پر ہمارے مسائل کو ترجیح نہیں دی جاتی۔ پیر امیر شاہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی ہماری دادرسی کریں علاقے میں پینے کے پانی روڈ صحت اور روزگار جیسے سنگین بنیادی مسائل کا سامنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار لاکھڑا کے معروف سماجی و روحانی بزرگ شخصیت پیر امیر شاہ نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے لوگوں کی امیدیں نواب لسبیلہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے بندھی ہوئی ہیں بنیادی سہولیات کے فقدان سے لوگوں کو اس وقت شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

مقبوضہ کشمیر کے ضلع کشتواڑ میں 3.1 شدت کا زلزلہ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع کشتواڑ میں پیر کی دیر رات 3.1 شدت کا زلزلہ آیا۔

اسلام آباد، ایم ایم کیو کی طرف سے مسجد پر سنگ باری کی مذمت، تحقیقات اور شرپسندوں کو سزا دینے کا مطالبہ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں متحدہ مجلس علما جموں و کشمیر نے اسلام آباد (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

فلائی جناح کے نئے ایئربس اے 320 طیارے کی فرانس میں پہلی کامیاب آزمائشی پرواز

طیارے نے پہلی اڑان وقتی طور پر فرانسیسی رجسٹریشن کے ساتھ کی، فضائی آپریشنز میں مزید بہتری آئے گی

کراچی (این این آئی) فلائی جناح کے نئے ایئر بس 320 ساختہ طیارے نے فرانس کے شہر ٹولوز میں پہلی کامیاب آزمائشی پرواز مکمل کر لی۔ طیارے نے پہلی اڑان وقتی طور پر فرانسیسی رجسٹریشن کے ساتھ کی، طیارے نے دوپہر 12 بجکر 08 منٹ پر پرواز بھری اور دوپہر دو بجکر دس منٹ (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7پر)

بلوچستان کے حالات خراب کرنے میں افغانستان اور بھارت ملوث ہیں

فیصل جمالی

ہماری شرافت کو ہرگز کمزوری نہ سمجھا جائے، دہشت گردوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی گئی ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام اور عسکری قیادت ایک پیج پر ہیں

بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے تمام سیاسی قوتوں، عوام اور اداروں کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات خراب کرنے میں بھارت اور افغانستان ملوث ہیں، ہماری شرافت کو ہرگز کمزوری نہ سمجھا جائے، دہشت گردوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی گئی ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام اور عسکری قیادت ایک پیج پر ہیں۔ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے بولان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ملک میں امن و امان کے قیام، جمہوریت کے استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ پارٹی قیادت نے ہمیشہ جمہوریت، آئین (بقیہ 54 صفحہ 7پر)



لورالائی، ڈپٹی کمشنر محمد حسیب شجاع اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہباز شریف کی ذہانت کا دنیا کے معروف سائنسدان نیوٹن سے موازنہ، بیان سوشل میڈیا پر وائرل

شہباز شریف کا بس چلے تو کابینہ کے 55 وزیروں میں سے 52 یا 53 فارغ ہوں گے اور 2 یا 3 ہی بچیں گے، حذیفہ رحمان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے وزیراعظم کی ذہانت کا موازنہ معروف سائنسدان آئزک نیوٹن سے کیا ہے۔ نجی ٹی (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

خلیجی خطے میں کشیدگی کے باوجود پاکستان کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ

ستمبر 2026 میں پاکستان نے 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول عالمی منڈیوں میں برآمد کیے، ویتنام کی برآمدات 3 لاکھ 37 ہزار ٹن رہیں

اسلام آباد (این این آئی) خلیجی خطے میں کشیدگی اور عالمی بحری راستوں میں رکاوٹوں کے باوجود پاکستان کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، ستمبر 2026 میں پاکستان نے چاول کی برآمدات کے معاملے میں ویتنام کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

سردار عتیق احمد خان کی راجہ محمد فاروق حیدر خان سے اہم اور تفصیلی ملاقات

آزاد کشمیر کی سیاسی صورتحال، پونچھ میں امن وامان کی بحالی اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

سردار عتیق احمد خان کی چیف جسٹس سے انکے بھائی اور بھابھی کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی

مظفر آباد (این این آئی) صدر مسلم کانفرنس و سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان کی مظفر آباد میں سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان سے ملاقات، ملاقات میں آزاد کشمیر کی سیاسی صورتحال، پونچھ میں امن وامان کی بحالی اور دیگر امور پر تبادلہ خیال۔ سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی سیاست ہمیشہ رواداری، برداشت اور شائستگی کی روایات کی امین رہی ہے۔ تمام تر سیا (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

رانا مشہود کا چین کا کارکردگی دورہ مکمل، 11 معاہدوں پر دستخط

ہر داخل ہونے والا طالب علم اور ہر تربیت یافتہ استاد مضبوط اور ہنر مند پاکستان کی جانب ایک قدم ہے

ایجوکیشن گروپ کا بیجنگ ہیڈ کوارٹر حکومت، اداروں اور صنعت کے درمیان عمل درآمد کو مربوط کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے دورہ چین کے دوران پاکستان اور چین کے درمیان تعاون کے 11 معاہدوں پر دستخط کیے اور ان کی تقریبات میں شرکت کی جبکہ 14 نمایاں سکلز اور تعلیمی منصوبوں کی رونمائی کی تقریبات میں شریک ہوئے۔ منگل کو جاری بیان کے مطابق 27ویں چائنہ اینول کانفرنس اینڈ ایکسپو فار انٹرنیشنل ایجوکیشن (سی اے سی آئی ای 2026) میں تمام شراکت دار ممالک میں سب سے زیادہ معاہدے پاکستان کے ہوئے جس سے پاکستانی نوجوانوں کے لیے بین الاقوامی اسناد اور روزگار کے مواقع کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ وہاں 11 (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

بدین: صدر مملکت آصف علی زرداری کا بدین کے علاقہ ڈیئی کا متوقع دورہ ملتوی

تیاریاں اور سیکیورٹی انتظامات مکمل ہونے کے باوجود آمد نہ ہو سکی، آج دورہ متوقع

بدین: (نامہ نگار) صدر مملکت آصف علی زرداری کا ضلع بدین کی تحصیل ٹنڈو باگو کے قصبے ڈیئی کے قریب واقع پیرزادہ زرعی فارم کا متوقع دورہ آخری وقت میں ملتوی کر دیا گیا، جس کے باعث دورے کے سلسلے میں مکمل کی گئی تیاریاں اور سخت سیکیورٹی انتظامات عارضی طور پر غیر موثر ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت کی آج دوبارہ ڈیئی آمد متوقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق صدر مملکت آصف علی زردار (بقیہ 40 صفحہ 7پر)



پارلیمانی سیکرٹری انجینئر مجید بادینی صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید سے ان کے دفتر میں ملاقات کر رہے ہیں

سیف علی مغل کی زیرصدارت لوکل اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے اجراء کے حوالے سے قائم کمیٹی کا اجلاس

لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے حصول کے لیے موصول ہونے والی درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

حب (نمائندہ بولان) اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن دریجی سیف علی مغل کی زیر صدارت لوکل اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے اجراء کے حوالے سے قائم کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس حب میں منعقد ہوا، اجلاس میں کمیٹی کے متعلقہ اراکین نے شرکت کی، اس موقع پر لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے حصول کے لیے موصول ہونے والی درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور درخواست گزاروں کے کوائف و دستاویزات کی جانچ پڑتال کے حوالے سے امور زیرِ غور آئے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سیف علی مغل نے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7پر)

بندیجہ برادری کے افراد کا قتل انصاف کا طلب گار ہے، رؤف خان ساسولی

لنگ لوہار کے قریب جو دو افراد قتل ہوئے ہیں ان پر دل رنجیدہ اور غمزدہ ہے

حب (نمائندہ بولان) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی سیکرٹری جنرل و بلوچ بزرگ سیاسی رہنماء رؤف خان ساسولی نے کہا ہے کہ لنگ لوہار کے قریب جو دو افراد قتل ہوئے ہیں ان پر دل رنجیدہ اور غمزدہ ہے انہوں نے کہا کہ ایک تنظیم انصاف پسند باپ کا فرزند لسبیلہ ڈویژن کا ڈی آئی جی ہے جن کی بزرگوں نے برصغیر پر حکمرانی کی ہے انکا ایک فرزند یہاں کا ڈی پی او ہے انھوں نے کہا کہ یہاں پر اور بھی کافی سارے فرض شناس پولیس والے فرائض انجام دے رہے ہیں لیکن بندیجہ برادری کے افراد کا قتل انصا (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

یہ نہ سمجھا جائے ہم کسی کی بی ٹیم ہیں، چیف جسٹس اسلام آباد

عدالت میں غلط بیانی پر ممبر اسٹیٹ سی ڈی اے زمان وٹو کی غیر مشروط معافی کی استدعا مسترد کر دی گئی

کہا میری طبیعت ٹھیک نہیں، یہاں طبیعت خراب کا کہہ کر دوسری عدالت میں پیش ہو گئے، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیے ہیں یہاں یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم کسی کی بی ٹیم بنے بیٹھے ہیں، عدالت میں غلط بیانی پر ممبر اسٹیٹ سی ڈی اے زمان وٹو کی غیر مشروط معافی کی استدعا مسترد کرتے ہوئے 12 نومبر کو توہین عدالت کی فرد جرم عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عدالت نے پراسیکیوٹر کو کیس کی تیاری کے ساتھ آئندہ سماعت پر پیش ہونے کی ہدایت کی ہے، چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیے کہ آپ کا رویہ عدالتی حکم کو بلڈوز کر رہا ہے۔ یہاں یہ سمجھا جاتا ہے کہ باقی لوگوں کو گھنٹوں بٹھایا جائے اور سوٹ ٹائی والے کو دس منٹ میں سن لیا جائے (بقیہ 51 صفحہ 7پر)



اسلام آباد۔ سابق چیئرمین سینیٹ میر صادق سنجرانی کے ہاں بیٹے کی پیدائش پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو اور سینیٹر دھنیش کمار پلیانی گلدستہ پیش کر رہے ہیں اس موقع پر وفاقی وزیر نوابزادہ خالد خان مگسی و دیگر موجود ہیں

پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء مرحوم برکت علی نادر رونجھو کی تعزیت کا سلسلہ تیسرے روز بھی جاری

سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے مرحوم کے لواحقین سے تعزیت کی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء مرحوم برکت علی نادر رونجھو کی تعزیت کا سلسلہ تیسرے روز بھی جاری رہا، سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے مرحوم کے لواحقین سے تعزیت کرنے والوں میں سردار روائیداد رونجھو، سردار اختر جان انگاریہ، سردار رسول بخش برہ، سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین ضلع حب ابراہیم دودا، حاجی انور رونجھو، اسپورٹس آفیسر لسبیلہ خدا بخش بلوچ، انسپکٹر حاجی عطاء اللہ نمانی، محمد رمضان رل بلوچ، حاجی (بقیہ 59 صفحہ 7پر)



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملتان ملک بھر اور لاہور دنیا بھر کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر

لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس پر پارٹیکولیٹ میٹرز 447 اور ملتان میں 490 ریکارڈ

ملتان، لاہور (این این آئی) ملک کے آلودہ ترین شہروں میں ملتان پہلے نمبر پر رہا، منگل کو لاہور دنیا کے بڑے آلودہ شہروں میں سرِفہرست رہا۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس پر پارٹیکولیٹ میٹرز 447 اور ملتان میں 490 ریکارڈ ہوئے۔ فیصل آباد میں پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 461، رحیم یار خان میں 457 ریکارڈ کی گئی۔ دوسری جانب دھند کے باعث مو (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

باجوڑ میں آئی ای ڈی دھماکا، ایک شخص جاں بحق

لوئر دیر (این این آئی) باجوڑ کی تحصیل برنگ اصیل ترغاو میں آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔

سرگودھا شہر کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ میں واردات میں ملوث ڈاکو مارا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ میں واردات میں ملوث ڈاکو مارا گیا جس کے ساتھی فرار ہو گئے

لاہور، مدرسے میں معلم کا بچے پر بہیمانہ تشدد، آنکھ 80 فیصد ضائع کر دی

لاہور (این این آئی) ہربنس پورہ پولیس نے مدرسے میں بچے کی آنکھ شدید زخمی کرنے کے الزام میں قاری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم قاری عبدالواحد نے بچے عفان شاہ کی آنکھ پر ڈنڈا مارا جس کے باعث ابتدائی (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

مقبوضہ کشمیر، بھارتی فوج اور پولیس کا پابندیاں مزید سخت کرنے کا فیصلہ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوج اور پولیس نے سکیورٹی اور نگرانی کے نام پر خصوصاً ریاسی اور سرینگر اضلاع میں پابندیاں مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوج کی شمالی کمان کے کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے انسپکٹر جنرل پولیس جموں تیجندر سنگھ کے ہمراہ ضلع ریاسی کا دورہ کیا اور صورتحال اور آپریشنل تیاریوں کا کا جائزہ لیا۔

سرگودھا میں 13 نومبر کو تحفظ ختم نبوت و عظمت اصحاب رسول کانفرنس منعقد ہوگی

سرگودھا (این این آئی) جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے زیراہتمام 13 نومبر کو تحفظ ختم نبوت و عظمت اصحاب رسول کانفرنس منعقد ہوگی

6 نومبر 1947 جموں وکشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن

لندن (این این آئی) سابق مشیر صدر آزاد جموں و کشمیر و صدر اوورسیز پاکستانیز ویلفیئر کونسل کشمیر فورم یو کے / یورپ، (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کا فوری نوٹس لے، حریت کانفرنس


سرینگر (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے عالمی (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

زہری اسٹریٹ میں ناقص منصوبہ بندی علاقہ مکینوں کیلئے عذاب بن گئی

زہری اسٹریٹ پر جگہ جگہ کھڈوں کے نتیجے میں طلبہ سے بھرا رکشہ الٹ گیا، خوش قسمتی سے بڑا جانی نقصان نہیں ہوا، علاقہ مکینوں کا سڑک کی خستہ حالی پر شدید غم و غصہ

زہری اسٹریٹ میں گذشتہ چند ماہ قبل سیوریج لائن کی بچھائی اور ناقص منصوبہ بندی کے تحت اکھاڑ کر چھوڑ دی گئی جس کی وجہ سے سڑک جگہ جگہ گہرے کھڈوں میں تبدیل ہو گئی

حب (نمائندہ بولان) زہری اسٹریٹ میں ناقص منصوبہ بندی علاقہ مکینوں کے لیے عذاب بن گئی، زہری اسٹریٹ پر جگہ جگہ کھڈوں کے نتیجے میں طلبہ سے بھرا رکشہ الٹ گیا، خوش قسمتی سے بڑا جانی نقصان نہیں ہوا، علاقہ مکینوں کا سڑک کی خستہ حالی پر شدید غم و غصہ، زہری اسٹریٹ سمیت دیگر (بقیہ 37 صفحہ 7پر)



حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما نصر اللہ رونجھو حب پریس کلب کے جوائنٹ سیکریٹری عاشق بلوچ سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں اس موقع پر حب پریس کلب کے صدر محمد الیاس کمبوہ، سینئر ہیڈ ماسٹر ہارون رشید رونجھو، محمد جمن رونجھو، یاسر عمر رونجھو موجود ہیں

نصر اللہ رونجھو کی عاشق بلوچ سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی

حب پریس کلب کے صدر محمد الیاس کمبوہ، سینئر ہیڈ ماسٹر ہارون رشید رونجھو لعل محمد برفت بھی موجود تھے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما نصر اللہ رونجھو کی عاشق بلوچ سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی منگل کے روز پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما نصر اللہ رونجھو نے حب پریس کلب پہنچ کر حب پریس کلب کے جوائنٹ سیکریٹری عاشق بلوچ سے ان وا (بقیہ 38 صفحہ 7پر)



چمن: ایم ایس ڈاکٹر محمد اویس انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز ایوننگ ریویو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تعلیمی میدان میں مودی کا نیا ڈیجیٹل مارکنگ نظام ناکام

مودی کی نااہلی کے باعث بھارتی طلبا کا مستقبل داؤ پر

طلبا نے اسکین شدہ جوابی کاپیاں نامکمل ہونے یا ان کے صفحات غائب ہونے کی شکایات کیں

مودی کی نااہلی کے باعث بھارتی طلبا کا مستقبل داؤ پر لگ گیا، برطانوی جریدہ

لندن (این این آئی) مودی حکومت کی تعلیمی بدانتظامی نے بھارت کے امتحانی نظام اور بدترین ادارہ جاتی کرپشن کی حقیقت آشکار کر دی۔ معروف برطانوی جریدے نے بھارتی طلبا نے نئے ڈیجیٹل مارکنگ نظام کے تحت بارہویں جماعت کے امتحانی نتائج میں بے ضابطگیوں کی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7پر)

ثمر ہارون بلور کا مفتی محمود مرکز سے متعلق اہم دستاویز سامنے آنے کا دعویٰ

تجاوزات کے خاتمے اور سرکاری اراضی کی واگزاری کے لیے قانون کا نفاذ یقینی بنایا جائے

مرکز کی بیرونی تعمیرات سرکاری رائٹ آف وے کی اراضی پر تجاوزات کے زمرے میں آتی ہے، مشیر اطلاعات کے پی کے

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور نے رنگ روڈ پشاور پر قائم مفتی محمود مرکز سے متعلق اہم دستاویز سامنے آنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایک بیان میں ثمر ہارون بلور نے کہا کہ مفتی محمود مرکز کی تعمیر کے لیے مولانا فضل الرحمان نے لیبیا سے مبینہ فراڈ پیسے لیے۔ انہوں نے کہا کہ مفتی محمود مرکز کی ملکیت مولانا فضل الرحمان کے نام پر سامنے آ رہی ہے، مرکز کی بیرونی تعمیرات سرکاری ر (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

پولیس سے جھگڑے کا کیس، ایمان مزاری وہادی علی کی ضمانت منظور

انسدادِ دہشتگردی کی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی، پولیس نے ریکارڈ پیش کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف پولیس سے جھگڑے کے کیس میں ضمانت منظور کر لی۔ انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی جس میں پولیس نے ریکا (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7پر)



لورالائی: ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر عبدالرحمن شیرانی میڈیکل کالج لورالائی کا معائنہ کر رہے ہیں

کراچی، نجی بینک سے منیجر سمیت 3 افراد بے ہوشی کی حالت میں اسپتال منتقل

پولیس جب موقع پر پہنچی تو 2 افراد بینک کے اندر، ایک شخص بینک کے باہر بے ہوشی کی حالت میں پایا گیا

کراچی (این این آئی) سولجر بازار میں نجی بینک سے 3 افراد بے ہوشی کی حالت میں ملے جن میں بینک منیجر، آپریشن منیجر اور کیشئر شامل ہیں۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر تینوں افراد کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح ہسپتال منتقل کیا جہاں ان کی شناخت 30 سالہ رضا، 42 سالہ سرمت اور 35 سالہ ندیم کے نام سے کی گئی۔ پولیس جب موقع پر پہنچی تو 2 افراد بینک کے اندر، ایک شخص بینک کے باہر بے ہوشی کی حالت میں پایا گیا۔ ایس ایچ او وقار عظیم نے بتایا کہ متاثرہ افراد میں بینک منیجر، آپریشن منیجر اور کیشئر شامل ہیں جبکہ بینک کے اندر سے کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں ملی۔ بینک کے گارڈ نے بتایا کہ کچھ روز (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

گورنر راج کے بعد جنوبی وزیرستان میں صفائی مہم تیز، ٹی ایم اے وانا متحرک

شہر کی گلیوں، بازاروں و مختلف مقامات سے کچرا اٹھانے کے ساتھ ساتھ مکمل صفائی کے عمل کو مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات

وانا (این این آئی) گورنر راج کے بعد جنوبی وزیرستان میں عملی تبدیلی کا آغاز ہو گیا، جہاں وانا کو صاف ستھرا بنانے کے لیے ٹی ایم اے نے صفائی مہم تیز کر دی ہے۔ خیبر پختونخوا کے حکومتی ذرائع کے مطابق بدلتا، نکھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت ڈپٹی کمشنر لوئر جنوبی وزیرستان کی خصوصی ہد (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

گڈانی پولیس کی کاروائی، 2 رکشے برآمد، مقدمہ درج مزید تفتیش شروع

ایس ایچ او پولیس تھانہ گڈانی مٹھا خان کو اطلاع ملی کہ دو رکشے لاوارث میں حالت پر کھڑے ہیں

حب (نمائندہ بولان) گڈانی پولیس کی کاروائی، 2 رکشے برآمد، مقدمہ درج مزید تفتیش شروع کر دی، اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ ایس ایچ او پولیس تھانہ گڈانی مٹھا خا (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

مسلم لیگ نے پاکستان بنایا وہی اسے سنوار رہی ہے عظمیٰ بخاری

ذاتی حملوں کے بجائے حکومتی کارکردگی کا حساب دیا جائے، عظمیٰ بخاری کے بیان پر پاکستان مسلم لیگ (ق) کا شدید ردعمل

حقیقت یہ ہے حکومتی کارکردگی پر متعدد سنجیدہ سوالات موجود ہیں، جواب دینا حکومت کی ذمہ داری ہے، سینئر رکن مجلس عاملہ صادق شیخ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) کی مرکزی مجلس عاملہ کے سینئر رکن محمد صادق شیخ نے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کے بیان پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوہدری سالک حسین کے جائز سیاسی موقف کا جواب دینے کے بجائے ذاتی نوعیت کے طنزیہ جملے اور (بقیہ 58 صفحہ 7پر)



سیکرٹری مواصلات بابر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں